سوانحعمری

نوّاب زیب النّسا بیگم

بنت

شہنشاہ اورنگ زیب عالمگیر غازی شہنشاہ ہندوستان نور اللہ مرقدہٗ

جسمیں شہزادی موصوف کی شاعرانہ اور عالمانہ زندگی کے تفصیلی حالات قلمبند کرنیکے علاوہ
ان واقعات کی [illegible] تردید کیگئی ہے۔ جو سرتا پا غلط ہیں۔ اور
جن کو واقعہ تسلیم کرنے سے اس عظیم الشان شہزادی کے کیرکٹر پر دھبا آتا ہے۔

از

حکیم مظفر حسین صاحب دہلوی مصنف "نالہ موزوں"

جسکو

[illegible] جنرل بک مرچنٹ کمرہ تارکشان لوہاری گیٹ لاہور

نے

[illegible]

میں

[illegible]

تحفۂ تسخیرات

تسخیر ہمزاد و ہپناٹزم :- کون شخص ہے جو تسخیر کا خواہاں نہیں پس پبلک کو ضرورت محسوس ہوتی دیکھکر ایک بزرگ کے سینہ جوہر کا اظہار اس کتاب میں کردیا گیا ہے۔ جو لاکھوں روپے خرچ کرنے پر بھی دستیاب ہونا محال تھا ہمزاد کو بس میں کرکے ہر ایک شخص اپنا مطلب حاصل کرسکتا ہے مسمریزم کی بیتیطر کتاب ہے۔ اسکے ذریعہ سے دوست کو قابو میں کرنا اور اپنے پر فریفتہ و شیفتہ کرنا۔ دور دراز مقامات سے بذریعہ کشش طلب کرنا۔ کئی ایک جگہ سے تحفہ جات منگوانا۔ غیب کی بات جانچنا۔ ہر ایک مرض کا علاج۔ دفینہ معلوم کرنا۔ وغیرہ وغیرہ۔ الغرض اسکے مطالعہ سے انسان پورا کراماتی اور ولی کامل بن سکتا ہے قیمت - (۸ر)

جوہر آدم :- مصنفہ حکیم بھولا خانصاحب۔ اسمیں حالات بابا آدم و طریق حبس دم اور سحر و طلسم۔ عملیات۔ تنتر۔ جنتر وغیرہ درج ہیں۔ کچھ حصہ کوک شاستر کا نہایت خوش اسلوبی سے دکھایا گیا ہے۔ حب و تسخیر کے خواہشمندوں کے واسطے عجیب و غریب کتاب ہے۔ اور قابل دید ہے۔ قیمت - (۸ر)

مخزن مسمریزم :- ایسا کوئی بشر نہیں نظر آتا۔ جو یوگ کے نام سے بے بہرہ ہو۔ خداشناسی و طاقت تسخیر اور کشف و کرامات یہ سب بذریعہ یوگ ہی سے حاصل ہو سکتی ہیں ہمنے پبلک کی خواہشات کو پورا کرنے کی خاطر تیار کرایا ہے کیونکہ جدھر نظر اٹھتی ہے۔ کثیر تعداد تسخیر کے شائقینوں کی نظر آتی ہے۔ اور چاروں طرف سے یہی صدائیں کانوں تک سنائی دے رہی ہیں اس کتاب کے مطالعہ سے تمام خواہشات پوری ہوجائینگی۔ اسمیں مسمریزم کے تمام حالات بذریعہ یوگ مفصل طور پر درج ہیں۔ عامل و معمول ہر دو کے طریق و شناخت معمول کو روشن ضمیر کرکے دلچسپ واقعات کا معلوم کرنا علم غیب کا جاننا۔ دوسرے کی دلی بات کا جاننا۔ اور کسی کو مطیع کرنا معشوق کو فریفتہ و شیدا کرنا وغیرہ وغیرہ۔ قیمت - (عہ ر)

چلتا جادو :- یعنے ایک نہایت مفید اور پُراسرار کتاب جسمیں تسخیر کے عمل اور ہمزاد کو قابو میں لانے کیلئے عام سہل طریقے۔ اور علم مقناطیسی یعنی مسمریزم کے ابتدائی حالات اور اسکے ذریعہ امراض کا معالجہ سہل طریقوں میں بتلایا گیا ہے۔ قیمت - ۔م

تمہید

منظور ہے گذارشِ احوالِ واقعی
اپنا بیانِ حُسنِ طبیعت نہیں مجھے

حکمار کا قول ہے کہ زمانہ حرکت دولابی کرتا ہے۔ یعنی اپنے مقررہ وقت پر جسکی میعاد کئی ہزار برس ہوتی ہے۔ پھر وہیں آجاتا ہے۔ اسی مفہوم کو دوسرے الفاظ میں اس طرح بیان کر سکتے ہیں۔ کہ زمانہ کی اقوام اپنی تواریخ دُہراتی رہتی ہیں۔ اگر آج کسی قوم کو عروج ہے۔ تو کوئی وجہ نہیں۔ کہ کچھ مدت تک وہ شکار زوال رہے۔ اور پھر یک بیک پہلا سا عروج حاصل کرے۔ اسیطرح اگر آج ایک قوم نکبت زدہ ہے۔ تو ممکن نہیں کہ کچھ عرصے میں اسکے افراد ترقی کے اعلے معراج نہ حاصل کریں۔ اگر یہ تصور ہی صحیح ہے۔ جیساکہ ماہرین فلسفہ تاریخ اور محققین حالات ازمنہ ماضیہ کا مذہب ہے۔ تو اسمیں بھی کلام نہیں ہوسکتا۔ کہ کسی قوم کا گیا ہوا عروج حاصل کرنے کی سہل ترکیب اگر کوئی ہوسکتی ہے۔ تو یہی ہوسکتی ہے۔ کہ اس قوم کی گذشتہ تاریخ اسکے ہر ایک فرد بشر کے ذہن نشین کرائی جائے۔ گو بہت سے اہل الرائے اسکو "استخواں فروشی" سے تعبیر کر کے فرماتے ہیں۔ کہ "پدرم سلطان بود" "ترا چہ"

یہ اعتراض ایک حد تک قابل تسلیم ہے۔ اگر ہمارے بزرگ ایسے تھے اور ویسے تو ہیں کیا۔ ہم تو ویسے اسیوقت تک ہوسکتے ہیں۔ جبکہ ہماری ذات میں وہ وصف پایا جائے۔ گویا بزرگوں کی ذات میں کسی وصف کا وجود ہمارے لئے مفید نہیں۔ لیکن اسبات کو بھی نظر انداز نہ کر دینا چاہیئے۔ کہ جب کسی قوم کے افراد میں سے ہر ایک فرد اپنی قومی تواریخ میں پڑھتا ہے۔ کہ ہمارے بزرگ ایسے تھے۔ تو معاً اسکے دلمیں یہ بھی خیال پیدا ہوجاتا ہے۔ کہ ہم بذات خود کیسے ہیں۔ گویا وہ اپنے ذاتی اوصاف کا مقابلہ اپنے دنیا سے اُٹھے ہوئے بزرگ یا بزرگوں سے کرتا ہے۔ اب ظاہر ہے کہ اسکا جواب عموماً اسکا ضمیر یہی دیگا۔ کہ تو یہ ہم انکے برابر کہاں۔ اسکے ساتھ ہی طبیعت میں ایک قسم کی مردانہ حمیت و غیرت بھی پیدا ہوگی۔ اور اگر وہ فرد قوم واقعی اپنے جذبات کا پختہ اور مزاج کا مستقل ہے۔ تو وہ چلا اُٹھیگا۔ کہ کیا ہم بھی ویسے ہی ہوسکتے ہیں۔ اسکا شیوہ دل جواب دیگا۔ بیشک۔ بشرطیکہ تم کوشش کرو۔ کیونکہ وہ بھی انسان تھے۔ اور تم بھی انسان ہو۔ تمہارے پاس وہی حواس

جذبات ہیں۔ جو تمہارے بزرگوں کے پاس تھے۔
تاریخ شاہد ہے کہ انسانی خیالات کے ایسے ہی طلاطم نے قوموں اور ملکوں کی کایا پلٹ کر دی ہے۔ اور انکو عروج زوال کے اس طرح نقشے دکھا دئے ہیں۔ جیسے ایک تھیٹریکل کمپنی چند گھنٹوں یا زیادہ سے زیادہ ایک شب میں ہزاروں برس کے واقعات پیش کر کے نتیجہ سے بھی مطلع کر دیتی ہے۔"
شائد انہیں فوائد کو مد نظر رکھکر ہر اقوام کی تاریخ نگاری کا دنیا میں رواج ہوا۔ اسی تاریخ کی ایک شاخ ہے۔ بیوگریفی یا سوانح نگاری یعنی کسی قوم کے اس ممبر کے جو دیگر افراد سے کل صفات یا بعض صفات میں ممیز ہو۔ سوانحعمری کا قلمبند کرنا معلوم ہوتا ہے۔ کہ بیوگریفی کی اختراع کا "زمانہ" تاریخی "زمانہ" سے۔ بہت پیچھے ہے۔ قراین سے پایا جاتا ہے کہ اس سے قبل "سلف صالحات" کے حالات نہایت اختصار کے ساتھ بلکہ یوں کہنا چاہیئے کہ محض اشارات کے طور پر گیتوں یا نظموں میں محفوظ کئے جاتے ہیں۔
جب تاریخی زمانہ آیا۔ تو اس کے کچھ عرصہ بعد تقریباً ایک صدی گذر جانے پر سوانح نگاری کا رواج ہوا۔ لیکن ہمکو یہ بیان کر دینا ضروری ہے کہ گو زمانہ اسلام سے بہت قبل سوانح نگاری کا کچھ نہ کچھ وجود تھا ضرور لیکن اس فن میں باقاعدگی کی روح پھونکنے کا فخر صرف عرب علما ہی کو حاصل ہے۔ یوں تو بیوگریفی کا پتہ کم و بیش قدیم سے قدیم زمانہ سے ملتا ہے۔ چنانچہ صفحات تاریخ قدیم پر ثبت ہے کہ "بعد تحریر توریت مقدس" جو سب سے پہلی تحریر ہے۔ اس سے قبل کسی قوم کو لکھنا نہ آتا تھا۔ یہودیوں نے سوانح نگاری کو رایج کیا۔ لیکن حق یہ ہے کہ وہ اس فن کو ترقی نہ دے سکے۔ نہ اسمیں باقاعدگی پیدا کر سکے۔ گویا انکا کام "سوانح نگاری" کا نقش اول پیدا کرنا تھا۔ اور بس۔ مگر اس سے کوئی یہ نہ سمجھے۔ کہ انکا کام اہم اور قابلِ صنعت نہ تھا۔ بیشک تھا۔ اور ضرور تھا۔ کیونکہ ایجاد کا سہرا اسی قوم کے سر ہے۔ گو وہ ایجاد کیسی ہی نامکمل صورت میں تھی۔ کیونکہ اسکے بعد جن اقوام نے اس فن کو رونق دی وہ
نقاش نقشِ ثانی بہتر کشد ز اول
کے مصداق تھیں۔ یہودیوں نے اپنے زمانہ کی بڑی بڑی لڑائیوں کے حالات قلمبند کر کے آئیندہ نسلوں کیلئے بطور یادگار چھوڑے۔ جب یہود کی تہذیب و شائستگی کا آفتاب ڈھلتے ڈھلتے غروب ہونے کو ہوا۔ تو یونان کو چار چاند لگے۔ یونانیوں نے جہاں ملک پر قبضہ کیا

وہاں علوم فنون پر بھی اپنا ہی سکہ جمایا۔ بیوگریفی بھی یہودیوں سے یونانیوں کے ہاتھ میں آئی۔
مگر افسوس کہ یہ لوگ ایک قدم بھی آگے نہ بڑھا سکے۔ ضرورت تو یہ تھی۔ کہ اس فن کی کسی قدر
اصلاح کی جاتی جس سے اسمیں ترقی ہوتی۔ لیکن وہ کچھ نہ کر سکے۔ انکا کام لے دیکے یہ تھا کہ
وہ اپنے بزرگوں کے حالات ایک مبالغہ آمیز قصیدہ کی طرز پر قلمبند کر لیتے تھے جنمیں اسقدر
رنگ آمیزی کیجاتی تھی۔ کہ اصلی حالات کا معلوم کرنا تقریبًا ناممکن معلوم ہوتا تھا۔ اس جدت
کا موجد "حکیم ارسطو" بتایا جاتا ہے۔ چنانچہ لکھا ہے کہ یونانیوں میں سب سے پہلے اس حکیم
نے اپنے سالے "دھرمیاس" کا مرثیہ اسی مبالغہ آمیز رنگ میں لکھا۔ یہ شخص شاہ ایران
کے حکم سے اسی زمانہ میں بیگناہ قتل ہوا تھا۔ اسی زمانہ میں اس حکیم نے سکندر اعظم کے
حکم سے "ہومر" کے حالات قلمبند کرکے بیش بہا صلہ حاصل کیا۔

لائیف نویسی کا فن یونانیوں کے ذریعہ رومیوں میں پہنچا۔ مگر حق یہ ہے کہ انہوں
نے اس فن شریف کو ترقی دینے کیسا تھا اور مسخ کر دیا۔ گو واقعات سے اسے کوئی تعلق نہیں
رہا محض قیاسات اور خیالات پر اسکی بنا قایم ہوگئی۔ اسبات کا پتہ اس زمانہ کے ان مرثیوں
سے بخوبی چلتا ہے۔ جو مقبول شہدا کیلئے لکھے گئے۔ مشتے نمونہ از خروارے ملاحظہ ہو۔ ایک
ایسے شہید کا حال ان الفاظ میں بیان کیا گیا ہے۔ کہ وہ (لڑکی) مجھکو فرشتہ معلوم ہوتی تھی ایک
ایک آسمانی نور اسکو محصور کئے تھا۔ اسکا چہرہ مسرت سے چمکتا تھا۔ اور بس یہ معلوم ہوتا
تھا۔ کہ آسمانی مکان کی خوشبوؤں سے لطف اٹھا رہی ہے۔ جب مینے اس سے باتیں کیں۔
تو وہ تاج جو اسکے مقسوم میں تھا۔ اسکو دکھلا کر اسکے ارادہ پر قایم رکھنے کی کوشش کی۔
ناظرین ملاحظہ فرمائیں۔ کہ ان فقرات میں "واقعات" کتنے ہیں۔ اور مبالغات کسقدر!

الغرض جب تک کہ اسلام کی تہذیب و شائستگی صفحۂ تاریخ پر جلوہ آرائے ہوئی۔
تب تک یہ فن شریف گویا قالب بیجان تھا۔ عرب اٹھے۔ تو اپنا علم ادب سنبھالا۔ اور
اسکی ہر ایک شاخ پر توجہ کی۔ بیوگریفی بھلا انکی نظر سے کیونکر اوجھل ہو سکتی تھی۔ انہوں نے
سب سے پہلے آنحضرت کے۔ اسکے بعد اصحابہ کرام کے حالات قلمبند کئے۔ مگر کیسی باقاعدگی
کیسا تھ۔ کہ اصول روایت و درائیت کے کانٹے میں تولو۔ رتی برابر فرق نہ نکلے۔ روائیتوں کے
جانچنے کے اصول و قواعد مقرر کئے۔ غرضیکہ اس فن کو بالکل مکمل کرکے چھوڑ دے۔ یہ قرون اولے
کے مسلمانوں کی کارگذاری تھی۔

مگر جب ہم آج اس فن پر نظر ڈالتے ہیں۔ تو بعد المشرقین نظر آتا ہے۔ الحمد اللہ اب
ہم ہر ایک بات میں یورپ کے خوشہ چین ہیں۔ اور انکی تقلید ہمارے لئے مایۂ تقلید ہے۔
لیکن اگر ہم اہل یورپ کی کوششوں کا اسوقت اعتراف نہ کریں۔ تو بڑی ناشکری ہوگی۔
واقعی انہوں نے اس فن میں ایک ایسی روح پھونکی۔ کہ گویا اسے زندۂ جاوید کر دیا۔

جیسا کہ اوپر تذکرۃً بیان ہو چکا ہے "سوانحعمری" کا مطالعہ انسان کیلئے ایک نعمتِ
غیر مترقبہ اور نہایت مفید ہے۔ اسکے مطالعہ سے جو فوائد بادی النظر میں خیال میں آسکتے ہیں۔
حسب ذیل ہیں:۔

جب ہم کسی شخص کے واقعات زندگی پڑھتے ہیں۔ تو ہمارے دلیں ایک قسم کی تحریک
اور جوش پیدا ہوجاتا ہے۔ اور دلیں اُمنگ اُٹھتی ہے۔ کہ ہم بھی ویسے ہی کارنامے کریں۔
خودغرضی کا دامن بالکل چھوڑ دیں۔ قومی ہمدردی اور ایثار کے کام کریں۔ اور ایسے ایسے کارنمایاں
کریں۔ کہ ہمارے بزرگوں کی طرح ہمکو بھی لوگ عرصہ دراز تک نہ بھولیں۔ بلکہ مدت العمر تک ہمارا
نام عزت وتعظیم کیساتھ لیتے رہیں۔ جب ہمکو معلوم ہوتا ہے کہ فلاں بہادر نے اپنی قوم یا اپنے
ملک کی خاطر اپنی جان جیسی بیش قیمت شے کو قربان کر دیا۔ اور ملک و ملت کو آنیوالی تباہی
سے بچا لیا۔ گو وہ اپنی جان سے گیا۔ مگر کام کر گیا۔ اس لئے زندہ جاوید ہے۔ پس ہمیں بھی
ہمارا ضمیر کہتا ہے۔ کہ جان کی پرواہ نہ کرو۔ بلکہ "اوروں کے لئے زندہ رہو۔ اور ضرورت
ہو تو اوروں کے لئے مرجاؤ۔ یہ دوسرا سبق ہے۔ جو ہمکو سوانحعمری دیتی ہے"

اسیطرح مردہ سے مردہ دل انسان جب معلوم کرتا ہے۔ کہ اُف فلاں شخص نے یہ کام
کیا۔ اپنی چستی۔ چالاکی سے نئی دُنیا دریافت کی۔ اپنے استقلال سے دُنیا میں ایک انقلاب عظیم
پیدا کیا۔ اور وہ بھی میری طرح انسان ہی تھا۔ تو دفعتاً اسکے جذبات میں ہیجان پیدا ہوجاتا
ہے۔ جو اسوقت اسکے دلیں وہی سٹیم پیدا کر دیتا ہے۔ جسکو حمیت اور غیرت یا جوش کہتے ہیں
پھر کون کہہ سکتا ہے۔ کہ ایسی حالت میں وہی مردہ دل انسان کیا کچھ کارنمایاں نہیں کرسکتا۔
اسلئے سوانحعمری سے زیادہ محرک اور کوئی شے ہو نہیں سکتی۔ اور یہی وجہ ہے کہ اہل مغرب
اپنے مشاہیر کے کارناموں کو ایسی بلند آہنگی سے اپنی قوم کے سامنے پیش کرتے۔ کہ آج ہر ایک
فرد قوم نپولین اور نیوٹن اور واشنگٹن بننے کی کوشش میں مصروف نظر آرہا ہے۔

انگریزی سوانحعمریاں دیکھکر تقریباً اسی۔ پچاس سال کے اندر ہندستان میں بھی

سوانح نگاری پر توجہ کیگئی۔ اگرچہ اسکی ابتدا مسلمانوں کے ہاتھوں ہی ہوئی تھی۔ لیکن دوسری قومیں بھی خاموش نہ رہیں۔ اور انہوں نے بھی اپنے بزرگوں کے کارنامے ایسے جوش اور بلند آہنگی سے پبلک کے سامنے پیش کرنے شروع کئے۔ اور ایسی رنگ آمیزی سے کام لیا کہ گویا مسلمانوں کو پیچھے چھوڑ دیا۔ مسلمان اہلِ قلم نے ایک اور غلطی بھی کی۔ جو بالخصوص قابلِ غور ہے۔ سیواجی مرہٹہ کا کیرکٹر ایک راجہ کی پوزیشن میں دکھایا جائے۔ اور اورنگ زیب کو بس ایک متعصب حکمران کا خطاب دیکر الگ بٹھا دیا جائے۔ اسکی وجہ سوائے اپنی قوم کی بدذاقی اور سہل انگاری کے اور کچھ نہیں ہو سکتی۔

شہزادی زیب النسا کی سوانحعمریاں اسسے پیشتر ایک سے زیادہ شایع ہو چکی تھیں۔ اس لئے مجھسے یہ سوال کیا جا سکتا ہے۔ کہ مینے یہ تکلیف کیوں گوارا کی۔ شاید بعض احباب جلدی سے یہ بھی کہہ جائیں۔ کہ میاں انہوں نے کیا کیا ہے۔ پچھلی کتابوں کی اٹھا کر نقل کر دی ہے۔ اور بس۔ لیکن امر واقعہ یہ ہے کہ پچھلی سوانحعمریاں قوم کی بدمذاقی سے ایک عجیب پیرایہ میں لکھی گئی ہیں یعنی تاریک پہلو ایسا روشن نظر آتا ہے۔ کہ انکے پڑھنے سے بجائے فایدہ کے نقصان ہوتا ہے پس صرف ایک یہی بات تھی۔ کہ میرے دلپر چوٹ لگی۔ اور مینے ان تمام واقعات پر نظر ڈالی۔ جو شہزادی زیب النسا سے متعلق کئے جاتے ہیں۔ اور اصول روایت و درایت سے ہر ایک بات کو پرکھا۔

مولانا شبلی نعمانی ایک ایسے بزرگ ہیں۔ جنکو تاریخ کا فردوسی کہنا چاہیئے تحقیق واقعات میں مولانا کا جو پایہ ہے۔ وہ میرے بیان کا محتاج نہیں۔ لہٰذا اگر انسے یہ توقع کیجاتی۔ کہ وہ شہزادی زیب النسا کی مفصل سوانحعمری لکھکر پیش کرینگے۔ تو بیمحل نہ تھی۔ اور میں عرصہ سے اسکا مشتاق تھا مگر مولانا "الندوہ" میں صرف دس بارہ صفحہ کا ایک آرٹیکل شہزادی کے متعلق لکھکر رہ گئے۔ یہ ظاہر ہے کہ ایسی عظیم الشان شہزادی کی لائف کیلئے ضرورت تھی۔ کہ نہایت تفصیل سے لکھی جاتی۔ مینے سوانح کی ہر طرح تکمیل کرنیکی کوشش کی۔ اور جہانتک ہو سکا۔ تواریخ سے مدد لی ہے لیکن میں اعتراف کرتا ہوں۔ کہ جیسی میری تمنا تھی۔ ویسی یہ سوانحعمری نہیں لکھی جا سکی۔ ہاں یہ ممکن ہے کہ اسکلے ایڈیشن میں اس کے مضامین میں کچھ اضافہ ہو سکے۔

گو مولانا شبلی نعمانی کا متذکرہ بالا آرٹیکل مختصر تھا لیکن میں اعتراف کرتا ہوں۔ کہ مجھے اس سے بڑی مدد ملی چنانچہ اسکا مینے جا بجا حوالہ دیا ہے۔ اور سچ پوچھیے تو مجھے اس سوانحعمری کے لکھنے کا خیال ہی آرٹیکل دیکھکر ہوا اسلئے مجھے مولانا ممدوح کا شکریہ ادا کرنا ضروری ہے۔ اب ناظرین شوق سے اس سوانحعمری کا مطالعہ فرمائیں۔ اور جو کچھ مینے لکھا ہے۔ اسے بلا تعصب عقل کی کسوٹی پر رکھیں۔ اور راقم کو بہ دعائے خیر یاد فرمائیں۔ مئی سنہ ۱۹۱۱ء الراقم حکیم مظفر حسین اظہر دہلوی لاہور

زیب النسا بیگم

بنت

شہنشاہ عالمگیر غازی

خاندان ولادت شجرہ نسب

خاندان نواب زیب النسا بیگم صاحبہ مرحومہ نور اللہ مرقدہا جسکے حیرت انگیز اور تعجب خیز کارناموں اور سوانحعمری پر آج نظر ڈالنا چاہتے ہیں۔ شہنشاہ اورنگ زیب۔ عالمگیر شاہ ہندوستان کی جہیتی بیٹی تھیں۔ جو قدرت سے غیر معمولی لیاقت اور ذہانت لیکر آئیں۔ اور جنکا نام اپنے علمی کارناموں کی وجہ سے ابدآباد تک آسمان شہرت پر آفتاب بنکر چمکتا رہیگا۔ یہ ممکن ہے۔ اُمیدا ور زمانہ ایسے لوگوں کا کوئی ظاہری نشان نہ رہنے دے۔ تودہ تربیت کو فنا کردے۔ یا خاکستر کے ذرات کو ہوا میں ایسا منتشر کرے۔ کہ نام تک باقی نہ رہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے۔ کہ آسمان ہو کہ زمانہ ہو۔ غرض کوئی ہو۔ نام کو مردہ نہیں کرسکتا۔ نام ہمیشہ باقی رہیگا بلکہ زمانہ کے ہر ایک نئے دور سے ایک نئی روشنی حاصل کریگا۔ اور دوُنی آب وتاب سے چمکیگا۔ اسکی مثال یوں ملاحظہ فرمائیے۔ کہ ایک بہادر ہے۔ اسنے اپنے ملک و قوم کی خدمت کے مقابلہ میں اپنی جان کی پرواہ نہ کی۔ بلکہ جان کو اسی میں کھپا دیا۔ تو اب اُسکے کارنامے لوگوں کے دلوں پر نقش ہیں۔ اور سینہ بسینہ اسکے تذکرے آئندہ نسلوں تک پہنچتے ہیں۔ اب اہل قلم کو خیال آیا۔ کہ ان زبانی روائیتوں کو سلسلہ تحریر میں لاکر جامۂ دوام پہنائیں چنانچہ انہوں نے اسکے کارنامے قلمبند کرڈالے۔ پھر ایک اور مصنف اُٹھا۔ اسنے کچھ اور ہی رنگ چڑھایا۔ اور یہی مسئلہ اس انتہائی زمانہ تک چلا گیا۔ جسکو قیامت کہا جاتا ہے۔ وہی بات ہے ؎

ہرگز نہ میرد آنکہ دلش زندہ شد ز عشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما

ایسے ہی غیر معمولی کارناموں کے کرنے والوں کی نسبت کہا گیا ہے۔ ؎

کشتگانِ خنجرِ تسلیم را
ہر زماں از غیب جانے دیگر است

مذکورہ بالا اصول کے مطابق ہماری ہیروین زیب النساء بیگم کی بھی بہت سی سوانحیں مختلف زبانوں میں لکھی گئی ہیں۔ اور یہ سلسلہ ابد آباد تک رہے۔ اور نئی روشنی کا پرتو قبول کرتا رہے۔ زیب النساء بیگم حسب و نسب کے لحاظ سے نجیب الطرفین ہونے کا فخر رکھتی ہیں۔ انکے والد بزرگوار تو شاہ اورنگ زیب خاندان مغلیہ کے چشم و چراغ تھے۔ اور انکی والدہ نواب دلرس بانو" بیگم بنتِ شاہنواز خاں صفوی تھیں۔

شاہ نواز ایک ایرانی نژاد سردار تھا جسکا اوّل نام "میرزا بدیع الزمان" متروک ہوکر شاہ نواز مشہور ہوا۔ یہ سردار شہنشاہ جہانگیر کے عہد میں کئی ممتاز عہدوں پر ممتاز رہ کر عرصہ تک دربار کی کئی اہم خدمات انجام دیتا رہا۔ جسکے صلہ میں اُسے دربار سے شاہ نواز خان کا خطاب عطا ہوا۔ جہانگیر کے بعد شاہجہاں کے عہد عدالت مہد میں اس سردار نے کئی کارہائے نمایاں انجام دئے جس سے اسکی لیاقت و قابلیت کا پورا پورا سکہ شاہجہاں کے دل پر بیٹھا۔ شاہ نواز خاں کا خاندان بھی ایران میں خاص طور پر شہرت رکھتا تھا۔ لہٰذا شاہجہاں نے مناسب سمجھا کہ اس خاندان سے رشتہ اتحاد اور زیادہ مضبوط کیا جائے۔ ۱۰۴۷ھ میں شاہزادہ عالمگیر کی شادی شاہ نواز خان کی بیٹی دلرس بانو سے کرکے اسے شاہی خاندان کے سلسلہ میں منسلک کرلیا۔ طالب کلیم کیا اچھا مصرع تاریخ لکھتا ہے ؏

دو گوہر بہ یک عقد دوراں کشید

ولادت شوال ۱۰۴۸ھ میں یعنی شادی کے دوسرے سال زیب النساء تولد ہوئی۔ شاہی طریقہ سے جشن منایا گیا۔ قلعہ میں شادیانے بجنے لگے۔ محلات میں غیر معمولی چہل پہل نظر آنے لگی۔ بے شمار زر و جواہرات نثار کئے گئے۔ مدت تک نذر و نیاز کا اور انعام کا سلسلہ جاری رہا۔

زیب النساء کے چار اور بہنیں ہوئیں۔ جو اس سے سب چھوٹی تھیں۔ ان کے نام زینت[1] النساء بیگم۔ زبدۃ[2] النساء بیگم۔ بدر[3] النساء بیگم اور مہر[4] النساء بیگم تھے۔ چار بہنوں کے علاوہ

---

[1] زینت النساء بیگم کی سلطان اورنگ شاہ والی ترکستان سے شادی ہوئی۔ یہ نہایت فاضلہ اور قابلہ خاتون تھی۔ پولیٹیکل معاملات کو خوب سمجھتی جاتی چنانچہ سے عزیز شوہر کے دل میں یہاں تک جگہ حاصل کی کہ کاروبار سلطنت میں اسکا ہاتھ بٹانے لگی۔ اور بالآخر بخارا کی سلطنت بلا شرکت خود کرتی رہی۔ [2] زبدۃ النساء بیگم کا عقد دارا شکوہ کے بیٹے سپہر شکوہ سے ہوا۔ مگر افسوس کہ عین عالم شباب میں یہ گل شگفتہ صرصر اجل سے کملا کر گر پڑا۔ ؎ پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے ؛ حسرت ان غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے ؛ [3] بدر النساء بیگم بھی عین عالم شباب میں اپنے والدین کو داغ مفارقت دیگئی۔ [4] مہر النساء بیگم ایک طبیعت دار اور ذہین خاتون تھی اور نیز قابلیت سے زعم میں زیب النساء سے بھی زنی کرتی تھی۔ اور اسکی شادی شہزادہ ایزد بخش سے ہوئی تھی جو شہزادہ کام بخش کا بیٹا اور عالمگیر کا بھتیجا تھا۔

اسکے پانچ بھائی تھے۔ جن میں سے دو شہزادہ محمدؐ اکبر و شہزادہ محمد اعظم حقیقی اور باقی تین شہزادگان محمدؐ سلطان ۔ معظم شاہ ۔ کام بخش دوسری ماں سے تھے۔ چونکہ ہم اسوقت سلطنتِ مغلیہ کی تاریخ نہیں لکھ رہے ہیں۔ بلکہ اسکی ایک ذہین خاتون کی زندگی پر نظر ڈال رہے ہیں۔ لہٰذا اس خاندان کے اور ممبروں کے ہم تفصیلی حالات قلمبند کرنے سے ذمہ دار نہیں۔ لہٰذا ذیل میں شجرہ نسب دیکر اس عنوان کو ختم کیا جاتا ہے ؎

شجرہ حسب و نسب زیب النّساء بیگم

(۱) امیر تیمور گورگانی
(۲) سلطان محمد مرزا
(۳) سلطان ابو سعید مرزا
(۴) عمر شیخ مرزا
(۵) ظہیر الدین مرزا
(۶) ہمایوں
(۷) اکبر
(۸) جہانگیر — شاہ نواز خان صفوی
(۹) شاہجہان
(۱۰) اورنگ زیب — نورس بیگم زوجہ اورنگ زیب
(۱۱) زیب النّساء

بچپن تعلیم و تربیت موزونیت طبع کے ثبوت ۔ آغازِ شاعری

ولادت کے بعد شاہی دستور کے مطابق اس دلچسپ بچے کی تربیت ہونے لگی۔ کئی قابل اور خاندانی خاتونیں اسکی خدمت پر مامور ہوئیں ۔ لیکن خدمت رضاعت میا بائی کے سپرد ہوئی۔ زیب النّساء ایک پیارا بچہ تھا جسکی دلچسپی اسکی عمر کیساتھ بڑھتی جاتی تھی ۔ والدہ کی مسرت کا تو پوچھنا کیا! خود عالمگیر کی یہ حالت تھی ۔ کہ دل ہی دل میں لڈو سے پھوٹتے تھے۔ اس کا قیاس کہتا تھا کہ یہ غنچہ گل شگفتہ ہو کر کوئی نئی بہار دیگا۔

ابھی زیب النسار کی عمر تین ہی سال کی تھی۔ اور تین سال کے بچے کی بساط کیا ہو سکتی ہے مگر بایں ہمہ یہ لڑکی اس صغیر سنی میں بھی ایسی متین تھی۔ کہ اپنے رضاعی والدہ میا بائی کے پاس خاموش بیٹھی ہوئی کلام مجید سنا کرتی تھی۔ میا بائی صوم وصلوٰۃ اور درود و وظائف کی سخت پابند تھی۔ اس لئے اسے پہروں اسی شغل میں گذر جاتے تھے۔ مگر کیا مجال یہ تین برس کا بچہ ذرا بھی رو دے دھووے۔ یا اور کسی قسم کی طفلانہ حرکت کرے۔ نہیں ہرگز نہیں۔ وہ چپ بیٹھی ہوئی اپنی رضاعی ماں کی صورت دیکھے جاتی تھی۔ اور بس!۔

جب زیب النسار کی عمر پڑھنے کے قابل اور بقول ایک مورخ سوا چار سال کی ہوئی۔ تو شہنشاہ عالمگیر نے اسکی تعلیم کیلئے حافظ مریم کو مقرر کیا۔ یہ معزز خاتون جسنے تعلیم و تربیت اعلےٰ درجہ کی پائی تھی۔ سردار عنایت اللہ خان کی والدہ تھیں۔ یہ سردار دربار میں ایک معزز خدمت پر مامور تھا۔

حافظ مریم نے مسلمانوں نے عام رواج کے موافق جسکا سلسلہ آج بھی کم و بیش چلا جاتا ہے۔ اول قرآن مجید کی تعلیم دی۔ اور اس ہونہار بچہ نے صرف دو سال تین ماہ میں قرآن شریف ختم کر لیا۔ (ملاحظہ ہو مآثر الامرا۔ جلد دوم صفحات ۷۰ و ۷۱) اسکے بعد حفظ کرایا گیا۔ لکھا ہے کہ جسوقت اسنے تمام کلام مجید حفظ کیا۔ اسکی عمر زیادہ سے زیادہ ۸ سال کی تھی۔ اور اس سے یہ نتیجہ نکالا جاسکتا ہے۔ کہ وہ خاتون قدرت سے غیر معمولی ذہن اور حافظہ لیکر آئی تھی جسکا ثبوت آیندہ صفحات کے ملاحظہ سے ملیگا۔ غالباً اسکے بچپن کے حالات دیکھکر کئی اشخاص کے دلوں میں خصوصاً والدین کے دماغ میں یہ بات بارہا گذری ہوگی۔ کہ ایک نہ ایک دن یہ غنچہ اپنی رنگ و بو سے عالم کا دماغ تر و تازہ کریگا۔ اور شہرت دوام کا فخر حاصل کریگا۔

الغرض جب حافظ مریم کی کوششوں سے زیب النسار نے اس تھوڑی سی عمر میں ہی قرآن کریم حفظ کر لیا۔ تو والدین کی مسرت کی کوئی انتہا نہ رہی۔ شہنشاہ اورنگ زیب نے تیس ہزار اشرفیاں اسکی فاضل معلمہ کو صلہ میں عطا کیں[1]۔

اور ایک روایت ہے۔ کہ زیب النسار کی بسم اللہ کی رسم شاہی خاندان کے مشہور استاد ملاں جیون کے ہاتھوں وقوع میں آئی تھی۔ اور قرآن شریف و ابتدائی تعلیم ان ہی بزرگ نے دی تھی۔ لیکن ہمارے نزدیک پہلا بیان مستند ہے۔ کیونکہ ابتدائی تعلیم لڑکیوں کو خاتونیں ہی

[1] دیکھو معاصر عالمگیری صفحہ ۵۳۔

دے سکتی ہیں۔ اور زیادہ اثر ڈال سکتی ہیں۔ اور ایسی خاتون کی موجودگی جو قرآن شریف اور دیگر ابتدائی تعلیم دے سکیں۔ اسلام کے ہر زمانہ میں پائی جاتی ہیں۔ ہم دیکھتے ہیں۔ کہ زیب النساء ذرا سی عمر میں قرآن شریف اور ابتدائی تعلیم سے فارغ ہوگئی۔ پس قیاس کہتا ہے۔ کہ مرد ایسی تیز رفتاری سے لڑکی کو تعلیم نہیں دے سکتا۔ اور اصول تنقید روایت بھی یہی کہتا ہے۔ کہ تعلیمیافتہ عورتوں کے ہوتے ہوئے مردوں کو تعلیم کیلئے مقرر کرنا کسی صورت میں پسند نہیں کیا جاسکتا۔ اسلئے حافظ مریم کا زیب النساء کا پہلا معلمہ ہونا قرین قیاس ہے۔ البتہ اسمیں شک نہیں۔ کہ اسکے بعد کئی مرد شہزادی کے اُستاد مقرر کئے گئے ہیں چنانچہ شمس العلماء مولانا شبلی اپنے رسالہ "الندوۃ" کے ایک نمبر میں لکھتے ہیں۔ کہ تمام تاریخیں اور تذکرے متفق اللفظ ہیں۔ کہ زیب النساء نے عربی اور فارسی کی تعلیم نہایت درجہ کی حاصل کی تھی۔ اور بڑے بڑے علماء، فضلاء اسکی خدمت میں رہتے تھے۔ لیکن اسکے اساتذہ میں سے زیادہ مقرب اور باریاب ملاں سعید[1] اشرف ماژندرانی تھے۔

یہاں پر یہ بات نظرانداز نہ کردینی چاہیئے۔ کہ حافظ مریم اور ملاں اشرف کی تعلیم دہی کا زمانہ یکے بعد دیگرے مسلسل نہیں ہے۔ بلکہ درمیان میں ایک مدت حائل ہے۔ جسکے معنی یہ ہیں۔ کہ اسکے درمیان میں بھی کئی خاتون اور اُستادوں نے زیب النساء کو تعلیم دی ہوگی۔ مگر افسوس کہ اسکی تفصیل موجودہ تاریخوں سے نہیں معلوم ہوتی۔ اس امر کی تصریح کہ مذکورہ بالا ہردو معلموں کی غیر مسلسل تھی۔ اس بیان سے بخوبی معلوم ہوجاتی ہے۔ کہ جب حافظہ مریم کی تعلیم دہی کا زمانہ ختم ہوا ہے۔ تو شاہزادی کی عمر وس بارہ سال کے قریب تھی۔ مگر جب ملاں صاحب کی تعلیم کا آغاز ہوتا ہے۔ تو اسوقت زیب النساء کے شباب کا زمانہ ہے۔ اور اسکی عمر اکیس سال کے قریب ہے۔ اس سے یہ بھی ضمناً معلوم ہوتا ہے۔ کہ خاندان مغلیہ میں تعلیم نسواں کا سلسلہ کس عمر تک قائم رہتا تھا۔

شہزادی زیب النساء نے ملاں صاحب سے فارسی و عربی کی درسی کتابوں کے علاوہ فقہ۔ اصول فقہ، علم حدیث اور دیگر علوم بھی حاصل کئے۔

یہ شہزادی اپنی غیر معمولی ذہانت اور قابلیت کیساتھ قدرت سے موزونی طبع کا حصہ

[1] ملاں سعید، نقی مجلسی کے نواسے تھے۔ جو ایران سے ہندوستان آئے۔ اورنگ زیب نے انکو زیب النساء کی تعلیم پر مامور فرمایا۔ یہ ایک اچھے مدرس ہونے کے علاوہ شاعر بھی تھے۔ اور وہ عموماً اسی صنعت سے موصوف اور مشہور ہیں۔ ملاحظہ ہو تذکرہ میر آزاد۔

بھی لائی تھی جسکا ثبوت اسکی عمر کے بالکل ابتدائی حصہ میں ملتا تھا۔ چنانچہ اسکے اُستاد جب اسکے بھولے بھولے مُنہ اور پیاری پیاری زبان سے مقفیٰ فقرات جو خود بخود اسکے مُنہ سے بلا ارادہ اور بلا تکلف و تصنع نکل جاتے تھے۔ سُنتے تھے۔ تو انہیں عجیب حیرت ہوتی تھی۔ اور شاید ایک اُستاد نے تو یہ پیشینگوئی بھی کردی تھی۔ کہ وہ اچھی مشاعرہ ہوگی۔ چنانچہ ایسا ہی ہوا۔

اسکے اُستاد ملّاں اشرف خود شاعر تھے۔ انکا قرب سونے پر سہاگہ ہوا۔ اور شاعری کی برق جو اب تک شہزادی کے سینہ میں پوشیدہ تھی۔ یک بیک کوندنے لگی۔ چنانچہ وہ اشعار موزوں کرنے اور ملّاں صاحب ہی اصلاح دینے لگے۔ واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ اس شہزادی نے عربی علم ادب میں کافی دستگاہ حاصل کی تھی۔ اور یہ دیکھکر اور بھی حیرت ہوتی ہے۔ کہ اسکی شاعری کا آغاز بھی عربی زبان سے ہوتا ہے۔ چنانچہ ایک تذکرہ میں لکھا ہے کہ زیب النساء نے اپنی ابتدائے شاعری کے زمانہ میں ہی ایک عربی قصیدہ لکھا۔ یہ حمد میں تھا۔ اتفاق حسنے سے اسوقت ایک عرب مکّہ مکرمہ سے دربار میں آیا ہوا تھا۔ شہزادی کا قصیدہ اسکے روبرو بھیجا۔ یہ عرب ایک بےمثل ادیب تھا۔ عربی مادری زبان۔ نجدی نژادی اس پر طرّہ۔ علم و فضل باسیر مزید غرضیکہ جب اس عرب کے سامنے یہ قصیدہ پیش کیا گیا۔ تو اسنے یہ رائے دی۔ کہ جس شاعر کا یہ قصیدہ ہے۔ وہ ہندی نژاد ہے۔ مگر ذہین اور طبیعت دار۔ کیونکہ بندش صحیح ہے۔ لیکن محاورات غلط! کہیں کہیں الفاظ بھی بےمحل استعمال ہوئے ہیں۔ لیکن بایں ہمہ کہا جاسکتا ہے کہ ایک ایرانی یا ہندی نژاد کا ایسا پایہ کا قصیدہ کہنا معجزہ سے کم نہیں۔

یہ رائے گو بہت کچھ حوصلہ افزا تھی۔ لیکن زیب النساء کی طبیعت نے یہ فیصلہ کیا۔ اور خوب کیا۔ کہ عربی کی اجنبی اور سنگین زبان پھلنا پھولنا صرف اہل زبان کا ہی حصّہ ہے۔ اور اس لئے وہ تمام و کمال شاعرانہ قوت اپنی مادری زبان یعنی فارسی میں ہی صرف کرنے لگی۔ اور اسکے نتائج بہت اچھے ہوئے یہ "الشعراء تلامیذ الرحمٰن" ایک مشہور ضرب المثل ہے جس کی صداقت میں کسی قسم کے شک کو دخل نہیں۔ کیونکہ جن طبائع میں یہ مادہ موجود ہوتا ہے۔ وہ خود بخود پھوٹ پڑتا ہے۔ ع

شیشۂ دل سے اُچھل جاتی ہے ایسی شے ہے

شہزادی زیب النساء کی شاعری کا آغاز کوئی تیرہ۔ چودہ برس کی عمر سے قیاس میں آتا ہے مگر اسوقت طبیعت کی حالت ایک خودرو جنگل کی سی تھی۔ جسمیں جہاں چند دلفریب پھولوں کے جھنڈ

نظر آتے تھے۔ وہاں چند قطعات لمبی لمبی گھانسوں کے بھی پائے جاتے تھے۔ کبھی کبھی خار بھی نظر آتے تھے۔ زیب النسا کی شاعری کی یہ حالت غالباً اکیس برس کی عمر تک رہی۔ جو کچھ ٹوٹا پھوٹا لکھا۔ اور وہ بھی متفرق طور پر بیاض میں ٹانک لیا۔ گویا اس پر قفل لگ گیا۔ تاکہ کسی بیگانہ کی اسپر نظر نہ پڑے۔ اور نہ غیر آشنا کان اس سے آشنا ہوں۔ آخر ملاں سعید صاحب کو اس بیگم کی اُستادی کا فخر حاصل ہوا۔ ملاں صاحب کی اتفاق سے ایک روز اُس بیاض پر نظر پڑ گئی۔ دریافت کیا۔ کہ کیا شہزادی صاحب یہ اشعار آپ ہی کے ہیں۔ شہزادی نے شرم سے گردن جھکالی شفیق اُستاد نے فرمایا۔ ماشاءاللہ خوب طبیعت پائی ہے۔ مگر مجھے بھی دکھلا لیا کرو۔ اُس روز سے شہزادی کا شوق سخنوری اور بھی بڑھ گیا۔ ملاں صاحب اصلاح دیتے رہے۔ ملاں اشرف تیرہ۔ چودہ سال تک اُستادی کے تعلق سے زیب النسا کی خدمت میں رہے۔ لیکن آخر وطن کی محبت کی آگ جو ہر ایک انسان کے دلیں دبی ہوتی ہے یک بیک بھڑکی۔ کہ انہیں دہلی میں ایکدن گذارنا دُشوار ہوا۔ تاہم نہایت متانت اور ثقاہت کیساتھ ملاں صاحب نے ایک رخصتی قصیدہ لکھکر اپنی شاگردہ کی خدمت میں پیش کیا۔ اسکے تین شعر حوالہ قلم ہیں جس طلب اور حسن درخواست ملاحظہ ہوں۔ یہ واقعہ ۱۰۸۳ھ کا ہے

یک بار از وطن نتواں بر گرفت دل	در غربتم اگرچہ فزون است اعتبار
پیشِ تو قرب و بعد تفاوت نمے کند	گو خدمتِ حضور نہ باشد مرا شعار
نسبت چو باطنی است چہ دہلی چہ اصفہان	دل پیش تست من چہ بہ کابل چہ قندھار

یہ درخواست ایسے طریق سے نہیں کی گئی تھی۔ کہ منظور نہ ہوتی۔ آخر ملاں صاحب خوشی خوشی اپنے وطن مالوفہ کو تشریف لے گئے۔ بوقتِ رخصت انکو کچھ انعام و اکرام عطا ہوا۔ اسکا تذکرہ تحصیل حاصل ہے۔

شہنشاہ اورنگ زیب نے جب عنان حکومت اپنے ہاتھ میں لی۔ اور مختلف محکموں کی اصلاح کی۔ تو کفایت کے خیال سے یا اپنے سخت پابند شریعت ہونے کی حیثیت سے ملک الشعرائی کا عہدہ تخفیف کر دیا۔ یہ درباری عہدہ قدیم سے چلا آتا تھا۔ چنانچہ عالمگیر کے عہد سے پیشتر فیضی طالب آملی۔ قدسی۔ کلیم وغیرہ مامور رہ چکے تھے۔ مگر اب دفعتاً اُٹھا دیا گیا۔ اسیطرح سے علم موسیقی کا دربار سے کوئی تعلق نہ رہا۔ اس موقعہ پر مجھے ایک لطیفہ یاد آیا۔ دل نہیں چاہتا۔ کہ ناظرین کو اسکے لطف سے محروم رکھوں۔

لطیفہ جب شہنشاہ اورنگ زیب نے دربار کے مغنی رخصت کر دیئے۔ تو ان لوگوں نے علم موسیقی کا جنازہ نکالا۔ جب تابوت لیکر قلعے کے نیچے سے گذرے۔ تو جہاں پناہ نے پوچھا "یہ کیا ہے"؟ جواب دیا گیا کہ "علم موسیقی" کا جنازہ۔ فرمایا کہ وہاں اسے اتنا گہرا دفن کرنا کہ دوبارہ زندہ ہو کر نکل نہ بھاگے"۔

غرضیکہ عالمگیر کو بذات خود شعر و اشعار سے کوئی دلچسپی نہ تھی۔ یہی وجہ ملک الشعراء کے تخفیف کی تھی۔ اور شعراء کو گویا بے خانماں کر دیا گیا تھا۔ مگر زیب النساء کی سخن سنجی اور قدردانی نے ایک نیا دربار کھولدیا۔ چنانچہ مختلف تقریبوں پر شعراء قصائد لکھکر گذرانتے۔ اور بیشمار صلہ پاتے تھے۔ ان باتوں کا اثر باوجود عالمگیر کی خشک مزاجی کے اتنا عمدہ ہوا۔ کہ گویا شعر و شاعری کے بیجان قالب میں ایک نئی روح پڑ گئی۔ شعر کا اتنا رواج ہوا۔ کہ معمولی عرض و معروض بھی شعر و اشعار ہی میں کیجانے لگی۔ اور اسکی ایک مثال اوپر گذر چکی ہے۔ اب ذیل میں چند واقعات اور ملاحظہ ہوں۔

(۲) نعمت خاں عالی کو جو زیب النساء کا ہمعصر ایک نازک خیال بلند پایہ شاعر تھا۔ ایک وقعہ دفعتًا کچھ روپیہ کی ضرورت ہوئی۔ تو اسنے ایک مرصع کلغی جو دستار یا ٹوپی پر لگائی جاتی تھی۔ زیب النساء کی خدمت میں بطور نذر بھیجی۔ یا یوں کہیئے کہ فروخت کی غرض سے۔ مگر ایک مدت گذر گئی چھوٹی سرکار سے کوئی جواب نہ ملا۔ نعمت خاں نے کچھ روز تو انتظار کیا۔ آخر اس سے نہ رہا گیا۔ اور اسنے حسب ذیل چار مصرع لکھکر شہزادی زیب النساء کی خدمت میں روانہ کیے۔ ملاحظہ ہوں۔ فرماتے ہیں۔ ؎

اے بندگیت سعادت اختر من	در خدمت تو عیاں شدہ جوہر من
گر جیقہ خریدنی است پس کو زر من	ور نیست خریدنی۔ بزن بر سر من[1]

خزانۂ عامرہ سے منقول ہے کہ زیب النساء اس رباعی سے پھڑک گئی۔ ۵ ہزار روپیہ بھجوا دیا۔ اور کلغی واپس کر دی۔

(۳) ارادت فہم ملکہ کی ایک خواص خاص تھی۔ ملکہ نے اسے دیوان خانہ میں اپنے اشعار کی بیاض لینے بھیجا۔ جب بیاض لیکر واپس آرہی تھی۔ حوض کے سنگمرمر کے کنارے پر پاؤں پھسلا۔ خود تو بڑی مشکل سے سنبھل گئی۔ مگر بیاض حوض نے نگل لیا۔ وہ کانپتی ہوئی شہزادی

[1] اگر کلغی خریدنی ہے۔ تو دام دلوایئے۔ ورنہ میرے سر سے ماریئے۔ واپس کیجئے۔

کے سامنے آئی۔ اور دست بستہ عرض کی۔

قطعہ

ای ادا فہمے کہ پیشت فاضلانِ عصر را
شستن مجموعہ اندیشہ با آب افتادہ است

در خمِ افلاطون زیادہ دانشت سرخوش بود
ہمچو مخمورے کہ در فکر شراب افتادہ است

گاہ گاہے گر زبے آدابی بادِ صبا
از گلِ روئے عرقناکت نقاب افتادہ است

آب حسرت در دہانِ افتراں گردیدہ است
آتشِ غیرت بہ جان آفتاب ہم افتادہ است

ذہن صاقت تا علم گردیدہ در دار الشوری
طبع افلاطون ز بس در آب ہم افتادہ است

دفتر ذہنگ در جنگش بخیر آغشتہ است
از کفش مجموعہ دانش در آب ہم افتادہ است

عرض حالیست در خاطر کہ در اظہار آن
بند بندم موج ساں در اضطراب افتادہ است

آن بیاض خاصۂ شاہی کہ در اطراف آں
جائے افشاں نقطہائے انتخاب افتادہ است

آں مرصع خواں گریزیے کہ باشد جلوہ گر
در اوقافش لیسے یا در آب و تاب افتادہ است

درش از دست ارادت فہم خاکم در دہن
چوں بیاض سینہ ماہی در آب افتادہ است

زہیں از یاد معدن رفت آب دار
گوہر غلطاں ہم از چشم سحاب افتادہ است

بحر شعر آیدارش تازہ طوفاں کردہ است
کشتیش در چاہ موج اضطراب افتادہ است

گوئیا از سر بدر رفت است آب جدولش
کیس چنیں گلزار اشعارش خراب افتادہ است

آہ ازیں غم در دل پیر و جواں پیچیدہ است
لرزہ ایں ہیبت بہ جان شیخ و شاب افتادہ است

بسکہ میدند ہر یک بر گلوئے دیگرے
گر بیاض گردنش خواہند تاب ہم افتادہ است

من چہ گویم کاں چو مژگانِ خودش برگشت بخت
در تب ایں غم چناں از خور و خواب افتادہ است

زاں زماں باز از پریشاں حالی و آشفتگی
ہمچو زلف خویشتن در پیچ و تاب افتادہ است

رات رنگ آتشیں چوں شمع صبح از عافیش
ہمچو نبض موج از اضطراب افتادہ است

فیض بخشا از رو تربیت داند بخشایشی
کاتبے در روے چو شمع از ثریا التہاب افتادہ است

ورنہ خواہی دید یکدم اختر افلاک را
از ہجوم گریہ اش یکسر خراب افتادہ است

ایک تذکرہ میں تو یہ لکھا ہے کہ یہ قطعہ اسادت فہم خواص سنتے ہی موزوں کیا تھا۔ اور اسقدر مبالغہ کیا ہے۔ کہ فی البدیہ۔ لیکن تحقیق یہ ہے کہ ملاں اشرف سے یہ قطعہ لکھایا گیا تھا۔ چنانچہ مجمع الغرائب میں جہاں ملاں اشرف سعید کے حالات درج کئے گئے ہیں۔ وہاں یہ تمام اشعار

بھی نقل کئے گئے ہیں۔ ہندوستان کے سب سے بڑے محقق مورخ مولانا شبلی کا بھی اسی سے اتفاق ہے۔
(۴) زیب النساء کی خدمت میں ایک روشن طبع لونڈی روشن نامی تھی۔ ایک دن شہزادی نے اسے اپنے کمرے سے آئینہ لینے بھیجا۔ جب وہ آئینہ ہاتھ میں لئے ہوئے اُلٹے پیچے سے آرہی تھی۔ وہ ہاتھ سے گر کر دو ٹکڑے ہو گیا۔ خواص دل میں بہت گھبرائی۔ آئینہ قیمتی تھا۔ اور وہ جانتی تھی۔ کہ یہ چینی آئینہ ہے۔ جو شاہ چین نے شہنشاہ ہند کے لئے بطور تحفہ بھیجا تھا۔ اور دربار سے شہزادی زیب النساء کو عنایت ہوا تھا۔ بہر حال وہ لرزتی کانپتی شہزادی کے سامنے پہنچی۔ مگر بُت بنکر کھڑی ہو گئی۔ نہ ہلتی ہے نہ جلتی ہے نہ کچھ کہتی ہے نہ سنتی ہے۔ ملکہ نے کئی بار استفسار کیا۔ تو اسکی زبان سے بیساختہ یہ شعر نکلا۔ ع

از قضا آئینۂ چینی شکست

شہزادی نے اُسے تسلی دی۔ ذرا تیوری پر میل نہ لائی۔ بلکہ بے پرواہی سے کہہ دیا۔ ع

خوب شد اسباب خود بینی شکست

شہزادی زیب النساء سیاست میں

جیسا کہ مفصل طور پر بیان ہو چکا ہے کہ شہزادی کی طبیعت شاعرانہ واقع ہوئی تھی۔ اور اس لحاظ سے گویا وہ پولیٹیکل معاملات سے ناآشنائے محض تھی۔ نہ اسکو تعلیم و تربیت ہی اس قسم کی دی گئی تھی۔ مگر با این بقول مولانا شبلی وہ بمقتضائے وقت اورنگ زیب کے پُرپیچ دور حکومت میں اس کلنک کے ٹیکے سے نہ بچ سکی۔ چنانچہ جب ۱۰۹۱ھ میں راجپوت قوم نے شاہی فوج کے مقابلہ میں علانیہ علم بغاوت بلند کیا۔ اور شہنشاہ اورنگ زیب نے اسکی سرکوبی کیلئے شاہزادہ اکبر کو فوج گراں دیکر مامور کیا۔ شہزادہ یلغار کرتا ہوا ریاست جودھپور پہنچا۔ مگر راجپوتوں نے اسے ایسے بھرے پر رکھا۔ کہ خود ان سے ملگیا۔ اور باپ سے منحرف ہو گیا۔ حتیٰ کہ عالمگیری لشکر کے مقابلہ کے لئے پیشقدمی کی۔

چونکہ شہزادہ اکبر اور شہزادی زیب النساء حقیقی بھائی تھے۔ اسلئے دونوں کے درمیان سلسلۂ خط و کتابت جاری رہا۔ گو یہ خطوط معمولی تھے۔ مگر وہ وقت ہی کچھ ایسا نازک تھا۔ کہ ان خطوط کو عالمگیری حکام نے پکڑا۔ اور باقاعدہ باز پُرس ہوئی۔ شہزادی نے ہرچند اپنی بیگناہی ثابت کی۔ جیسا کہ وہ تھی۔ لیکن بمقتضائے وقت وہ سیاست سے نہ بچ سکی۔

اسکی ۴ لاکھ سالانہ تنخواہ بند کیگئی۔ مال ومتاع سرکاری قبض الداخل میں لے لیا گیا۔ شہزادی کو قلعہ سلیم گڑھ میں رہنے کا حکم ہوا۔ گویا ایک حد تک نظر بند کر دیا گیا۔ اسکی نظر بندی کے حالات کا اسکے بعض اشعار سے پتہ چلتا ہے۔ مگر آئندہ واقعات سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ جلدی بیگناہ ثابت ہوگئی۔ اور اسکا قصور معاف کر کے اسکی جاگیر و تنخواہ بحال کر دیگئی۔ کیونکہ ۱۰۹۱ھ میں نظر بند کیگئی۔ اور ۱۰۹۲ھ میں جب حمیدہ بانو بیگم والدہ روح اللہ خان نے وفات پائی۔ تو اورنگ زیب نے رسم تعزیت ادا کرنے کیلئے شہزادی زیب النساء کو روح الزمان کی حویلی میں بھیجا تھا نیز شہزادی کی آزادی کا اس واقعہ سے بھی پتہ چلتا ہے۔ کہ اورنگ زیب کے سب سے چھوٹے بیٹے شہزادہ کام بخش کی شادی ۱۰۹۳ھ میں ہوئی۔ اور تمام رسوم شہزادی زیب النساء کے محل میں ادا ہوئیں۔ اور جملہ ارکان دولت بہ حکم شہنشاہ شہزادی کی ڈیوڑھی تک پاپیادہ گئے۔ پس اگر وہ ۱۰۹۳ھ میں آزاد نہ ہوتی۔ تو یہ دونوں باتیں پھر کیونکر واقع ہوسکتی تھیں۔ شہزادی کے اشعار ذیل سے اسکے نظر بند ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ ؎

درد اکز قید ستم آزاد نہ گشتم
گرچہ پا زنجیر مخفی زد بہ دیوار غم
دل من اسیر مخفی بہ بلائے ہجر تا کے
مخفی امید رہائی تا بروز حشر نیست
تا مرا زنجیر در پا دل دیوانہ شد

یک لحظہ غم ہائے جہاں شاد نہ گشتم
شکر اللہ کز جفائے ہمگناں آلودہ ام
کہ بجز ہوائے وصلت گنہ دگر نہ دارم
خاک غربت ہر کہ را در مہد دامنگیر شد
دوست خند دشمن مراد آشنا بیگانہ شد

شہزادی کی وفات

۱۱۱۳ھ میں جبکہ شہنشاہ اورنگ زیب دکن کی فتوحات میں مصروف تھا۔ مقام دہلی شہزادی زیب النساء کا انتقال ہوا۔ "داخل جنت" مادہ تاریخ ہے۔ عالمگیر کو اپنی فاضل بیٹی سے بڑا انس تھا جب یہ وحشت اثر خبر اسکے گوش گذار کیگئی۔ تو بہت غمگین ہوا۔ اور اپنی طبیعت پر قادر ہونے اور اعلا درجے کے صابر مزاج ہونے کے باوجود ضبط نہ کرسکا۔ اور بے اختیار آنسو نکل آئے۔

سید امجد خان شیخ عطاء اللہ حافظ خان کے نام احکام جاری کئے۔ کہ شہزادی مرحومہ کے ایصال ثواب کیلئے زکوٰۃ وخیرات دیں۔ اور مرحومہ کا مقبرہ تیار کرائیں۔ شہزادی کا تابوت

لاہور لایا گیا۔ یہیں اسکا مقبرہ موجود ہے۔ جسکے حالات ہم کسیقدر تفصیل سے ابھی لکھتے ہیں۔
تاریخ خافی خان نسخہ مطبوعہ کلکتہ میں زیب النسا کا نام اور اسکے حالات اس درجہ تک بیان
کئے گئے ہیں۔ لیکن یہ صریحًا غلطی ہے۔ کیونکہ کاتبوں نے زینت النسا کی بجائے زیب النسا لکھ
دیا ہے۔ جو اسکی بہن تھی۔ کیونکہ شہزادی زیب النسا کا انتقال سنہ ۱۱۱۳ھ میں ہوگیا تھا۔ اور
اسمیں شک کی گنجائش نہیں۔

اردو حیات زیب النسا کے مؤلف شہزادی کی وفات کا سن سنہ ۱۱۱۰ھ لکھا ہے۔
اور اسکے ساتھ ذیل کا قطعہ بھی لکھا ہے۔ ؎

آہ زیب النسا بحکم قضا	ناگہاں از نگاہ مخفی شد
منبع علم و فضل و حسن و جمال	ہمچو یوسف بچاہ مخفی شد
سال تاریخ از خرد جستم	گفت ہاتف کہ دو ماہ مخفی شد

اور یہ بھی لکھا ہے کہ اسوقت عالمگیر سیتان پور میں تھا۔ مگر یہ سب باتیں خلافِ واقعہ ہیں۔
اور تحقیق وہی ہے۔ جو ہمنے اوپر لکھا۔

شہزادی کی نعش حسب وصیت لاہور میں نئے کوٹ کے قریب (جواب نواں کوٹ
کہلاتا ہے) اس باغ میں دفن ہوئی۔ جو چو برجی والے باغ کے قریب ہے۔ یہ باغ شہزادی
نے اپنی حین حیات میں خود ہی بنوایا تھا۔ اسکی چار دیواری پختہ بنوائی گئی تھی۔ اسمیں
چار دروازے تھے۔ جن میں سے اب صرف دو موجود ہیں۔ ایک شرقی اور دوسرا شمالی
شرقی صدر دروازہ ہے۔ اسکے چاروں گوشوں پر چار برجیاں بنی ہوئی تھیں۔ یہ دروازہ
اسقدر عظیم الشان اور بلند بنوایا گیا تھا کہ اس میں سے ہاتھی معہ عماری کے بے تکلیف
گذر سکتا تھا۔ مگر وہ اسوقت بند ہے۔ یہ عمارت اور باغ کسی زمانہ میں جسقدر دلفریب اور
دلکش تھے۔ اسوقت اُسیقدر ہولناک ہیں۔ ایک بیکسی ہے کہ ان پر چھا رہی ہے۔ ایک
نحوست ہے کہ سر پر منڈلا رہی ہے۔ اسکے دیکھنے سے عبرت ہوتی ہے۔ وہ محلات اور باغ
جس پر کبھی پرندے پر مارتے ہوئے ڈرتے تھے۔ اب وہ آشیانہ زاغ و زغن اور خانۂ بوم
شوم ہیں۔ اس دروازہ کو ایک معمولی زمیندار نے اپنے قبضہ میں کرکے چند جلاہوں کو اسمیں
آباد کر دیا ہے۔ گو عمارت کا بہت حصہ مسمار ہو چکا ہے۔ تاہم دو برج اسوقت تک موجود ہیں۔
شمالی دروازہ اب گاؤں والوں کی آمد و رفت کیلئے وقف ہے۔ اسکے علاوہ ایک چھوٹا سا

دروازہ جنوب کی طرف بھی بنا ہوا موجود ہے۔

یہ باغ نہایت وسیع تھا۔ لیکن اب تو اسکے حدود بھی مشکل سے معلوم ہوتے ہیں۔ باغ کے تقریباً نصف حصہ میں اسوقت ایک موضع آباد ہے۔ جسکو نواں کوٹ نئی آبادی یا نیا قلعہ کہتے ہیں۔

مقبرہ زیب النساء شہزادی کا مقبرہ موضع نواں کوٹ کے غربی دیوار سے ملحق ہے چونکہ تاریخوں میں لکھا ہوا ہے۔ کہ شہزادی کا تعویذ وسط باغ میں بنایا گیا تھا۔ اسلئے اس سے پایا جاتا ہے۔ کہ گویا موضع نواں کوٹ کی آبادی بھی اسی باغ کے اندر ہے۔ اور اس سے باغ کی وسعت کا کسی قدر خیال ذہن میں آسکتا ہے۔ سلطنت مغلیہ کے آخر زمانہ تک یہ باغ نہایت آراستہ وپیراستہ تھا۔ اور گو شالامار کے مقابلہ کا نہ ہو۔ تاہم اس سے دوسرے درجہ پر ضرور تھا۔ مگر آہ آج اسکی کیا حالت ہے۔ کچھ نہ پوچھو۔ کلیجہ مُنہ کو آتا ہے۔ تواریخ میں مذکور ہے۔ کہ اس باغ میں دو روشیں اور سڑکیں سنگ سُرخ سے تعمیر کیگئی تھیں۔ اسکے حوض اور شہ نشین سنگ مرمر کے بنائے گئے تھے۔ علیٰ ہذا القیاس مقبرہ بھی بحیثیت مجموعی ایک بانکی عمارت تھی۔ تمام وکمال شفاف سنگ مرمر کی تعمیر قبہ کی چوٹی پر طلائی نظر فریب کلس چڑھا ہوا تھا۔

اس باغ کی بربادی اور تباہی کی داستان مؤلف حیات زیب النساء نے یوں لکھی ہے۔ کہ جب سلطنت اسلامیہ کا خاتمہ ہو چکا۔ اور پنجاب سکھوں کے قبضہ اقتدار میں آیا۔ تو خاص شہر لاہور میں تین حاکم مقرر ہوئے۔ ان میں سے ایک کا نام سردار سوبھا سنگھ تھا۔ پس باغ مذکور مع مقبرہ و شمالی عمارت کے اسکے قبضہ میں آیا۔ اسنے اپنے ایک غلام خاص محکم دین نامی کے سپرد کر دیا۔ محکم دین نے خود وہیں سکونت اختیار کی۔ اور موضع نواں کوٹ وہاں آباد کیا۔ اسنے باغ کی غربی دیوار کے گرداگرد مکانات تعمیر کرائے۔ یہاں تک تو خیریت تھی مگر غضب یہ کیا۔ کہ سنگ مرمر کے دلفریب فوارے اُکھڑوا ڈالے۔ سڑکوں اور روشوں کے ٹکڑے اُڑا دیئے۔ حوضوں کو بند کروا دیا۔ اور وہ تمام قیمتی جواہرات جو وہاں سے اُکھاڑے گئے تھے۔ فروخت کر دیئے۔ مگر پھر بھی اتنی عنایت کی کہ مقبرہ رہنے دیا۔

ایک اور روایت ہے کہ رنجیت سنگھ کے زمانہ میں جب محکم دین مذکور بعض وجوہات سے معتوب ہوا۔ تو اسکی تمام جائداد ضبط کر لیگئی۔ اور اس باغ میں سے تمام قیمتی جواہرات

اور پتھر اُکھاڑ لئے گئے۔ اور وہ اس بارہ دری میں لگائے گئے۔ جو شاہی مسجد اور قلعہ کے درمیان اب تک موجود ہے۔ مقبرہ اسوقت نہایت ناگفتہ بہ حالت میں ہے۔ اسکے چاروں دروازہ پھونس کی ٹٹیوں سے بند ہیں۔ اسکے اندر مرغیاں پلی ہوئی ہیں۔ اور انکا محافظ ایک کتا ہے۔ یہی گاہے گاہے زایرین کا استقبال اور مزاج پرسی کر لیتا ہے۔ اللہ اللہ وہ عظیم الشان شہزادی جو خاندان مغلیہ کی ناک تھی۔ آج ایسی غیر آباد جگہ آسودہ ہے۔ وہ فرشتہ جو دلوں پر حکومت کرتا تھا۔ آج حیوانات سے محصور ہے۔ نہیں معلوم کہ یہ کس سنگدل شخص کا فعل ہے۔ کہ اس پاک مقبرہ کو مرغیوں اور کتوں کی آلائش سے ناپاک کیا گیا ہے۔ عبرت کے کان اس مقام سے ہر وقت یہ آواز سنتے رہتے ہیں۔ ؎

بغیر سبزہ نہ پوشد کسے مزار ما		کہ عیب پوش غریباں ہمیں گیاہ بس است
بر مزار ما غریباں نے چراغ نے گلے		نے پر پروانہ سوزد نے صدائے بلبلے

ضرورت ہے۔ اور اشد ضرورت ہے۔ کہ عموماً پبلک اور خصوصاً شعرا اس طرف متوجہ ہوں۔ پبلک چندہ اور گورنمنٹ کی امداد دے جس طرح بھی بن پڑے مقبرہ کو قبضۂ اغیار سے نکالیں اور اسکی مرمت کرائیں۔ تاکہ ذی الاحترام اور عالیشان شاہزادی کا ڈھیر کچھ عرصہ تو اس دُنیا پر قائم رہے۔

اخبارات میں قدیم عمارات کی مرمت کا سوال حال ہی میں اُٹھا تھا لیس نہایت مناسب ہو۔ اگر اسکے ساتھ ہی اس معاملہ پر بھی توجہ کی جائے تاہم سب "نام نیکو رفتگان" ضائع کرنیوالے نہ شمار ہوں۔ اور کچھ عرصہ اس ذی وقار شہزادی کا مٹا نشان اور باقی رہ کر باعث عبرت اہل زمانہ رہے۔

شہزادی کا سراپا اور لباس وغیرہ

ڈاکٹر برنیر ایک یوروپین سیاح ہیں۔ جو شہنشاہ اورنگ زیب کے عہد میں سیاحت کرتے ہوئے یوروپ سے ہندوستان آئے تھے۔ انہوں نے ہندوستان کے متعلق اپنی بہت کچھ معلومات چھوڑدی ہیں۔ لیکن انکی رائے ہر ایک معاملہ کے متعلق اسی قسم کی ہے۔ جو عام انگریزوں کی ہوا کرتی ہے۔ دوسرے ملکوں کی ہر ایک بات کو تعصب کی عینک لگا کر دیکھا۔ زیب النساء کے متعلق بھی انہوں نے بہت کچھ بیان کیا ہے جس پر ہم کسی اور

موقعہ پر مفصل بحث کرینگے۔ اور انکی نیک نیتی اور واقعات تراشی پر تنقیدی نظر ڈالینگے فی الحال ہم انکا وہ بیان قلمبند کرتے ہیں۔ جو عنوان مشتبہ بالا سے تعلق رکھتا ہے۔ ڈاکٹر اپنے سفرنامہ میں تحریر کرتے ہیں۔ کہ "شہزادی زیب النساء کا قد لمبا۔ پاؤں نہ زیادہ چھوٹے نہ بہت بڑے۔ بلکہ متوسط درجے کے تھے جسم نازک و سڈول۔ چہرہ آفتابی۔ چہرہ کا رنگ نہایت صاف شفاف ایک عجیب قسم کی تازگی اور شگفتگی لئے ہوئے۔ آنکھیں سیاہ اور موٹی موٹی۔ سر کے بال معمول سے زیادہ لمبے۔ دانت چھوٹے اور ہموار۔ بالکل سلک مروارید ہونٹ نازک اور پتلے" وہ یہ بھی لکھتے ہیں۔ کہ شاہزادی کے رخساروں پر ناک کی سمت کو دائیں بائیں دو سیاہ خال تھے۔ جو اسکے گول چہرہ پر بہت ہی بھلے معلوم ہوتے تھے۔

شہزادی کی طبیعت اوائل عمر سے ہی نہایت سادگی پسند واقع ہوئی تھی چنانچہ وہ لباس عموماً سادہ اور سفید پہنتی تھی۔ غالباً تمام عمر ریشمی اور رنگین لباس زیب تن نہیں کیا۔ میا بائی کا بیان ہے کہ وہ اسقدر سادگی پسند تھی۔ کہ اسنے تمام عمر سرمہ اور مسی استعمال نہیں کیا۔ یہ بات معمولی نہیں۔ کیونکہ آجکل معمولی عورت بھی ان اشیاء کے استعمال کے بغیر نہیں رہ سکتی۔ گو وہ خود اس حد تک سادگی پرستی ہوئی تھی تاہم وہ اپنی خواصوں اور دیگر متعلقین عورات کو اپنی پیروی پر مجبور نہ کرتی تھی۔ بلکہ اسکے برخلاف انکو رنگین اور ریشمی لباس پہننے کی تاکید کرتی تھی۔ اور اس اصول کی بالکل پابند نہ تھی۔ کہ "ہرچہ برخود پسندی بر دیگراں بہ پسند" بلکہ اسکا قاعدہ حالتوں میں یہ تھا کہ "ہرچہ برخود پسندی بر دیگراں بہ پسند"۔

معلوم ہوتا ہے۔ کہ شہزادی زیب النساء کے زمانہ تک ابھی بیگمات کا کوئی خاص لباس مخصوص نہیں ہوا تھا۔ بعض بیگمات ایرانی وضع کو پسند کرتی تھیں۔ اور بعض ہندوستانی لباس کو۔ غرضیکہ مختلف اوضاع اطوار کا لباس پہنا جاتا تھا۔ اور محض بیہ اصول سے ہیں کہ شہزادی زیب النساء کو اکثر ایرانی لباس ہی میں دیکھا گیا۔ مگر معلوم ہوتا ہے کہ شہزادی نے چند بار ہندی لباس بھی پہنا جس پر ایک بار شہنشاہ اورنگ زیب نے ٹوکا۔ اس کے بعد پھر شہزادی نے یہ لباس زیب بدن نہیں کیا۔

شہزادی اگرچہ سادگی پسند تھی۔ جیسا کہ اوپر بیان ہوا۔ اور وہ زیورات کی بھی دلدادہ نہ تھی تاہم ایک مالا سے مروارید کی زیب گلو کئے رہتی تھی۔ اسکے درمیان میں

زردبیں مرصع تعویذ بھی آویزاں رہتے تھے۔

کانوں میں صرف کرن پھول جڑاؤ پہنتی تھی۔ جو جواہرات سے مرصع تھے۔ اسکے سوا بالیاں وغیرہ کچھ نہ پہنتی تھی۔

مذہب و عقائد

اورنگ زیب کے عہد سے قبل معلوم ہوتا ہے کہ قلعہ معلے میں لوگوں کی طبیعتیں شیعیت کی طرف زیادہ مائل تھیں۔ اور سچ پوچھو تو یہ کوئی تعجب کی بات نہ تھی یہ مذہب مغل ایران سے اپنے ساتھ لائے تھے۔ پھر اُسے کیونکر خیرباد کہہ سکتے تھے لیکن عالمگیری زمانہ میں کچھ انقلاب ہوا۔ خود عالمگیر کٹّا سُنّی تھا۔ اور اسلیئے شیعیت کا مخالف تاہم محلات سے اسوقت بھی شیعیت کا اثر بالکل نہ مٹ سکا۔ چنانچہ دونوں عقائد کے لوگ پائے جاتے ہیں۔ مگر ہم یہ نہایت رسوخ کے ساتھ کہہ سکتے ہیں۔ کہ خود شہزادی زیب النساء سنّی المذہب تھی۔ وہ اصحاب کبار اور بندگان دین کا نام نہایت ادب اور محبت سے لیتی تھی۔ شاید اُسنے شاہ میاں میر صاحب سے جو سنّی المذہب تھے بیعت بھی کی تھی۔ یہ وہی شاہ میاں میر ہیں۔ جنکا مزار لاہور چھاؤنی میں واقع ہے۔ اس سے قبل اس موضع کا نام بھی میاں میر ہی تھا۔ مگر خدا جانے حکام انگریزی کو یہ نام ناپسند ہوا۔ کہ اسٹیشن پر اسکی بجائے چھاؤنی لاہور تحریر کرا دیا۔ تاہم عوام ابھی تک اس مقام کو میاں میر کے نام سے ہی یاد کرتے ہیں۔ لکھا ہے کہ شہزادی شروع شروع میں تعزیہ داری مجلس عزا میں بھی شریک ہوا کرتی تھی۔ مگر بعد میں اور بیگمات کیطرح اسکے خیالات میں بھی انقلاب ہوا۔

ہم جیسا اوپر لکھ آئے ہیں۔ عالمگیر کے عہد میں دو عملی مذہب تھا۔ خود عالمگیر سُنّی اور اُسکا بیٹا محمد معظم شیعہ تھا۔ اور اسی اجتماع الضدین کی وجہ سے کبھی کبھی محلوں میں مرغبازی کا سا دنگل ہوتا رہتا تھا۔ [illegible] زیب النساء نے اس [illegible] معاملہ کے تصفیہ کا بیڑا اُٹھایا۔ ایک روز تمام بیگمات کو بلا کر ایک زبردست تقریر کی جس کا نہایت عمدہ اثر ہوا۔ شیعیت کا رنگ ہلکا پڑ گیا۔ کئی بیگموں نے فوراً اپنے عقائد تبدیل کر لیئے۔ عالمگیر اس کارگذاری سے بہت خوش ہوا۔ سو روپیہ ماہوار اسکی تنخواہ میں اور اضافہ کیا۔ اور اسکی تقریر لکھا کر ایران وغیرہ ممالک میں بھیجی۔ بایں ہمہ شہزادی

نہایت وسیع خیال رکھتی تھی۔ اور حقیقت یہ ہے کہ ایسی طبیعتیں شیعیت اور سنیت کے تنگ دائرہ میں پابند رہنے کی عادی نہیں ہو سکتیں۔

عام اخلاق و عادات و نفاست پسندی

ہم کسی دوسرے مقام پر لکھ آئے ہیں۔ کہ شہزادی نہایت سادگی پسند تھی۔ اسنے سوائے سفید لباس کے کبھی رنگین پوشاک زیب بدن نہیں کی۔ بات یہ ہے کہ وہ درویشانہ اور منصفانہ طبیعت لیکر آئی تھی۔ بایں ہمہ وہ بالکل خشک مزاج نہ تھی۔ اسکی رنگی طبیعت کا خود اسکا اپنا دیوان شاہد ہے۔ اور ایسا کیوں نہ ہوتا۔ آخر تھی تو شاہجہاں کی پوتی۔ اور نورجہاں کے خاندان سے۔ اسلیئے اسکی طبیعت نہایت نفاست پسند واقع ہوئی تھی چنانچہ اسکا دربار نہایت پُر تکلف تھا۔ اور اسمیں وہ تمام باتیں موجود تھیں جو ایک عظیم الشان شہزادی کے شایان شان ہوسکتی ہیں۔

مطبخ شاہزادی زیب النساء کا مطبخ نہایت پُر تکلف تھا۔ اور دنیا کے پردہ پر ایسی کوئی نعمت نہ تھی۔ جو اسمیں نہ مہیا کی گئی ہو۔ سردار عنایت اللہ خان جو عالمگیری دربار کا ایک معزز رکن تھا۔ شہزادی کے مطبخ کا میر خانساماں یا داروغہ کبھی تھا۔

چشمہ اقول جن لوگوں نے کشمیر کی سیر کی ہے۔ انہوں نے بچشم خود ملاحظہ فرمایا ہوگا کہ وہاں قدم قدم پر پانی کے جھرنے اور آبشار ملتے ہیں۔ اور قدرتی نظاروں کا لطف ہے۔ اسلیئے سلطنت مغلیہ کے ہر ایک بادشاہ کو کشمیر سے دلچسپی رہی ہے۔ یہ بادشاہ گرمی کا موسم یہاں ہی آکر بسر کیا کرتے تھے۔ جیسا کہ آجکل حکام شملہ میں چلے جاتے ہیں۔ شہزادی زیب النساء بھی اکثر کشمیر میں آیا کرتی تھی۔ اور قدرتی نظاروں کا لطف اٹھاتی تھی۔ ایک احول نامی چشمہ خاص اسکی جاگیر میں تھا۔ اور جیسے اب دیگر شہزادی نے ایک نہایت پُر تکلف باغ اور عمارات تیار کرائی تھیں۔ عالمگیر نامہ میں لکھا ہے۔ کہ جب شہنشاہ عالمگیر سنہ میں کشمیر گیا۔ تو اس مقام پر ایک روز قیام کیا۔ تو نہایت مسرت ظاہر کی زیب النساء نے باقاعدہ نذر پیش کی۔ اور زر سرخ و سپید نثار کیا۔

ابرک کا خیمہ شہزادی کی طبیعت موجد اور جدت پسند تھی۔ اسوجہ سے وہ ہر وقت کسی نئی بات کی تجسس میں رہتی تھی۔ چنانچہ اس نے سنہ میں اپنی تجویز سے ایک

ابرک کا خیمہ تیار کرایا۔ جو نہایت وسیع اور اپنی دلکشی میں بےنظیر تھا۔ صاف اور شفاف بالکل شیشہ کا معلوم ہوتا تھا۔ لوگ اس صناعی کو دیکھ کر انگشت بدندان تھے۔ اس خیمہ کی تعریف میں نعمت خان عالی نے مثنوی لکھی ہے جسکے چند اشعار بہ نظر اختصار درج ذیل ہیں۔

ازاں خرگاہ طلقش چشم بد دور — کہ شد از جلوہ اش نزہت علے نور
تعالی اللہ چہ روشن بارگاہے — کدورت را درین جانیست راہے
نہ نورش گشتہ خیرہ چشم کوکب — کمینہ خانہ زادش ماہ نخشب
فروغش گر چنیں دارد جہانتاب — کسے شب را نخواہد دید در خواب
چو عاجز گشت نطقم از ثنائیش — شدم جویائے تاریخ بنائیش
پئے تاریخ آں گفتہ زمانہ — بروز رنگ دلم آئینہ خانہ

۱۱۵۰ھ

شہزادی طبیعت خلقی طور پر نہایت ملنسار متین۔ رحیم اور خلیق واقع ہوئی تھی حتّٰی کہ وہ غصہ کی حالت میں بھی اپنے چہرہ سے عدم اطمینانی کے آثار ظاہر نہ ہونے دیتی تھی۔ اپنی خواصوں سے بہنوں کی طرح سلوک کرتی تھی۔

ایک مورخ کا بیان ہے کہ شہزادی کو تمام عمر کسی نے چیں بہ جبیں نہ دیکھا۔ اسکا چہرہ دیکھنے سے معلوم ہوتا تھا۔ کہ وہ گویا ہنس رہی ہے۔

شہزادی فارسی زبان دانی میں کامل تھی۔ اور نستعلیق۔ نسخ۔ شکستہ خطوط لکھنے میں کمال رکھتی تھی۔

شہزادی کا روزانہ معمول تھا۔ کہ علی الصباح اُٹھکر حوائج ضروریہ سے فارغ ہوتی اور اسکے بعد نماز فجر ادا کرتی تھی۔ بعد ازاں تلاوت قرآن شریف۔ اسکے بعد مطالعہ کتب کا سلسلہ رہتا تھا۔ شاعری کا بھی یہی وقت ہوتا تھا۔

دیوان حافظ زیادہ تر شہزادی کے مطالعہ میں رہتا تھا۔ روایت ہے کہ شہنشاہ اورنگ زیب نے دیوان حافظ کے مطالعہ کی عوام اہل اسلام کو ممانعت کردی تھی۔ کیونکہ بے علم لوگوں کی طبائع پر اسکا اثر اچھا نہ پڑتا تھا۔ مگر شہزادی کو اجازت تھی۔ کیونکہ عالمگیر جانتا تھا کہ اسکی فاضل بیٹی کسقدر صاحب مذاق اور سلیم الطبع ہے۔

شہزادی ہردلعزیز تھی

شہزادی اوّل سے لیکر آخر تک قلعہ میں ہردلعزیز رہی۔ شہنشاہ عالمگیر کو نہ اس

سے صرف معمولی محبت تھی۔ بلکہ وہ اپنی فاضلہ بیٹی کی بڑی عزت اور قدر کرتا تھا کبھی کوئی بات اسکے خلافِ مزاج نہیں کی جب شہزادی کہیں باہر سے آتی تھی۔ تو شہنشاہ عالمگیر شہزادوں کو اسکے استقبال کیلئے بھیجتا تھا۔ سفر حضر میں شہزادی ساتھ ہوتی تھی۔ لاہور میں شہنشاہ کے ساتھ آنا تو معمولی بات تھی۔ لیکن جب شہنشاہ عالمگیر فتوحات دکن پر گیا تو شہزادی زیب النساء نے اپنے علمی مشاغل کی رخنہ اندازی نہ ہونے کی وجہ سے دہلی ہی میں رہنا پسند کیا۔ اور شہنشاہ کی عدم موجودگی میں ہی اسکا دہلی انتقال ہوا۔ جیسا کہ حالات وفات سے معلوم ہوگا۔

انگریزی اہل قلم اور شہزادی زیب النساءؒ

مغربی اہل قلم کا عام قاعدہ ہے کہ جب وہ اہل مشرق کا ذکر کرتے ہیں۔ تو تعصب کی عینک لگا لیتے ہیں۔ اور اسی تاریکی میں واقعات کو دیکھتے ہیں۔ بعض تو واقعہ کی صورت ہی بدل کر عجیب وغریب پہلو نکال لیتے۔ اور غلط بیانی کے مرتکب ہوتے ہیں۔ لیکن ان میں سے اکثر ایسے بھی ہیں۔ جو بوجہ اپنی محدود معلومات کے اور مشرق و مغرب کے اخلاق وعادات میں ابجد المشرقین ہونے کی وجہ سے ٹھوکر کھا جاتے ہیں۔ بدقسمتی سے شہزادی زیب النساء کو بھی ایسے ہی صاحبوں سے پالا پڑا ہے۔ ان میں سے ایک ڈاکٹر برنیر ہے۔ یہ شہنشاہ اورنگ زیب کے زمانہ حکومت میں بحیثیت سیاح ہندوستان میں آئے تھے جنہوں نے دارالسلطنت دہلی میں قیام کیا تھا۔ شہزادی زیب النساء تک رسائی ہوئی معلوم۔ خارجی۔ وغیر متعلق لوگوں کے ذریعہ انہوں نے شہزادی کے متعلق معلومات بہم پہنچائی ہونگی۔ اور یہ ظاہر ہے۔ اس قسم کے خارجی لوگ جنہیں زیادہ حصہ لونڈی غلاموں کا سمجھنا چاہیئے۔ مختلف تعلقات رکھتے ہیں۔ کوئی دوست اور خیرخواہ ہوتا ہے۔ تو کوئی مخالف دیرخواہ۔ مگر ایسی بازاری معلومات پر نازاں ہوکر ڈاکٹر صاحب بڑی ڈھٹائی سے شہزادی کے حالات بیان کرتے ہیں۔ اور اسکے کیرکٹر پر نکتہ چینی کرتے ہیں۔ اور شاید وہ اپنے زعم باطل میں عاقل خان رازی کے فسانہ کو واقعات سمجھتے ہوں۔ مگر یہ انکی اپنی لاعلمی یا ناواقفیت ہے۔ شہزادی کے تمام حالات پر غور سے نظر ڈالنا چاہیئے۔ الف سے لیکر یائے تحتانی تک سوائے عاقل خان کے غلط فسانے کے ایسی

کوئی اور بات آپ کو نظر نہ آئیگی۔ جو شہزادی کے کیرکٹر پر نکتہ چینی و حرف گیری کا سہارا ہو۔ لیکن جبکہ وہ فقرہ ہی سرے سے غلط ہے۔ اور محض فرضی فسانہ ہے۔ جیسا کہ ہمنے دوسرے مقام پر ثابت کیا ہے۔ تو پھر ایسی حالت میں اس سے شہزادی کے کیرکٹر پر کیا حرف آسکتا تھا۔ اصلیت یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب موصوف کو کچھ تو تعصب نے اور کچھ جلد بازی نے اصلیت سے دور ڈالدیا ہے گویا وہ ایک محدود معلومات مورخ کی مانند محض سنی سنائی بے سند باتوں کو واقعات تصور کرکے ہوا پر قلعہ بنایا چاہتے ہیں۔ مگر جاننے والے جانتے ہیں۔ اور ہاں خوب جانتے ہیں۔ کہ ڈاکٹر صاحب کا یہ بیان کسقدر وسیع ہے۔ اور انکی تحریر کو اصلیت سے کتنی دور کا تعلق ہے۔

اسی طرح مولانا شبلی نعمانی "الندوہ" کے ایک آرٹیکل میں شکوہ سنج ہیں۔ کہ بمبئی کے سفر میں ایک عزیز دوست نے جو انگریزی تصنیفات پر زیادہ اعتماد رکھتے ہیں۔ میگزین اینڈ ریویو کا ایک آرٹیکل دکھلایا۔ جو زیب النساء کی سوانحعمری کے متعلق تھا۔ مولانا لکھتے ہیں کہ "مجھکو افسوس ہوا۔ کہ ایک ایسے معزز پرچہ کا سرمایہ معلومات تمامتر بازاری قصے تھے جس میں ایک قصہ عاقل خان رازی کا بھی ہے۔ الخ"

یہ تو ہے یوروپین مورخین کا سرمایہ معلومات۔ اور اس پر یہ دعوے کہ ہماری ہمسر کوئی دوسرا مورخ تو ہو۔ لیکن اگر اسی کا نام تحقیقات ہے۔ یا یہ تحقیقات وہیں تک محدود ہے۔ جہاں تک انکو مغرب سے تعلق ہے۔ تو ہم اس سے باز آئے۔

غرضیکہ جو کچھ انگریزی مورخین نے شہزادی زیب النسا کے متعلق تحریر کیا ہے۔ وجوہات مذکورہ بالا کو ملحوظ رکھنے سے اُسکی اہمیت معلوم ہوجاتی ہے۔ اور کھل جاتا ہے۔ کہ بس یہ ہوائی قلعے مشرق کے کیرکٹر کو تباہ کرنے کے لئے بنائے گئے ہیں لیکن زمانہ جانتا ہے۔ اور عینی شہادت موجود ہے کہ اس گئے گذرے زمانہ میں [illegible] مذہب کیرکٹر اور اخلاق کا سبق اب مشرق مغرب کو پڑھانے کیلئے تیار ہے۔ بلکہ پڑھا رہا ہے۔

یار لوگوں کے تراشے ہوئے غلط افسانے زیب النساء کے متعلق

ہم ذیل میں ان غلط افسانوں کو قلمبند کرتے ہیں۔ جو شہزادی زیب النساء سے بحیثیت واقعات کے منسوب کئے جاتے ہیں۔ ان میں سے بعض نہایت مبتذل و پالشان ہیں۔ جنکو صحیح ماننے سے اس عظیم الشان شہزادی کے کیرکٹر پر نہایت بدنما دھبا آتا ہے۔ آگے چلکر ہم ان پر تنقید کی

نظر ڈالیں گے۔ اور اصول روایت و درایت سے بتائینگے۔ کیا وہ فسانے واقعات ہو سکتے ہیں۔

(۱) کہتے ہیں۔ کہ ایک بار اس کی زبان بیساختہ یہ مصرعہ نکل گیا۔ ع

از ہم نمے شود زحلاوت جدا لبم

مگر دوسرے مصرعہ تک اسکی طبع رسا کی رسائی نہ ہوئی۔ لہذا اُسے اپنے ہمعصر شعرا کے پاس تظمین کیلئے بھیجدیا۔ بیان ہے کہ کئی شعرا نے اسکو تظمین کردیا۔ اور شہزادی نے انکو انعام و اکرام دے کر نہال کردیا۔ مگر میر ناصر علی نے جو مصرعہ تظمین لگایا۔ وہ نہایت عجیب تھا۔ اُسنے لکھا۔ ع

از ہم نمے شود زحلاوت جدا لبم

شاید رسید برلب زیب النسا لبم

کہنے والے کہتے ہیں۔ کہ شہزادی نے اس گستاخی پر ناصر علی کو صرف یہ شعر لکھکر بھیجدیا اور بس سہ

ناصر علی بنام بُردہ پناہ

ورنہ یہ ذوالفقار علی سر بُریدہ ست

ناظرین! فی الحال آپ ہی اس روایت پر غور کریں! کیا واقعی یہ واقعہ ہے۔ ہم اسکے متعلق بعد میں اپنی رائے ظاہر کرینگے۔

(۲) ذیل کا لطیفہ بھی زیب النسا سے منسوب کیا جاتا ہے۔ اور اسکے متعلق دو متضاد باتیں بیان کی جاتی ہیں۔ دونوں سُننے کے قابل ہیں۔

پہلی روایت یہ ہے کہ جب شہزادی زیب النسا خیر سے جوان ہوئیں۔ اور ان کے حسن و جمال ظاہری و باطنی کا شہرہ شاہی محلوں سے نکل کر دوسرے ملکوں اور شہروں میں پہنچا تو ایران کے ایک شہزادے کے بمصداق سہ

نہ تنہا عشق از دیدار خیزد	بسا کیں دولت از گفتار خیزد
در آید جلوہ حسن از در گوش	زجان یہ زباید ز دل ہوش

ان کے جمال جہاں آرا نے گھر کر لیا۔ اور وہ ہزاروں کوسوں پر ہی بیٹھا شہزادی کا کلمہ پڑھنے لگا اور دل پکڑ کر رہ گیا مشہور ہے کہ عشق و مشک چھپانے نہیں چھپتا۔ جب اسکے اعزا کو اس کی حالت سے اطلاع ہوئی۔ تو انہوں نے شہنشاہ اورنگ زیب کی خدمت میں درخواست بھیجی۔ کہ ہزادے کو غلامی میں قبول کیا جائے۔ جب شہزادی سے اسکا تذکرہ کیا گیا۔ اوّل تو وہ خاموش ہی۔ لیکن جب اسکے پیارے باپ نے بصد ہو کر اس سے جواب لینا چاہا۔ تو دبی زبان سے عرض کیا۔

اگر حضور میری مرضی ہی پر اس معاملہ کو طے کرنا چاہتے ہیں۔ تو میرے نزدیک زیادہ مناسب یہ ہوگا۔ کہ اوّل شہزادہ بحیثیت شاہی مہمان دہلی بلا لیا جائے۔ اور در پردہ اسکے عقل و علم کا امتحان کیا جائے۔ پس اگر وہ اس کسوٹی پر کھرا نکلے۔ تو پھر کیا مضائقہ ہو سکتا ہے۔ اس رائے کو شہنشاہ نے بھی پسند کیا۔ اور شہزادہ کو یہی جواب لکھدیا گیا۔ اس جواب سے تو اسکی باچھیں کھل گئیں۔ کیونکہ اُسے اپنی لیاقت نیز اپنی شکل و صورت پر پورا بھروسا تھا۔ اور وہ ان باتوں کو شہزادی کے دل کو تسخیر کرنے کیلئے کافی سمجھتا تھا۔ الغرض وہ سامان سفر درست کرنے کے بعد ایران سے عازم ہندوستان ہوا۔ ہندوستان کی سرحد میں قدم رکھتے ہی ہر ہر منزل پر شاہی مہمان کی حیثیت سے اسکا استقبال نہایت تزک و احتشام کے ساتھ ہونے لگا۔ غرضیکہ وہ اسی شاہانہ ٹھاٹھ کے ساتھ لاہور سے گذر کر دار السلطنت دہلی میں آپہنچا۔ شاہی خاندان کے ممبروں نے ایک معقول فوج کیساتھ اسکا استقبال کیا۔ اور اس معزز مہمان کو قلعہ میں لے آئے۔ ضیافتوں اور دعوتوں اور اُن تکلفات کی تفصیل جو اس شہزادے کے آنے کے متعلق ہے۔ نہایت طول طویل ہے۔ اس لئے ہم اسے نظر انداز کرتے ہیں۔ بس یہی سمجھ لینا چاہیئے۔ کہ ایک عظیم الشان بادشاہ جو ہندوستان کی دولت کا مالک ہو۔ اور ہر ایک دُنیاوی نعمت پر قادر۔ وہ اپنے معزز اور شاہی مہمان کے لئے کیا کچھ تکلفات مہیا کر سکتا ہے۔

کہنے والے کہتے ہیں۔ کہ اثنائے ایام مہمانی میں ایک روز جبکہ دستر خوان چُنا ہوا تھا۔ ایرانی مہمان اس پر بیٹھے ہوئے تھے۔ اور انواع و اقسام کے کھانے چُنے ہوئے تھے۔ اور شہزادی بہ نفس نفیس باورچی خانہ کا انتظام کر رہی تھی۔ ایرانی شہزادہ کو مذاق کی سوجھی۔ اور ایک پرچہ کاغذ پر "سنبوسہ بے سن میخواہم" لکھکر شہزادی کے پاس بھیجدیا۔ شہزادی نے فوراً اس کے جواب میں "از مطبخ ما در طلب" دو معنی فقرہ لکھکر واپس کر دیا جسکا اثر سوائے شرمساری کے شہزادہ پر اور کیا ہو سکتا تھا۔

لطیفہ در لطیفہ کہتے ہیں کہ اسی شہزادے نے شعر ذیل لکھکر شہزادی کے پاس روانہ کیا تھا۔

ترا اے مہ جبیں بے پردہ دیدن آرزو دارم
جمالت ہائے حسنت را رسیدن آرزو دارم

جسکا جواب شہزادی زیب النساء نے لکھکر یہ بھیجا تھا۔

بُلبُل از گل بگذرد گر در چمن بیند مرا ۔۔۔ بُت پرستی کے کند گر برہمن بیند مرا

در سخن پنہاں شدم چوں بوئے گل باشد گل ... ہر کہ دیدن میل دارد در سخن بیند مرا

مذکورہ بالا واقعہ کے متعلق دوسری روایت یہ ہے۔ کہ فقرہ منسوبہ بے سن میخا ہم۔ ایرانی شہزادہ نے نہیں۔ بلکہ عاقل خان نامی دربار کے ایک امیر نے جسکا تعشق زیب النساء کیساتھ بتایا جاتا ہے۔ کہا تھا۔ اور اسکو جواب وہی ملا تھا۔ جو اوپر مذکور ہوا۔

(۲) اب ہم ایک تیسرا افسانہ معرض تحریر میں لاتے ہیں۔ جو زیب النساء سے منسوب کیا جاتا ہے۔ یہ نہایت اہمیت رکھتا ہے۔ اور نہایت مہتم بالشان ہے۔ کیونکہ اسکا تعلق براہ راست شہزادی زیب النساء کے کیرکٹر سے ہے۔ اسکی معقولیت اور اسباب پر کہ وہ کہانتک واقعات سے متعلق ہو سکتا ہے۔ آگے بحث کرینگے۔ فی الحال ہم اسکو یار لوگوں کے الفاظ میں بیان کرتے ہیں۔ اُمید ہے کہ ناظرین بمصداق نقل کفر کفر نباشد ہمیں معذور سمجھیں گے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ اوایل سنہ۱۰۷۳ھ میں نصیب دشمناں شہنشاہ اورنگ زیب کی طبیعت کسی قدر ناساز ہوئی۔ جب علاج معالجہ سے فائدہ نہ ہوا۔ تو اطبا نے دربار نے تبدیل آب وہوا کی رائے دی۔ اور قرار پایا۔ کہ دار السلطنت دہلی سے چند روز کے لئے شاہی خیمہ لاہور چلا جائے سفر کی تیاریاں ہونے لگیں۔ اور آخر ایک تاریخ مقرر کر کے مختصر فوج کیساتھ لاہور کو کوچ ہو گیا اُمید کے موافق بادشاہ سلامت کو یہاں کی آب وہوا راس آئی۔ میعاد قیام کو کچھ اور وسیع کر دیا گیا۔ اور ساتھ ہی شاہی بیگمات کو بھی دہلی سے لاہور میں ہی بلا لیا گیا جس کے ہمراہ شہزادی زیب النساء بھی آئیں۔

زیب النساء کیا آئیں۔ گویا باغ سخن میں باد بہاری آگئی۔ شعر و اشعار کے چرچے ہونے لگے۔ آئے دن مشاعرہ قائم۔ تمام پنجاب بلکہ دہلی کے بھی شاعروں کا جمگھٹا رہنے لگا۔ شہزادی کی طبیعت ماشاء اللہ خوب زوروں پر تھی کہتے ہیں۔ کہ اسی زمانہ میں شہر لاہور کا ناظم عاقل خان تھا۔ جو مردانہ حُسن کا ایک اعلےٰ نمونہ ہونے کے علاوہ علم و فضل میں بھی کمال کا درجہ رکھتا تھا طبیعت بھی موزوں اور بیچین پائی تھی۔ گو خود طبیعت دار تھا۔ مگر زیب النساء کی غزلیات پڑھکر بیچین ہو جاتا۔ دونوں ہاتھوں سے دل کو پکڑ کر رہ جاتا تھا۔ گویا دل میں کہتا تھا۔ کہ جس چمن کے یہ پھول ہیں۔ وہ چمن کیسا کچھ ہرا بھرا ہو گا۔

عالم خیال میں اسکی دلچسپی شہزادی کے ساتھ روز بروز بڑھتی گئی۔ اور اس پر گویا ایک محویت کا عالم چھاتا گیا۔ وہ شوق دیدار میں بیچین و بیقرار زار و نزار رہنے لگا۔ اور

دیدار بازی کے منصوبے باندھنے لگا۔ اسنے مہینوں وقت بے وقت قلعہ کے گرد چکر لگائے۔ کہ کسی طرح اس شمع حسن کی ایک شعاع دیکھ لے کہتے ہیں۔ ایک روز جب یہ قلعہ کے قریب سے گذر رہا تھا۔ تو خوش قسمتی یا حسن اتفاق سے اسکی نظر شہزادی پر پڑ گئی۔ جو اپنے کمرے کے بالاخانے پر سُرخ لباس پہنے ہوئے چہل قدمی کر رہی تھی۔ جان میں جان آگئی۔ کہ گوہر مقصود یہی ہے۔ دل ہی دل میں لڈو سے پھوٹنے لگے۔ چلّا کر بیتابانہ کہا۔ ع

سُرخ پوشے بلب بام نظر مے آید

چونکہ عاقل خان کے حالات زیب النساء کے کانوں تک پہنچ چکے تھے۔ وہ بھی تاڑ گئی۔ کہ وہی ذات شریف ہیں۔ لہٰذا وہ فوراً یہ کہکر اندر ہو گئی۔ ع

نہ بزور نہ بزاری نہ بزر مے آید

عاقل خان دل کو دونوں ہاتھوں سے پکڑ کر تکیتے کا دیکھتا رہ گیا۔ کہنے والے کہتے ہیں۔ کہ اس واقعہ نے شہزادی پر گہرا اثر کیا۔ اب تک تو عاقل خان کے حالات زبانی ہی سنتی رہی تھی۔ اب آنکھوں سے دیکھ لیا۔ تو حسرت زدہ رہ گئی۔ گویا ایک نشانہ سے دو شکار زخمی ہو گئے۔ عرصہ تک دونوں دلوں میں شعلۂ عشق دبا رہا۔ مگر آخر تابہ کے۔ دونوں طرف آرزوئے دیدار پیدا ہوئی۔ اور ملاقات کی تدابیر سوچی جانے لگیں۔ مگر باوجود عرصہ تک اس قسم کی تقریب نہ ہوئی۔

شہنشاہ اورنگ زیب کے قیام کا زمانہ اور وسیع ہو گیا۔ اسوجہ سے بیگمات کو بھی ابھی لاہور ہی رہنا پڑا۔ شہزادی زیب النساء نے ایک باغ کی تعمیر شروع کرادی۔ جسکے آثار ابتک لاہور میں اس مقام پر پائے جاتے ہیں۔ جو پرانی انارکلی سے آگے بڑھکر ہے۔ اور جہاں سے ملتان کی طرف سڑک گھومتی ہے۔

اس تعمیر کے سبب سے شہزادی کا زیادہ وقت اسی مقام پر صرف ہوتا تھا۔ خصوصاً اسوقت جبکہ اس عمارت کا ایک حصہ تیار ہو چکا تھا۔ چنانچہ شہزادی معہ اپنی خواصوں کے روزانہ وہاں جاتی۔ اور بہ نفس نفیس احکام جاری کرتی تھی۔ عاقل خان کو بھی ان باتوں کا پتہ لگ گیا۔ وہ ایسے موقعہ کی تاک میں ہی تھا۔ جھٹ مقام تعمیر پر پہنچ گیا۔ مگر جب دیکھا کہ شہزادی بارہ دری کے اندر ہے۔ پردہ کا سخت انتظام ہے۔ شاہی گارد کمربستہ پہرہ پر کھڑی ہے۔ تو ہاتھوں کے طوطے اُڑ گئے۔ تھوڑی دیر کے لئے گویا تمام آرزوؤں کا خون ہو گیا۔ ع

اسے بسا آرزو کہ خاک شدہ

مگر تھے چلتے پرزے ۔ تدبیریں سوچنے لگے ۔ آخر ایک سوانگ بھرا ۔ اور خوب بھرا ۔ امیرانہ لباس اُتار کر اور جسم کو خاک و دھول سے آلودہ کر کے مزدوروں کا لباس پہنا ۔ اور بے تکلف داخل ہو گئے ۔ شاہی پہرہ داروں نے معمار سمجھ کر نہ روکا نہ ٹوکا ۔ پھر تو بڑے خوش ہوئے ۔ کہ ہمارا منتر چل گیا ۔ اور جھٹ شہزادی کے قریب ہی پہنچ گئے ۔ شہزادی اپنی خواصوں کیساتھ شطرنج میں مصروف تھی ۔ آپنے اپنی طرف مخاطب کرنے کیلئے کہا ۔ ع

من در طلبت گرد جہاں مے گردم

شہزادی نے نظر اُٹھا کر جو دیکھا ۔ تو عاقل خان کو سر پر پایا ۔ مگر کس شان میں ۔ تاہم پہچان گئی ۔ اور فوراً جواب دیا ۔ ع

گر باد شوی بر سر زلفم نہ رسی

اور یہ کہکر کھیل میں مصروف ہو گئی ۔ حاضرین خواصیں کچھ بھی نہ سمجھیں ۔ مگر کہنے سننے والے سب کچھ کہہ گئے ۔ عاقل خان وہاں سے کھسک آئے ۔ اور معمار کے پاس آکر کہنے لگے کہ دوستا آپ بگیر ۔ تھوڑی دیر میں آنکھ بچا کر نکل آئے ۔ اور اپنا اصلی لباس تبدیل کر کے وہاں سے پتہ توڑ بھاگے ۔

کہنے والے کہتے ہیں ۔ کہ مذکورہ واقعات کے وقوع پذیر ہونے کے بعد اور بھی چند اسی قسم کے واقعات پیش آئے ۔ کہ شہزادی کے ارد گرد رہنے والے اسے بدگمانی کی نگاہ سے دیکھنے لگے ۔ شائد نامہ و پیغام کی نوبت پہنچی ہو ۔ اسکا یہ اثر ہوا ۔ کہ لوگوں میں کانا پھوسی ہونے لگی ۔ اور اس واقعہ پر طرح طرح کی چہ میگوئیاں اور رائے زنیاں ہونے لگیں ۔ کیونکہ جتنے منہ اُتنی باتیں ہوتی ہیں ۔ غضب یہ ہوا کہ شہزادی کی ایک خواص خاص جو اس راز سے واقف تھی ۔ کسی وجہ سے اس سے ناراض ہو گئی ۔ اور اسنے ایک ایک کی چار چار بنا کر شہنشاہ کے کان میں پھونک دیں ۔ شہنشاہ اورنگ زیب جیسے دیندار بادشاہ کے کان بھلا ایسی باتوں کے سننے کی تاب کہاں لا سکتے تھے ۔ اُسکا دل غضب اور غصہ سے پُر ہو گیا ۔ تاہم وہ مصلحت وقت کا لحاظ کر کے خاموش ہو رہا ۔ صرف اتنا کیا ۔ کہ شہزادی کو لاہور سے دار الخلافہ دہلی میں بُلا لیا ۔ وہ خود اس سے قبل دار السلطنت کو جا چکا تھا ۔ اور شہزادی تکمیل تعمیر کی غرض سے ابھی یہیں تھی ۔ خیر جب شہزادی دہلی آچکی ۔ تو اورنگ زیب نے علیحدہ بلا کر تنہائی میں شادی

کے متعلق گفتگو کی شہزادی نے شرم سے گردن جھکالی جب اورنگ زیب نے بار بار کہا۔ اور جواب مانگا تو کہا کہ خادمہ کو فرمودہ رسول اور حکم رسول میں کیا عذر ہو سکتا ہے۔ اور جبکہ حضور ارشاد فرماتے ہیں تو اسکی تعمیل میری عین سعادتمندی ہے۔ لیکن میں نہایت ادب کیساتھ اسقدر عرض کرنے کی جرأت کرتی ہوں۔ کہ مجھے اس معاملہ میں حسب وعدہ قدرے آزادی دیجائے۔ شہنشاہ نے کہا۔ کہ ہاں میں چونکہ اسبارہ میں تمکو کامل آزادی دے چکا ہوں۔ اسلئے تمہاری مرضی کے خلاف کوئی امر نہ کرونگا۔ شہزادی نے شکریہ کی غرض سے سر جھکا کر کہا۔ کہ چونکہ حضور اس لونڈی پر اسقدر شفقت پدرانہ فرماتے ہیں۔ اسلئے مجھے یقین ہے کہ حضور میری اس رائے کو بھی پسند فرمائینگے۔ کہ آپ اعلان عام کر دیجئے۔ کہ میں چونکہ شہزادی کی شادی کرنا چاہتا ہوں۔ اسلئے جو امراء و وزراء اور شہزادے نکاح کے خواستگار ہوں۔ وہ اپنی اپنی تصاویر دربار میں بھیجدیں۔ ان تصاویر کو شہزادی زیب النساء خود دیکھیگی۔ اور خود اپنے لئے شوہر منتخب کریگی۔

شہنشاہ نے اس دانشمندانہ مشورہ کو پسند فرمایا۔ اور اس مضمون کے احکام شائع کر دیئے چندروز میں ہی درخواستوں اور تصویروں کے ڈھیر لگ گئے۔ یہ تصاویر دربار میں آتی تھیں۔ اور شہنشاہ زیب النساء کے سپرد کر دیتے تھے۔ اور لوگوں کیساتھ عاقل خان کی بھی درخواست اور تصویر آئی۔ وہ تو منتے ہوئے ہی تھے۔ اور شائد سمجھے ہوں۔ کہ یہ سب چالیں ہمارے لئے ہی شہزادی نے کی ہیں۔ بہرحال انکی تصویر آئی۔ اور شہزادی نے وہی منتخب کرکے بادشاہ کو دی۔ شہنشاہ کو اس عقد میں کوئی تامل نہ ہوا۔ چنانچہ اسنے فوراً عاقل خان کو جو ناظم لاہور بنایا جاتا ہے۔ فرمان لکھا۔ کہ چونکہ برخوردار شہزادی زیب النساء کی طبیعت کا میلان تمہاری جانب پایا جاتا ہے۔ لہٰذا تم اس فرمان کو پاتے ہی اپنے آپکو دار السلطنت دہلی حاضر کرو۔ اور سنت رسول اکرم کو اپنے لئے موجب فخر و مباہات سمجھو۔

گو یہ پیغام عاقل خان کیلئے شادیٔ مرگ سے کم نہ تھا۔ کیونکہ اسکی من مانی مراد ملی۔ اندھا کیا چاہے دو آنکھیں۔ اسکی باچھیں کھل گئیں۔ اور سفر سامان تیار کرنے لگا۔ کہ جسقدر بھی جلد ممکن ہو۔ دہلی پہنچ جائے۔ مگر آہ۔ سہ

چاک کو تقدیر کے ممکن نہیں کرنا رفو
سوزن تدبیر گو ساری عمر سیتی رہے

تقدیر کسی گوشہ میں کھڑی ہوئی ہنس رہی تھی۔ اور کہہ رہی تھی۔ کہ ہنوز دہلی دور است

امراء و وزراء میں اکثر باہمی رنجشیں رہا کرتی ہیں۔ اور انکی پارٹیاں بنجایا کرتی ہیں۔ جسکا نمونہ بعض ہندوستانی ریاستوں یا سرکاری دفتروں میں کبھی کبھی اب بھی نظر آجایا کرتا ہے۔ اسی طرح دربار دہلی میں بھی چند ایسے لوگ تھے۔ جو عاقل خان کی طرف سے صاف نہ تھے۔ بلکہ اسے زک دینا چاہتے تھے۔ گو بظاہر دوست تھے۔ مگر دل میں جو کچھ تھا۔ وہ تھا۔ چنانچہ اس پارٹی کے ایک شخص نے جو عاقل خان کا دوست تھا۔ عین اسوقت جبکہ وہ دہلی جانے کیلئے بالکل تیار تھا۔ ایک خط لکھا جسکا مضمون پڑھکر عاقل خان دنگ رہ گیا تھا۔ لکھا کہ حضرت شہزادی سے عشق کرنا خالہ جی کا گھر نہیں۔ بڑی ٹیڑھی کھیر ہے۔ آپ دہلی آیئے۔ اور اپنی کرتوتوں کا خمیازہ اُٹھائیے۔ تم آئے اور شہنشاہ نے تمہاری جان لی۔ تمہاری عشقبازی کے افسانے اب طشت از بام ہو گئے ہیں نکاح کیلئے طلبی، شہنشاہ کا ایک فقرہ ہے جسکا مطلب یہی ہے۔ کہ تمکو سہولیت سے شکار کیا جائے۔

اس وحشتناک تحریر نے عاقل خان کا وہ حال کر دیا۔ کہ کاٹو تو لہو نہیں تھا بدن میں۔ اسکی تمام آرزوئیں۔ شادی کی آئیوالی خوشیاں۔ وصال کے لطف۔ سب پر اوس پڑگئی۔ اور اُلٹے اپنی جان کے لالے پڑتے نظر آنے لگے۔ وہ حریف کی چال کو نہ سمجھا۔ بلکہ اسکی تحریر کو نفس الامر سمجھا۔ اور شہنشاہ کو لکھ بھیجا۔ کہ مجھے اس شادی اور حاضری سے معاف کیجئے۔ بلکہ ملازمت سے بھی استعفا لیجیئے "بخشو بی بلی چوہا لنڈورا ہی بھلا" اسکا اندازہ خود کیا جاسکتا ہے کہ اس خشک جواب کا شہنشاہ کے دل پر کیا اثر ہوا ہوگا۔ لیکن ہنوز اسکا کوئی ظہور نہیں ہوا۔ گو یہ ایک معمولی بات تھی۔ کہ رفت گذشت ہوگئی۔ مگر عاقل کی قسمت درپئے دشمنی تھی۔ جب موت آتی ہے۔ تو گیدڑ شہر کی طرف بھاگتا ہے۔ آپ فرمان کا جواب تو نفی میں دے بیٹھے مگر غضب یہ کیا۔ کہ خفیہ طور پر دہلی جا پہنچے۔ مگر یہ واقعہ ایسا معمولی نہ تھا کہ شہنشاہ کے کان تک نہ پہنچتا۔ مگر وہاں اب بھی محض سکوت رہا۔ اس افسانے کے تراشنے والے کہتے ہیں۔ کہ شہنشاہ کے اس تحمل سے عاقل خان کی جرأت بڑھی حتّٰی کہ اسنے خواصوں کو گانٹھ کر محل میں آنا اور شہزادی سے خفیہ خفیہ ملنا شروع کر دیا۔ کہتے ہیں۔ کہ جب عاقل انکاری خط لکھنے کے بعد دہلی چلا آیا۔ اور زیب النساء کو اطلاع ہوئی تو شہزادی نے ایک خط لکھکر عاقل کے پاس بھیجا جسمیں یہ بھی لکھا۔ کہ ع

شنیدم ترک خدمت کرد عاقل خاں بنادانی

یہ رقعہ ایک خواص کے ذریعہ عاقل خان کے پاس پہنچایا گیا۔ اور یہی خواص اسکا جواب لائی۔ دوسری باتوں کے سوا مصرعہ کا جواب مصرعہ ہی تھا۔ لکھا تھا۔ ع

چرا کارے کند عاقل کہ باز آید پشیمانی

یعنی شہزادی نے لکھا۔ کہ تمنے ملازمت ترک کی۔ نادانی کی۔ اسنے جواب میں لکھا۔ کہ میں ایسا کام کیوں کروں جسمیں کوئی پشیمانی اٹھانی پڑے۔ اسمیں یہ بات مضمر تھی۔ اگر میں ترک ملازمت نکرتا تو کیا کرتا۔ وہاں تو میری جان لینے کے سامان ہو رہے تھے۔ نکاح شادی کسکی۔ وہ تو ایک فقرہ تھا۔ الغرض وقت گذرتا گیا۔ عاقل کی آمد و رفت محل میں کم نہ ہوئی۔ دوست دشمنوں نے لگائی بجھائی شروع کی۔ آخر ایک روز عین موقعہ پر جبکہ عاقل شاہی باغ میں موجود تھا۔ شہنشاہ کو اطلاع کیگئی۔ شہنشاہ چلے آئے۔ فوج نے باغ کا محاصرہ کر لیا۔ شہزادی اور عاقل بہت گھبرائے عزت کیسی جان کے لالے پڑ گئے۔ شہنشاہ کے آنے کی خبر آن کی آن میں ایسی آئی۔ کہ ہاتھ۔ پاؤں پھول گئے۔ عاقل سے اگر بن پڑتا۔ تو فرار ہو جاتا۔ مگر وہاں تو فوجوں نے تمام ناکے روک رکھے تھے۔ اور اب وقت بھی نہیں رہا تھا۔ کوئی صورت بن نہ پڑتی تھی۔ جب کوئی تدبیر نہ سوجھی۔ تو شہزادی نے عاقل کو ایک دیگ بتا کر جو پاس ہی رکھی تھی۔ اوپر سے ڈھک دیا۔ شہنشاہ بھی آدھمکے۔ چور کی بہت جستجو کی خواصوں کو ڈرایا۔ دھمکایا۔ لالچ دیا۔ مگر پتہ نہ پایا۔ خواصوں نے گو شہنشاہ کو خود ہی اسکے متعلق اطلاعات وقتاً فوقتاً پہنچایئں تھیں۔ تاہم وہ شہزادی سے بہت ہی ڈرتی تھیں۔ خصوصاً اس کی کھلی مخالفت کی کسی میں طاقت نہ تھی۔ مگر آخر جب شہنشاہ نے انکو بہت ڈانٹا۔ تو انمیں سے ایک نے آنکھ کے اشارے سے دیگ کو بتایا۔ شہنشاہ نے شہزادی سے پوچھا۔ کہ اس دیگ میں کیا ہے۔ اسکی زبان سے نکل گیا۔ کہ گرم کرنے کیلئے پانی ہے۔ کہا ہاں تو پھر کیوں نہ گرم ہو۔ شہزادی خاموش ہو رہی۔ مگر شہنشاہ نے حکم دیا۔ کہ فوراً اسکے نیچے آگ جلاؤ۔ اس حکم کی تعمیل ہوئی۔ عاقل پر جو گذری گذری۔ مگر اُف نہ کی۔ کیونکہ شہزادی نے قریب جاکر کہا کہ "دم باش مثال کلہ بارے" زیب النساء کو خیال تھا کہ شاہ یہاں سے جلد ٹل گیا۔ تو میں عاقل کو نکال لونگی۔ مگر "راجہ ہٹ" مشہور ہے۔ وہ جو اپنی آن کا پورا تھا جب تک بالکل یقین نہ ہو گیا۔ کہ عاقل کا طایئر روح قفس عنصری سے پرواز کر گیا ہو گا۔ وہاں سے ٹلا نہیں۔ اور اس طرح عاقل کی ہستی نہایت ہی مرشتی کیسا تھ گل ہو گئی۔ ؎

پھول تو دو دن بہار جانفزا دکھلا گئے
حسرت اُن غنچوں پہ ہے جو بن کھلے مرجھا گئے

یہ ہے وہ فرضی فسانہ جو بازاری لوگوں کی ایجاد ہے۔ لکھا ہے۔ کہ اپنے آخری وقت اس نے یہ مطلع کہا تھا۔ ؎

بعد مردن زجفائے تو اگر یاد کنم
ازکفن دست بیروں آرم و فریاد کنم

مذکورہ بالا افسانوں پر تنقیدی نظر

(۱) بقول فسانہ تراش شہنشاہ اورنگ زیب کی عالمہ اور فاضلہ بیٹی کو مخاطب کرکے اسکا ایک معمولی ملازم شاعر کہتا ہے۔ کہ ع

شائد رسید بر لب زیب النساء لبم

کیا سلطنت مغلیہ کا رعب و داب اور خصوصًا اورنگ زیب کی سطوت و جبروت جسے عوام الناس ظلم کی حد تک بڑھا ہوا بیان کرتے ہیں۔ یہ اجازت دے سکتا ہے۔ کہ ایک ادنٰے ملازم ایسے گستاخی بھرے الفاظ زبان پر لائے۔ اور اسکو سزا نہ ملے۔ ہم کہتے ہیں۔ اور بڑے زور سے کہتے ہیں۔ کہ یہ قصہ سرے ہی سے غلط ہے۔ اور ہمیں کوئی وجہ معلوم نہیں ہوتی۔ کہ ناصر علی ایسی جرأت کرتا۔ تو کافی سزا نہ پاتا۔ تاریخ ملاحظہ فرمایئے۔ کہ اورنگ زیب احکام شریعت کی خلاف ورزی میں کیسا سخت ہے۔ ہر ایک ادنٰے ادنٰے بات کو نظر میں رکھتا ہے۔ کوئی شہزادہ۔ کوئی امیر۔ کوئی وزیر ایسا نہیں۔ کہ جو اسکی سیاست سے کچھ رعایت حاصل کر سکے۔ جو سلوک اسنے اپنی اولاد اور بھائیوں سے کیا۔ وہ ظاہر ہے پس یہ بیان کیسا لغو ہے۔ کہ اسکے ایک ادنٰے ملازم شاعر ناصر علی نے ایسا گستاخی بھرا کلمہ اسکی نور نظر کو مخاطب کرکے نکالا ہو۔ اس قسم کا ایک واقعہ مجھے یاد آیا۔ جو سبیل تذکرہ لکھتا ہوں جس سے تنقیدانہ فسانہ پر کچھ نہ کچھ ضرور روشنی پڑیگی۔

صاحب خزانہ عامرہ صیدی طہرانی کے تذکرے میں لکھتے ہیں۔ کہ ایک مرتبہ جہاں آرا بیگم جو شہزادی زیب النساء کی رشتہ میں پھوپھی ہوتی تھیں۔ باغ کی سیر کو گئیں۔ ہر طرف پردہ کا انتظام نہایت معقولیت سے کرایا گیا تھا۔ باغ میں مردوں کی آمد و رفت کی قطعًا ممانعت کر دی گئی تھی۔ مگر حضرت صیدی کو جو شرارت سوجھی۔ تو اس باغ کی سہ دری میں چھپ چھپا کر تماشہ دیکھنے لگے۔ شہزادی ہاتھی پر سوار تھی۔ خواصوں کی ارد گرد قطار تھی۔ جب شہزادی کا ہاتھی بالکل نزدیک آگیا تو صیدی کے منہ سے بآواز بلند بیساختہ یہ شعر نکل گیا۔ ؎

برقع بہ رخ افگندہ برد ناز بہ باغش
تا نکہت گل بیخت آید بہ دماغش

ترجمہ :- شہزادی باغ میں برقعہ پہنکر اس لئے جاتی ہے۔ کہ پھول کی خوشبو اسکے دماغ میں جھپک کر لگ سکے
ناظرین خود قیاس کر سکتے ہیں۔ کہ الفاظ میں گستاخی کا لفظ نہیں ہے۔ لیکن سنیئے کہ صیدی
کے ساتھ کیا سلوک کیا گیا۔

جہاں آرا بیگم نے حکم دیدیا۔ کہ صیدی کو کشاں کشاں میرے سامنے لایا جائے۔ چنانچہ خواصوں نے پیش کیا۔ شہزادی نے مکرر سہ کرر وہی مطلع پڑھوا کر سنا۔ اور اسکو مبلغ ۵ ہزار روپیہ بھی بطور صلہ کے دیئے۔ مگر شہر بدر بھی کر دا دیا۔ اس واقعہ سے ناصر علی اور زیب النساء کے متعلق مشہور کردہ فسانہ کا اندازہ کیجیئے۔

(۲) سنبوسہ بے سن میخواہم "از مطبخ مادر طلب" پہلا فقرہ ایرانی شہزادہ یا عاقل خان کی طرف سے منسوب کیا جاتا ہے۔ جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہیں۔ اور دوسرا فقرہ اسکا جواب ہے۔ جسکا کہنے والا "زیب النساء" کو بتایا جاتا ہے۔ اگرچہ ان ہر دو فقروں میں :- ع

شائد رسید بر لب زیب النساء لبم

جیسی شوخی اور گستاخی کی گندگی نہیں۔ اور بادی النظر میں خیال پیدا ہوتا ہے۔ کہ ممکن ہے یہ دونوں ذو معنی فقرات بیساختگی کے ساتھ نکل گئے ہوں۔ لیکن جب ہم اس امر پر ذرا سنجیدگی اور متانت کیساتھ غور کرتے ہیں۔ کہ اس زمانہ میں شہزادوں اور امیر زادوں کو کس قسم کی تعلیم و تربیت دیجاتی تھی۔ اور ان کے معلم و اتالیق اور ادب آموز کس پایہ کے ہوتے تھے۔ درباری آداب کیا تھے۔ علم مجلسی کیا تھا۔ شہزادیاں کہاں تک ایسے معاملات میں آزاد تھیں۔ تو یہ طلسم ٹوٹ جاتا ہے۔ اور صاف نظر آتا ہے۔ کہ نہیں نہیں یہ محض الہام ہے۔ اور یار لوگوں کی گپ ہے۔ اسلئے ہمیں دوسری حکایت کے بھی واقعہ قرار دینے میں تامل ہے۔

یہ دونوں واقعہ چونکہ زیادہ اہمیت نہیں رکھتے تھے۔ ہمنے انپر معمولی طور پر نظر ڈالی ہے۔ مگر چونکہ تیسرا واقعہ اپنی اہمیت کے لحاظ سے خصوصیت کیساتھ قابل غور ہے۔ لہذا ہم کسی قدر تفصیل کیساتھ کام لینگے۔ کیونکہ یہ مسئلہ زیب النساء کے کیرکٹر پر بہت کچھ روشنی ڈالنے والا مسئلہ ہے۔

جو فسانہ اوپر کسی قدر طوالت کیساتھ بیان ہوا ہے۔ وہ چند فقروں میں اسطرح بیان ہو سکتا ہے کہ عاقل خان اور زیب النساء میں ناجائز یا جائز تعلقات ہو گئے۔ اورنگ زیب کو خبر ہوئی۔ تو اسنے ایسی وحشیانہ سزا دی جسکی نظیر تاریخ کے کسی صفحہ پر نہیں ملتی۔

اول ہمیں معلوم کرنا ہے۔ کہ عاقل خان کون تھا۔ اسکا کیرکٹر کیسا تھا۔ اسکی پوزیشن کیا تھی۔

عاقل خان کا نام اور اسکے متعلق واقعات ذیل کی کتابوں میں ملتے ہیں؟ -
عالمگیر نامہ - ماثر عالمگیری - تذکرہ سرخوش - خزانہ عامرہ - سرو آزاد - ید بیضا اور ماثر الامرا
میں تو اسکے حالات نہایت تفصیل کیساتھ لکھے گئے ہیں - چنانچہ ان سب اور دیگر کتابوں سے
جو حالات ہمیں ملے ہیں - انکا یہ نتیجہ نکلتا ہے - کہ عاقل خان ایک عالم و فاضل شخص ہے - اسکا کیریکٹر
نہایت اعلےٰ ہے - وہ تہذیب و شائستگی اور خوبیوں کا مجموعہ ہے - وہ شاعر بھی ہے - اور رکن سلطنت
بھی - اور ہر قسم کے معاملات کو بخوبی سمجھتا ہے - اب دیکھنے کے قابل ایک اور بات ہے - کہ اسکے
واقعات عمری میں یہ تو بیان ہو گیا - کہ اسکا انتقال ۱۱۰۸ھ میں ہوا - لیکن اسکی زندگی کے ایسے
اہم واقعہ کو یعنی تعشق کی عبرت انگیز سزا موت کو کسی نے بیان نہیں کیا - کیوں نہیں بیان کیا! -
بات اتنی ہے کہ یہ واقعہ نہیں - بلکہ افسانہ ہے - اگر واقعہ ہوتا - تو ایک مورخ نہ لکھتا - دوسرے لکھتے -
کوئی نہ کوئی ضرور ہی لکھتا - جب اورنگ زیب کے ذرا ذرا سے حالات خافی خان نے خفیہ خفیہ ہی
تاریخ کے صفحہ پر ٹانک دیئے - تو اسکی کیا وجہ ہو سکتی ہے - کہ وہ ایسے بڑے واقعہ کو دیکھتا - اور
خاموش رہتا - سنتا اور کچھ نہ لکھتا - یا دوسرے مورخوں سے نقل نہ کرتا - اس سے معلوم ہوا - کہ
در اصل اس فسانہ کی بنیاد محض پانی پر ہے - اب اسکے ساتھ ہی ساتھ فریق ثانی یعنی زیب النساء
کے عام کیرکٹر اور سوانحعمری پر نظر ڈال لو - جو ہم نہایت تفصیل سے لکھ چکے ہیں - وہ ایک غیور اور
متین اور علم دوست سخن سنج شاعرہ ہے - اسکی علمی دلچسپیاں اسقدر وسیع ہیں - کہ دیگر جذبات کو اسکے
دل میں راہ نہیں - وہ اپنے باپ کا اسی قدر ادب کرتی ہے جتنا ایک فاضل بیٹی کر سکتی ہے -
شہنشاہ اسکے ساتھ اسی قدر محبت اور عزت کا برتاؤ کرتا ہے - جتنا کہ اسکے شایان شان ہے -
مگر ساتھ شہزادی کو جب باپ کی بے رو رعایت اور سخت گیر طبیعت کا خیال آ جاتا ہے - تو وہ
اسکے غضب سے کانپ اٹھتی ہے - اب غور کرو - کہ کیا ایسے باپ کی زیب النساء ایسی بیٹی ایسے
جرم کی مرتکب ہو سکتی ہے - جو عصمت دری سے تعلق رکھتا ہے - نہیں ہرگز نہیں - بلکہ معمولی
درجہ کی ایشیائی عورت بھی اپنے ننگ و ناموس کی حفاظت اپنی جان کھو کر کرتی ہے - اور اس کی
بیچ شمار [illegible] جب یہ حالت ہے - تو ان سادہ دل دوستوں کو جو معاذ اللہ شہزادی
[illegible] کے سر پہ الزام لگا سکتے ہیں - کیا شرمانا نہ چاہیئے -

اورنگ زیب کا کیا رعب و داب تھا - اسکا مفصل پتہ تاریخ دیتی ہے - لیکن مجمل یہ ہے
کہ [illegible] کی بیگمات اور شہزادے - دربار کے وزیر منصب دارات

کے حاکم۔ غرضیکہ تمام اہلکار اس سے اس طرح کانپتے تھے۔ جیسے قصائی سے گائے۔ کیونکہ اسکے انصاف کو نہ سفارش خرید سکتی تھی۔ نہ رشوت۔ وہ کسی کی رو رعایت ذرا روا نہ رکھتا تھا۔ ہر وقت کے لئے تیار رہتا۔ خلاف شرع کوئی فعل مجال ہے۔ کہ اسکے سامنے ہو جائے۔ پس جب یہ حالت تھی۔ تو پھر ہم پوچھتے ہیں کہ کیا زیب النساء اور عاقل خان کے دل پر ذرا بھی ان باتوں کا اثر نہ ہوا۔ ان باتوں کا نہ سہی۔ اپنی بدنامی کا سہی حقیقت یہ ہے۔ اگر وہ انسان تھے۔ اور یہ صحیح ہے۔ بلکہ وہ فرشتہ سیرت تھے۔ تو فی الحقیقت ان سے یہ حرکات سرزد نہیں ہو سکتیں۔

اسکے علاوہ اس واقعہ پر ایک اور پہلو سے غور کیجئے۔ جبکہ تعشق میں زیب النساء اور عاقل خان کا پلہ برابر ہے۔ انصاف مجسم۔ سخت گیر و پابند شرع اورنگ زیب عاقل خان کو تو یہ سزا دیتا ہے۔ کہ بیچارے کو دیگ میں بند کر کے جلوا دیتا۔ اور زیب النساء سے یہ بھی نہیں پوچھتا۔ کہ تیرے منہ میں کے دانت ہیں۔ ناظرین! کیا اورنگ زیب سے آپکو ایسی توقع ہو سکتی ہے یاد رہے کہ اورنگ زیب وہی ہے۔ جسنے اپنے بھائیوں اور شہزادوں کو شرعی سزاؤں سے مستثنیٰ نہ کر کے انصاف کے ترازو کا پلہ ہموار نہیں ہونے دیا تھا۔

اورنگ زیب کے فرضی مظالم کا صور مورخین نے نہایت بلند آہنگی سے پھونکا ہے۔ خصوصاً یورپین مورخین نے تو اس بیچارہ پر وہ عنایت کی ہے۔ کہ بس پوچھئے نہیں۔ مگر با ایں ہمہ عاقل خان کے متعلق کسی نے اشارہ تک نہیں کیا۔ پس اگر یہ واقعہ ہوتا۔ اور اورنگ زیب کے عہد سے تعلق رکھتا ہوتا۔ تو کوئی مورخ خصوصاً یورپین اسکا تذکرہ زور سے کرتے۔ کیونکہ انکو ایک اور معاملہ ملتا تاکہ فہرست مظالم میں ایک نمبر اور بڑھا سکتے۔ اسلئے اب کوئی شبہ باقی نہ رہا کہ اس فسانہ کو واقعہ کی اہمیت دینا سراسر نادانی ہے۔ پس یہی سمجھ لینا کافی ہے۔ کہ یہ بھی بھنگڑ خانہ کی نکلی ہوئی ایک گپ ہے۔ اور بس۔

شادی کیوں نہ ہوئی

کسی تاریخ سے یہ معلوم نہیں ہوتا۔ کہ شہزادی کی شادی ہوئی۔ اسلئے معلوم ہوتا ہے کہ وہ تمام عمر تجرد میں رہی۔

محض سطحی باتوں پر نظر کرنے والوں کو اسکے مجرد رہنے سے بھی اسکے کیرکٹر پر حرف گیری کرنے کا موقعہ مل گیا۔ جو خود انکی اپنی غلطی ہے۔

اب ہمیں پہلے یہ دیکھنا ہے۔ کہ شادی نہ ہونے کی وجوہات کیا ہوئیں۔ عام طور پر مشہور ہے کہ سلاطین تیموریہ لڑکیوں کی شادی نہیں کرتے تھے۔ بقول مولانا شبلی اس غلط روایت کو یورپین مصنفوں نے بہت شہرت دی ہے۔ اور اس سے انکو شاہی بیگمات کی بدنامی پھیلانے میں بہت مدد ملی ہے لیکن یہ قصہ ہی سرے سے بے بنیاد ہے خود عالمگیر کی دو بیٹیاں زبدۃ النسا بیگم اور مہر النسار بیگم سپہر شکوہ اور ایزد بخش (پسر شہزادہ مراد سے بیاہی گئی تھیں) چنانچہ ماثر عالمگیری میں دونوں شادیوں کی تاریخیں اور مختصر حالات لکھے ہیں۔ اور خاتمہ کتاب میں بھی اسکا ذکر کیا ہے۔ پس تو صحیح ہے کہ شہزادی زیب النسار بلا نکاح رہیں۔ لیکن بیگیات مغلیہ کا عمومیت کے ساتھ مجرد رہنا بالکل سفید جھوٹ ہے۔ جو یورپین کی غلط بیانی یا عدم واقفیت کا نتیجہ کہنا چاہیئے۔

شہزادی کے شادی نہ کرنے کے وجوہات مورخین مختلف اور کئی بیان کرتے ہیں۔ جنکی تفصیل ذیل میں درج کرنا غالباً غیر ضروری نہ ہوگا۔

(۱) چونکہ وہ علم و فضل اور بالخصوص سخن سنجی میں اعلےٰ درجہ مہارت رکھتی تھی۔ اسلئے وہ نہیں چاہتی تھی۔ کہ کوئی شخص اسکا شوہر بنکر اسکی آزادی میں رخنہ انداز ہو۔

(۲) چونکہ اس زمانہ میں عموماً شہزادوں کیساتھ پولیٹیکل پیچیدگیوں کیوجہ سے دوسری قسم کا سلوک کیا گیا۔ اسلئے اسکا دل لذائذ دنیا سے پھر گیا تھا دنیا کی بے ثباتی کا نقش اسکے دل پر جم گیا۔ اور اسوجہ سے وہ ہمیشہ مجرد رہی۔

(۳) کہتے ہیں کہ اسکی نسبت اوّل اوّل دارا شکوہ کے بیٹے (غالباً اسکا نام سلیمان شکوہ تھا) کیساتھ ہوئی تھی جس سے شہزادی کو بھی بوجہ اسکے اس خصوصیت سے انس ہو گیا تھا۔ مگر جب وہ پولیٹیکل پیچیدگیوں کا شکار ہو گیا۔ تو شہزادی کے دل پر ایک گہرا چرکا لگا۔ کہتے ہیں۔ کہ اسکے بعد اورنگ زیب نے شہزادی کی دوسری جگہ نسبت کرنی چاہی۔ تو اسنے قطعاً انکار کر دیا۔ اور تمام عمر مجرد رہنا ہی پسند کیا۔

مذکورہ بالا وجوہات پر گہری نظر ڈالنے سے کئی باتیں دلکو لگتی ہیں۔ اور گو ہم ان روایات کو تمام و کمال صحیح ماننے کے لئے تیار نہیں۔ تاہم اس نتیجہ پر ضرور پہنچتے ہیں۔ کہ ممکن ہے کہ اسکی نسبت ہوئی ہو۔ اور سلیمان شکوہ کی موت نے شہزادی کے دل پر خاص طور پر بے ثباتی دنیا کا اثر کیا ہو۔ اور اسنے تجرد کی زندگی کو سوشیل زندگی پر ترجیح دی ہو۔ اور اسکے لئے یہ کوئی عجیب بات نہ تھی۔ کیونکہ اسکا علمی سقف اسقدر بڑھا ہوا تھا کہ وہ ہر ایک وقت اُسی میں

منہمک رہتی تھی۔ دوسری باتوں کی طرف اسکا دماغ مصروف ہی نہیں ہوتا تھا۔ پس یہ قرین قیاس ہے کہ ایسے اسباب کے جمع ہونے پر اسکی طبیعت نے اسے آزادی کی زندگی بسر کرنے پر مجبور کیا ہو۔ اور یہ کوئی عجیب بات نہیں۔ اور نہ اس سے اسکے کیرکٹر پر کوئی دھبہ آتا ہے۔ اب یوں کہنے والے خواہ کچھ ہی کہیں۔

علم کی سرپرستی

شہزادی کی فیاض طبیعت نے شاعری اور شاعروں کو جو چار چاند لگائے۔ اس کا تذکرہ ہم کسی اور مقام پر کر چکے ہیں۔ اسلئے ہم اس عنوان کے تحت میں شہزادی کے ان کارناموں کا ذکر کرینگے جو اسکی علم دوستی اور علمی سرپرستی سے تعلق رکھتے ہیں۔

چونکہ زیب النساء خود فاضل تھی۔ اسلئے وہ فضلا کی نہایت عزت و قدردانی کرتی تھی۔ اسنے ایک محکمہ تصنیف و تالیف کھولا ہوا تھا۔ اور شہزادی کی نگرانی میں علماء و فضلاء نے بہت سی عمدہ کتابیں تالیف و تصنیف کیں۔ چنانچہ مولوی غلام علی آزاد صاحب تذکرہ ید بیضا میں بیان کیا ہے۔ کہ "ہمت بہ ترقیہ حال ارباب فضل و کمال مصروف میداشتہ و جماعت کثیرانہ علماء و شعراء منشیان و خوشنویسان بسایہ قدردانی او آسودہ بودند و کتب و رسایل بسیار بنام او سمت تالیف پذیرفتہ"

لائبریری شہزادی نے رقم کثیر صرف کرکے نہایت اعلےٰ کتب بہم پہنچائی تھیں۔ اور تھوڑے ہی عرصہ میں اسکے پاس اتنا علمی ذخیرہ ہو گیا تھا۔ کہ اس زمانہ میں ایسے کتبخانہ کی نظیر نہ ملتی تھی۔ واقعی یہ عظیم الشان تھا۔ اور علماء و فضلاء جو تصنیف و تالیف میں مصروف تھے۔ اس سے استفادہ کرتے تھے۔ اسی کتبخانہ کے متعلق ایک مورخ لکھتا ہے کہ "در سرکار علیہ (دربار زیب النساء) کتاب خانہ گرد آمدہ بود۔ کہ بہ نظر ہیچ یکے در نیامدہ باشد" دیکھو معاصر عالمگیری کا صفحہ ۵۳۹۔

ترجمہ تفسیر کبیر فارسی میں سب جانتے ہیں۔ کہ تمام تفسیروں میں امام فخر الدین رازی کی تفسیر کبیر بہ اعتبار جامعیت و تفصیل اوّل درجہ کی ہے۔ مگر زیب النساء کے زمانہ میں اس کے ترجمہ کی طرف کسی نے توجہ نہیں۔ شہزادی کی دوربین نظر نے اسکی کمی محسوس کرکے اس کام کا بیڑا اٹھایا۔ چنانچہ ملا صفی الدین اردبیلی نے جو اسوقت وارد کشمیر تھے۔ شہزادی کے اشارے

سے اسکا ترجمہ کر ڈالا۔ اور شہزادی کے نام پر اسکا نام زیب التفاسیر رکھا۔ جو مذہبی اور علمی اہمیت کے لحاظ سے بہت عرصہ تک یادگار رہیگی۔ اس تفسیر کو بعض لوگ زیب النسا کی مستقل تصنیف بیان کرتے ہیں۔ لیکن بقول مولانا شبلی نعمانی یہ ایک مغالطہ ہے۔ جو لفظ زیب سے پیدا ہوتا ہے۔ ایسا اکثر ہوا ہے۔ کہ اس عہد کے مصنفوں نے کتابیں تصنیف کر کے شہزادی کے نام سے منسوب کرنے کیلئے اسکے نام کا پہلا جز زیب بنا دیا ہے۔ جس سے اکثر تذکرہ نویسوں نے ان کتابوں کو زیب النساء کی تصنیف سمجھا ہے۔ مگر یہ غلطی ہے۔ اور اسی سلسلۂ اغلاط کیوجہ سے دیوان مخفی کے کلام زیب النساء ہونے سے انکار کیا جاتا ہے۔ جیسے ہمنے کسی اور مقام پر مفصل بحث کی ہے۔

شہزادی زیب النساء کی تصانیف

قطع نظر اسکے بہت سے اُستادوں کی تصانیف شہزادی کے نام پر تصنیف ہوئیں۔ اور اسی نام پر انہوں نے شہرت پائی۔ خود زیب النساء کی تصنیف سے بھی بہت سی کتابیں ہونگی۔ مگر افسوس کہ ابتداء زمانہ سے ان کا کوئی پتہ نہیں چلتا۔

دیوان بس ایک دیوان مخفی ہے۔ جسے بہت سے انصاف پسند غیر کا ہی بتاتے ہیں۔ اور زیب النساء کا دیوان ہونے سے انکار کرتے ہیں۔ جیساکہ میں اوپر تفصیل کیساتھ لکھ چکا ہوں۔ اسکے علاوہ ایک اور کتاب کا پتہ ملتا ہے۔ جس کا نام "زیب المنشات" ہے۔

زیب المنشات یہ شہزادی کے اُن خطوط و رقعات کا مجموعہ ہے۔ جو شہزادی نے مختلف تقاریب سے تحریر کئے۔ ایک رقعہ طرز تحریر دکھانے کیلئے درج کیا جاتا ہے۔ تاکہ ناظرین اندازہ کر سکیں کہ شہزادی علاوہ شاعر ہونے کے انشاء پردازی میں کس پایہ کی تھی۔ رقعہ ہذا چند روز ہوئے منشی عصمت اللہ کے کتب خانہ میں موجود تھا۔ مگر اب امیر بخش علی صاحب انسپکٹر ریلوے کے پاس ہے۔ جس کو منشی صاحب موصوف نے بطور تحفہ پیش کیا تھا۔ یہ رقعہ شہزادی کے دست خاص کا لکھا ہوا ہے۔ جو اپنے مرشد کی خدمت سراپا برکت میں روانہ کیا تھا۔ رقعہ:-

نقطہ پرکار تدویر وجود ہفتم	خط محیط صفحۂ فلک ہشتم
حضرت پیر من ظلکم دیدار بہ	مردانِ خدا در ورشیدہ
زیب¹ النساء فرمانے کہ وارد	پا پایانے ندارد اگر از تجرید خودم

¹ حرہ زیب النساء بیگم۔

نفریہ زنم رداست | من آنبصورت گرفتار نمبی خبر دار
اگر یاست دمساز خفتے | ہم چو مے گفتہا بے گفتے
اگر رو ارہمزبانی شد جُدا | بے نو اشد اگرچہ دارد صد نعا

اصلاح رسومات ہندی

اکبر اعظم کے زمانہ سے پیشتر ہندی تہذیب کا اثر مغلوں پر اسقدر مسلط ہوگیا تھا۔ کہ ایرانی رنگ تو بالکل دب گیا تھا۔ اسکا ایک بڑا سبب ہندو خاتون کا قلعہ میں داخلہ تھا۔ جب اکبر کا زمانہ آیا۔ تو اور بھی کایا پلٹ ہوگئی۔ طرز۔ بود و باش۔ لباس۔ غرضیکہ ہر ایک بات ہندوانہ ہوگئی۔ ہولی۔ دیوالی کے علاوہ تمام تہوار قلعہ میں منائے جاتے تھے۔ اور شاہی تقلید سے عوام مسلمان بھی ایسا ہی کرتے تھے۔ مگر عالمگیر کے زمانہ میں ان باتوں میں دفعتًا انقلاب ہوا۔ شہزادی زیب النسا نے بنفس نفیس ان معاملات میں زیادہ حصہ لیا۔ چنانچہ اپنے کوشش کرکے وہ تمام رسومات اور تہوار جو مخالف اسلام تھے۔ قلعہ سے بند کرادیئے اور تمام بدعات کو جو طاعون کیطرح مسلمانوں میں رائج ہوگئی تھیں۔ سب کو مٹا دیا۔

لباسی اختراع

مرزا حیرت صاحب کا بیان ہے۔ کہ محرم (انگیا) کی موجد زیب النسا بیگم ہی تھی۔ اور اس سے پیشتر ہندوستان یا ایران میں اس چھوٹے لباس کے پہننے کا رواج نہ تھا۔ اگرچہ اسبات کا کسی معتبر تاریخ سے پتہ نہیں چلتا ہے۔ لیکن ہمیں اسکے صحیح تسلیم کرنے میں بھی کوئی تامل نہیں۔ کیونکہ ہمیں شہزادی کی شرح اور جدت پسند طبیعت سے ایسی ایجاد کو منسوب ہوتے دیکھکر کچھ تعجب نہیں ہوتا۔

دیوان مخفی کے مطبوعہ اڈیشن اور قلمی نسخہ جات

کلام مخفی ایران کے علاوہ ہر زمانہ میں ہندوستان میں مقبول عام رہا جسکا ثبوت اسکے متعدد ایڈیشنوں سے ملتا ہے۔ اور معلوم ہوتا ہے کہ ان مطبوعات کا مختصر طور پر اس جگہ تذکرہ کرنا بیمحل نہوگا۔ نیز ان قلمی نسخوں کا جو اسوقت دستیاب ہوتے ہیں۔

(۱) دیوان زیب النساء کا ایک نسخہ مسٹر مور کے پاس موجود ہے۔ یہ قلمی ہے۔ جو علاوہ خوش قلم ہونے کے دوسرے طریقوں سے بھی دلکش بنایا گیا ہے۔ چنانچہ اسکے حاشیہ اور جدولوں پر اعلےٰ قسم کے نقش و نگار بنا کر کمال صنعت دکھائی گئی ہے۔ سنہ کتابت اسپر کوئی تحریر نہیں ہے۔ مگر جس کاغذ پر یہ لکھا گیا ہے۔ وہ نہایت پرانی طرز و ساخت کا ہے۔ اور نہایت بوسیدہ ہو گیا ہے جس سے قیاس کہتا ہے کہ اسکی عمر سو سال سے کم نہیں۔ اسکے یہ معنی ہیں۔ کہ گویا یہ نسخہ شہزادی کے زمانہ ہی میں تحریر ہوا۔ صاحب موصوف کا بیان ہے۔ کہ انہیں یہ دیوان کابل سے دستیاب ہوا تھا۔ اس کا خط نہایت پاکیزہ اور باقاعدہ ہے۔

(۲) ایک دوسرا نسخہ بہ خط نسخ ہے۔ جو ۱۱۴۵ھ کا لکھا ہوا ہے۔ اسکے کاتب کوئی بزرگ مولوی حسن علی صاحب اکبر آبادی ہیں۔ گو اسکا خط اور تحریر عمدہ ہے۔ تاہم تحریر گنجان بہت ہے۔ اور یہ طرز قدیم زمانہ میں مقبول بھی تھی۔ گو اس زمانہ کے بعض لوگ اسے پسند نہیں کرتے۔ اسکی قدامت تحریر پر نظر ڈالنے سے ایسا معلوم ہوتا ہے۔ کہ گویا یہ دوسرا یا تیسرا ہی نسخہ ہے۔ جو اصل دیوان سے نقل کیا گیا ہوگا۔

(۳) تیسرا نسخہ ایک اور ملتا ہے۔ جس پر سن تحریر ۱۱۹۶ھ یا ۱۱۷۶ھ مشکوک کہ خالی آنکھ سے نہیں پڑھا جاتا۔ بلکہ خورد بین کی ضرورت ہوتی ہے۔ اسکے کاتب کا نام اس پر تحریر کیا گیا تھا۔ مگر مٹ سا گیا ہے۔ صرف خان بیگ پڑھا جاتا ہے۔ خط نسخ ہے۔ گو خوش قلم ہے۔ مگر ایسا صحیح نہیں۔ کتابت کی غلطیاں موجود ہیں۔

(۴) ایک اور قلمی نسخہ ہے۔ مگر غلط اور معمولی خط کا۔ اسکے کاتب کا نام بھی حسن علی تحریر ہے۔ مگر یہ صاحب اکبر آبادی نہیں ہیں۔ کہیں اور کے معلوم ہوتے ہیں۔ یہ نسخہ اس وقت سید بہادر شاہ سوداگر عجائبات کے پاس موجود ہے۔

(۵) دیوان مخفی کا ایک اور نسخہ ہے۔ گو یہ زیادہ خوشخط نہیں۔ تاہم تعداد غزلیات کے لحاظ سے مذکورہ بالا سب نسخوں سے اوّل درجہ ہے۔ یہ نقل زمانہ قریب کی معلوم ہوتی ہے مگر چالیس سال سے کم مدت کی یہ بھی نہیں۔ یہ نسخہ اسوقت منشی رحیم بخش صاحب ملازم پولٹیکل ڈیپارٹمنٹ کے پاس موجود ہے۔

(۶) دیوان مخفی کا ایک نسخہ پنجاب لائبریری میں موجود ہے۔ اسکا خط نہایت اعلےٰ ہے۔ اور صحت بھی قابل اطمینان ہے۔ اسپر سن تحریر ۱۲۱۳ھ ثبت ہے۔

(۷) یہ نسخہ چھپا ہوا ہے۔ مگر ایران کا۔ اسکا خط پاکیزہ ہے۔ مگر ایسا صحیح نہیں۔ اسکے علاوہ آٹھ۔ نو ایڈیشن نولکشور میں طبع ہوئے ہیں۔ جن میں سے دو تین تو نہایت ہی نامکمل ہیں۔ یعنی انکی غزلیات کی تعداد کم ہے۔ ان پر کاغذ بھی معمولی لگایا گیا تھا۔ غزلیات بھی زیادہ تھیں۔ ان میں سے ایک نسخہ اسی مطبع کا کانپور کا چھپا ہوا دیکھا گیا۔ جو ایک سو اٹھائیس صفحات پر ختم ہوا تھا۔ مگر بہ لحاظ کتابت وصحت معمولی۔

(۸) اس دیوان کے دو ایڈیشن لاہور کے دیگر مطابعوں میں بھی چھپے۔ چنانچہ میں نے آفتاب پریس کا چھپا ہوا ایک نسخہ دیکھا ہے۔ جو بہ اعتبار کتابت وکاغذ اچھا ہے۔ مگر بہ اعتبار تعداد غزلیات نامکمل۔

(۹) اسی طرح لاہور کا چھپا ہوا دیوان مخفی کا ایک اور نسخہ میری نظر سے گذرا۔ مگر اسمیں کوئی عمدگی اور خصوصیت نہ تھی۔ جو قابل تذکرہ ہو۔

مذکورہ بالا دو ایڈیشن کے تین نسخہ جات دیوان مخفی کے پنجاب پبلک لائبریری کی فہرست دیکھتے ہوئے پائے گئے۔ جو کہ مطبوعہ مطبع منشی نولکشور کے ہیں۔ جب مینے تینوں نسخے دیکھنے کیلئے لائبریری سے طلب کئے۔ تو بڑی مشکل سے ایک نسخہ ملا۔ باقی کی نسبت جواب ملا۔ کہ نہیں ہیں۔ مگر وجہ نہ بتائی گئی۔ یہ نسخہ کشمیری دبیز کاغذ پر چھپا ہوا ہے۔ اور اسکے سرورق پر حسب ذیل عبارت تحریر ہے۔

دیوان نواب زیب النسا بیگم بنت اورنگ زیب محی الدین عالمگیر غازی انار اللہ برہانہٗ

دیوان مخفی

محمد مصطفےٰ خان خلف حاجی محمد روشن خان مطبع نظامی کانپور

اس دیوان میں تقریبًا دو سو غزلیات چند قصائد و مثنوی اور ایک تضمین ہے۔ دیوان کے آخر میں حسب ذیل عبارت بطور خاتمۃ الطبع کے تحریر ہے۔

شکر بدرگاہ شیرازہ بند دفتر کائنات نظم فرمائے۔ دیوان موجودات کہ مجموعہ تازہ مضامین سفینہ طور۔ معانی رنگین بحر مواج باد خیالی مستی بہ دیوان مخفی" از نتائج افکار ابکار پردہ نشین تتق عزت وسخنوری۔ خلوت گزین سرادق نکتہ پروری۔ زیب النساء بیگم متخلص بہ "مخفی" بذریعہ و واسطہ حافظ محمد عبد الستار خان سلمہ الواہب حسب فرمائش مخدومی معظمی محمد عبد الرحمٰن

خانصاحب زینت اللہ المفاخر والمناصب مہتمم مطبع نظامی مشہور واقع کانپور در شہر ربیع الاول ۱۲۸۳ھ در مطبع گلزار اودھ بہ اہتمام خدابخش خان سوائے سرجنا اوّل مطبوعہ گردیدہ مرتب وکامل شد۔

اس عبارت سے پایا جاتا ہے۔ کہ یہ نسخہ مذکورہ بالا ہردو مطابع میں مشترک طور پر طبع ہوا ہے۔ اسکا خط پاکیزہ ہے۔ اور کاغذ کشمیری مضبوط لگایا گیا ہے۔
اگرچہ اور نسخہ جات کا عام طور پر پتہ نہیں چلتا۔ لیکن اسمیں شک نہیں۔ کہ اسکی بہت سی نقلیں کیگئی ہونگی۔ اور کئی ایڈیشن چھاپے گئے ہونگے۔ مگر مغرب میں۔
انگریزی سیاح ایسی اشیاء کو ڈھونڈ ڈھونڈ کر ایشیا سے یورپ لیجاتے۔ اور اپنے میوزیم اور لائبریریوں کو اُن سے زیب و زینت دیتے ہیں۔

کیا دیوان مخفی شہزادی کا دیوان نہیں

ہم اس جگہ دیوان مخفی کا انتخاب دینا چاہتے ہیں۔ کلام مخفی پر کسی قسم کی رائے ظاہر کرنا مقصود ہے۔ بلکہ ہمکو اسوقت اسبات کی تحقیقات کرنا ہے۔ کیا دیوان مخفی جو طبع ہو چکا ہے اور ہندوستان میں اسوقت بھی دستیاب ہوتا ہے۔ آیا شہزادی نواب زیب النساء کے کلام کا مجموعہ ہے یا کیا۔
مذکورہ بالا مسئلہ میں لوگوں کی رائیں ہیں۔ ایک فریق اسے زیب النساء کا کلام بتاتا ہے۔ اور دوسرا فریق کہتا ہے کہ نہیں۔ یہ کلام شہزادی کا کلام نہیں۔ اب ہمارا یہ کام ہونا چاہیئے۔ کہ انصاف کی ترازو میں ان دونوں فریقوں کے بیانات کو نہایت متانت اور راستی کیساتھ کانٹے کی تول تولیں۔ اور نہایت تسلّی بخش فیصلہ صادر کریں۔
دوسرا فریق جو دیوان مخفی کو زیب النساء کا کلام تسلیم نہیں کرتا۔ اپنے دلائل حسب ذیل قایم کرتا ہے۔
(۱) زیب النساء پڑھی لکھی تو بیشک تھی۔ اور شعر بھی کہتی تھی۔ مگر نہ ایسی کامل فن کہ دیوان مخفی اسکا دیوان تسلیم کیا جائے۔
(۲) دیوان مخفی ایک ایرانی استاد معروف بہ رشتی کا کلام ہے۔ نہ کہ زیب النساء کا۔ یہ راستہ ہے کار پرداز ان مطبع منشی نولکشور کی۔ چنانچہ دیوان مخفی مطبوعہ نولکشور پریس

لکھنؤ کے آخری صفحہ پر جو ساتواں ایڈیشن ہے۔ عبارت ذیل تحریر ہے۔

دریں ایام خجستہ آغاز ہمایوں انجام (کلام) بلاغت نظام شاعر عالی مقام و سخنگوئے فلک احتشام۔ سرآمد شعرائے نامی صاحب زبان تخلص رشتیٔ معروف بہ دیوان مخفی کہ بہ سبب مرغوبی کلام تاہنگام بہ ہزاران خواستگاری مشتاقان زیں پیشتر ششش بار در لکھنؤ بطبع برگرفتہ بود۔ حالا ہماں سلسلہ آئین آرائش پذیرفتہ آویزہ گوش روزگار گردید۔

(۳) ایک بزرگ فرماتے ہیں۔ کہ مخفی محمد شاہ رنگیلے کی کسبی کا نام ہے۔ اور یہی اسکا تخلص۔ وہ کہتے ہیں۔ کہ یہ کسبی اصل میں یوروپین تھی۔ ایک ایسی گھم گھمالی گون میں اپنا جسم لپیٹے رکھتی تھی۔ اور ایک نقاب میں اپنا چہرہ چھپائے رکھتی تھی۔ کہ اسکا نام ہی محمد شاہ نے مخفی رکھدیا۔ یہ عورت شہر سورت میں پیدا ہوئی تھی۔ جہاں اسکے والدین نے یوروپ سے آکر اقامت اختیار کرلی تھی۔ یہ لوگ سوداگر تھے۔ اور سوداگری کی چیزیں لاکر دربار شاہی میں باریاب ہوتے تھے۔ اس عورت کی خواہش تھی۔ کہ میں محمد شاہ کی بیگم بنجاؤں۔ اور آخرکار اپنے ارادے میں کامیاب ہوگئی۔ محمد شاہ نے جب اسکو دیکھا۔ پہلی ہی نظر میں لٹو ہوگئے۔ اور حرم میں داخل کرلیا۔ یہ غیر معمولی طور پر حسین تھی۔ اور فارسی زبان پر اسقدر قادر ہوگئی تھی۔ کہ گویا یہ زبان اسکی مادری زبان ہے۔ اسکا نام تو کچھ اور تھا۔ مگر حرم میں داخل ہوکر مخفی پڑگیا تھا۔ اسکا ذہن رسا اور طبیعت تیز تھی۔ اثر صحبت سے اشعار بھی موزوں کرنے لگی چونکہ یہ ناچتی۔ گاتی اور سارنگی وطبلہ بجاتی تھی۔ گاہے گاہے ساقی کا عہدہ بھی اسکے سپرد ہوجاتا تھا۔ اسلئے گو وہ حرم میں رہتی تھی۔ لیکن بیویوں کی فہرست میں اسکو نہیں شمار کیا گیا تھا۔" وغیرہم" یہ بیان ہے مرزا حیرت کا۔

(۴) دیوان مخفی جو چھپ کر شایع ہوچکا ہے۔ یہ زیب النساء بیگم کا نہیں۔ کیونکہ کسی تاریخ یا تذکرہ میں اسکے تخلص دیوان کا ذکر نہیں۔ اسکی تائید میں کہنے والا کہتا ہے۔ کہ مولوی غلام علی آزاد صاحب تذکرہ ید بیضا اپنے دیسی تذکرہ میں لکھتے ہیں۔ کہ "ایں دو بیت از نام او مسوع شدہ" اسکے نیچے دو اشعار نقل کئے ہیں۔ قائل نتیجہ نکالتا ہے۔ کہ اگر اسکا دیوان ہوتا۔ تو وہ صرف دو شعر کا ذکر کیوں کرتے۔ علاوہ اسکے اس بیان کی تائید وہ ایک اور حوالہ سے کرتے ہیں۔ اور وہ یہ ہے۔ کہ "احمد علی سندیلوی کی تصنیف سے ایک تذکرہ ہے۔ مخزن الغرائب نام۔ اسکے مصنف نے نہایت کثرت سے نئے و پرانے فارسی تذکرے بہم پہنچا کر انسے حالات و اشعار انتخاب کئے چنانچہ زیب النساء کے حال میں لکھتے ہیں۔ کہ "اما دیوان اشعار جائے بہ نظر نیامدہ۔ مگر در تذکرہ انتخابش بہ نظر آمدہ۔

لیکن اعتبار نہ شاید بسبب آنکہ اکثر شعرا را ساتذہ صاحب آں تذکرہ بنام بیگم نوشتہ بود۔

مولانا شبلی نعمانی جن کی رائے کا خلاصہ اس نمبر میں بیان نہیں کیا گیا ہے۔ یہ بھی فرماتے ہیں کہ "اس سے انکار نہیں ہو سکتا۔ کہ وہ شاعرہ تھی۔ لیکن معلوم ہوتا ہے۔ کہ اسکا کلام ضائع ہوگیا ہے۔

آؤ اب ہم ان مذکورہ بالا چاروں بیانوں پر تنقیدی نظر ڈالیں۔ اور اصول روایت و درائیت کے کانٹے میں ان کا وزن کریں۔

نمبر اوّل میں شہزادی کو "خواندہ اور شاعرہ تو مانا گیا ہے۔ لیکن بوجہ اسکے کہ دیوان مخفی اُستادانہ کلام ہے۔ اسے کلام زیب النساء تسلیم کرنے سے انکار ہے"

یہ اعتراض اسی قسم کا اعتراض ہے۔ جیسا کہ اولڈ فیشن خیال کے لوگ کہا کرتے ہیں۔ کہ۔ جناب عورتیں کس طرح مردوں کے برابر ہو سکتی ہیں۔ وہ تو ناقص العقل پیدا کی گئی ہیں۔ انکے دل و دماغ جوہر عقل سے عاری ہیں۔ انکے حق میں ہی بہتر ہے۔ کہ انہیں جہالت کے کمرہ میں بند رکھا جائے۔ انہیں تعلیم دینا دیوانہ کے ہاتھ میں چھری دینے سے کم نہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ لیکن مشاہرہ لیکن مشاہدہ اور تجربہ یہ کہتا ہے کہ ان میں سے ایک بھی بات راستی کے قریب نہیں۔ عورتیں بیشک مردوں کی برابری کر سکتی ہیں۔ ہرگز وہ ناقص العقل نہیں۔ انکے دل و دماغ بھی تعلیم و تربیت سے ویسے ہی روشن ہو سکتے ہیں۔ جیسے کہ مردوں کے۔ یہ مردوں کی جہالت ہے۔ کہ انکی تعلیم کو دیوانہ کی چھری بتلاتے ہیں۔ یورپ جا کر ملاحظہ فرمائیے۔ کونسا کام باقی رہ گیا۔ جو عورتیں نہیں کرتیں۔ دوکانداری۔ کلرکی۔ گھڑ سواری۔ معلمی۔ غرضیکہ ہر ایک کام نہایت خوبی سے انجام دیتی ہیں۔ عورتیں شہر اغرسانی تک کرتی ہیں۔ اور بعض وقت تو مردوں کے بھی کان کتر جاتی ہیں۔

پس اس منطق کا وزن کیجئے۔ کہ "چونکہ کلام مخفی اعلےٰ درجہ کا ہے۔ اس لئے وہ کلام زیب النساء نہیں ہو سکتا۔ یہ وہی بات ہے۔ جیسے کوئی کہے۔ کہ نورجہاں۔ رضیہ بیگم۔ سیتا جی۔ پدمنی چونکہ عورات تھیں۔ لہٰذا ہم ان کے اوصاف کے قائل نہیں۔ جو انسے منسوب کئے جاتے ہیں۔ لیکن نہیں ایسے اصحاب سے شاکی ہونے کا بھی کوئی حق نہیں ہے۔ کیونکہ ؎

گر نہ بیند بروز شپرہ چشم
چشمۂ آفتاب را چہ گناہ

پھر مزہ کی بات یہ ہے کہ باوجود شہزادی کے خواندہ اور شاعرہ تسلیم کرنے کے اس کے دیوان سے انکار ہے۔ حالانکہ یہ دونوں باتیں اثبات دعوےٰ کی ممد ہیں۔ دیکھئے اس گئے گذرے زمانہ

میں بھی شاعرہ اور مضمون نگار عورتیں پائی جاتی ہیں۔ پس ایک عظیم الشان شہزادی کا صاحب دیوان ہونا کیا کوئی حیرت کی بات ہے۔ جبکہ ہمکو یہ تسلیم ہے کہ اسکی تعلیم بھی نہایت اعلے پیمانہ پر ہوئی تھی
دوسرے نمبر میں کہا گیا ہے۔ بات بھی وہی ہے۔ جو پہلے نمبر میں بیان ہوئی ہے۔ اسکی تہ کے اندر بھی وہی اصول پوشیدہ ہے۔ کہ چونکہ یہ کلام اعلےٰ پایہ کا ہے۔ اسلیئے وہ ایک ناقص العقل عورت کا کلام نہیں ہوسکتا۔ اسکے ساتھ یہ بھی بتایا گیا ہے۔ کہ وہ رشتی ایرانی کا کلام ہے۔ جس اصول پر اسے زیب النساء کا کلام نہیں مانا جاتا۔ اسکی تنقیح تو ہمنے اوپر بخوبی کردی ہے۔ لہذا آپ اسپر مکرر نظر ڈالنا تحصیل حاصل ہوگا۔ لیکن ہمیں اسبات کا پتہ لگانا ضروری ہے کہ کیا یہ ایک ایرانی شاعر کا کلام ہے۔

ہمیں افسوس ہے کہ کارپردازان مطبع نے اس دیوان کو رشتی کا کلام تو بتلایا تھا لیکن اسکا ثبوت کوئی بھی نہیں دیا گیا۔ دعوے بے دلیل نہیں۔ اگر وہ سچے تھے۔ تو انہیں اسکا ثبوت پیش کرنا تھا۔ بات یہ ہے کہ انکے پاس اسکی کوئی دلیل ہی نہیں ہے۔ اور دعوے بے دلیل کا وزن ناظرین خود کر سکتے ہیں۔

پھر یہ بات کیسی مہمل ہے کہ "دیوان مخفی" "دیوان رشتی" ہے۔ اگر شاعر کا تخلص رشتی تھا تو پھر مقطوں میں مخفی کیوں لایا گیا۔ اور اگر یہ کہا جائے۔ کہ دونوں تخلص اسی کے تھے۔ تو یہ بھی درست نہوگا۔ کیونکہ دیوان مخفی اوّل سے آخر تک پڑھا جائے۔ کہیں رشتی تخلص نہ آئیگا۔ جہاں آئیگا مخفی ہی آئیگا۔ مرزا نوشہ پہلے اسد تخلص کرتے۔ بعد میں غالب اختیار کیا۔ انکا دیوان دیکھو پرانی غزلوں میں پہلا اور نئی غزلوں میں دوسرا تخلص موجود ہے۔ بعض اوقات ایک شاعر ایک ہی وقت میں دو تخلص بھی اختیار کرسکتا ہے۔ اور اسکی شہادت ہمارے پاس موجود ہے۔ لیکن اسکی وجہ کوئی نہ کوئی ضرور ہوتی ہے۔ یاد ش بخیر سید مرتضیٰ میر بھی دو تخلص کرتے تھے۔ بیان اور یزدانی۔ لیکن التزام یہ تھا کہ اردو کلام میں اوّل الذکر اور فارسی کلام میں ثانی الذکر لاتے تھے۔ اور ہمیشہ یہی قاعدہ رکھا۔ لیکن مد رشتی کے متعلق ایسا نہیں کہا جا سکتا۔ کیونکہ اسکی شاعری صرف ایک زبان مین ہی تھی۔ اسلیئے مخفی اور رشتی کا ایک ہی ہونا کوئی عاقل دماغ تسلیم نہیں کرسکتا۔ اسکے معنی یہ ہیں کہ دیوان مخفی کلام رشتی نہیں۔ یہ محض یار لوگوں کا فقرہ ہے جب دیوان رشتی کا تو ہو نہیں سکتا۔ اور اسکے مقابلہ میں ہنوز کسی نے کوئی اور نام پیش کیا۔ تو لامحالہ۔ وہ محض کلام زیب النساء ہی ہوسکتا ہے۔
اب ہم تیسرے اعتراض کا وزن کرتے ہیں۔ ناظرین کیا آپ کو معلوم ہے کہ یہ خیال کس

جدت طراز طبع کی ایجاد ہے۔ اگر آپ کو معلوم نہیں تو ہم بتلاتے ہیں۔ یہ مرزا حیرت کا حیرت انگیز خیال ہے جو بالکل اسکے مصداق ہے۔ کہ "ایجاد بندہ اگرچہ گندہ" کون مرزا حیرت۔ وہی نا جنکو حضرت امام حسین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی شہادت سے انکار ہے۔ اور (لعنت اللہ علی الکاذبین) امام صاحب کا فرار ہوجانا اور قسطنطنیہ انکے مزار کی موجودگی بیان فرماتے ہیں۔ وہی مرزا حیرت جو آئے دن ایک نہ ایک نیا شوشہ گھڑ لیا کرتے ہیں۔ تاریخی واقعات کی تصنیف تو انکے بائیں ہاتھ کا کرتب ہے۔ جسکی تفصیل ناظرین نے اخبارات میں ملاحظہ فرمائی ہوگی۔ ان باتوں سے لکھنے والے کی پوزیشن اور صداقت بیانی کا اندازہ کر لیجیے۔ مرزا صاحب کو بھی دیوان مخفی کے کلام زیب النسا ہونے سے انکار ہے۔ اور اسکے مقابلہ میں وہ اس دیوان کو ایک کسبی کا دیوان بتاتے ہیں۔ غضب ہے کہ ایک اہل زبان۔ تعلیمیافتہ شہزادی جسکی تعلیم و تادیب اعلےٰ پیمانہ پر ہوئی ہو۔ اور جسکی اُستادی کا فخر بڑے بڑے یگانۂ روزگار فضلا اور عالی مرتبہ شعرا کو حاصل ہو۔ وہ شہزادی جیکا باپ شہنشاہ اورنگ زیب ایک فاضل اور علم دوست حکمران ہو جسکی دادی نورجہاں نے اپنی قابلیت کا سکہ تمام ہندوستان پر بیٹھا دیا ہو۔ وہ تو صاحب دیوان نہ ہوسکے۔ مگر بقول قائل ایک یورپین نژاد کسبی جسکی زبان میں بعد المشرقین ہو۔ وہ ہندوستان میں آکر رہے۔ شہر صورت اسکا مستقر ہو۔ وہ محمد شاہ رنگیلے کی بغل گرم کرے۔ گائے۔ ناچے۔ اور جسکی اثر صحبت سے اُسپر ایسا جادو ہوجائے۔ کہ اشعار موزوں کرنے لگے۔ صاحب دیوان ہوجائے۔ اور دیوان بھی کیسا۔ دیوان مخفی جیسا۔ کہ جو شہزادی زیب النسا جسکی مادری زبان فارسی تھی۔ اسکا نہیں ہوسکتا۔ مگر اور کسی کا ہوسکتا ہے۔ ذرا اُن متضاد بیانات کا وزن کیجیے۔ کیا اس راستی میں ذرہ برابر کذب کا بھی پتہ لگتا ہے۔ بالکل وہی بات ہے۔ کہ جو ایک من اناج میں انتالیس سیر گوبر۔ باقی آٹا ہی آٹا۔ اسی طرح اس بیان میں جھوٹ اور سچ کی نسبت ہے۔ بلکہ راستی کو اسمیں اسقدر دخل دینا بھی مبالغہ سے خالی نہ ہوگا۔ ع

بہ بیں تفاوت رہ از کجا است تا بہ کجا

اب ہمکو نمبر ۲ پر نظر ڈالنی ہے۔ اور یہاں ہمیں ذرا متانت اور مستقل مزاجی سے کام لینا ہوگا کیونکہ ہمارا مدمقابل کوئی معمولی آدمی نہیں ہے۔ اور پھر وہ میدان میں بھی اسلحہ زیب تن کرکے آیا ہے۔ اس لئے ہمیں زیادہ مستعدی کی ضرورت ہے۔

پہلی بات قابل غور یہ ہے کہ کسی تذکرے سے زیب النسا کے دیوان اور تخلص کا پتہ نہیں لگتا گویا اسی بنا پر دیوان مخفی کے کلام زیب النسا ہونے سے انکار کیا جاتا ہے لیکن یہاں اس بات کو نظر انداز

کر دینے کی کوئی وجہ نہیں۔ کہ جس زمانہ کے یہ واقعات ہیں۔ اسوقت تاریخ یا سوانحعمری ان اصولوں پر نہیں لکھی جاتی تھی جس پر کہ آج اُنیسویں صدی میں کاربند ہونا گویا اشد ضروری سمجھا جاتا ہے۔ بلکہ نہایت وثوق کیساتھ کہا جاسکتا ہے۔ کہ اس زمانہ میں بیوگرافی کا رواج ہی نہ تھا۔ اگر ایک دو تذکروں کو چھوڑ کر نظر ڈالی جائے۔ تو معلوم ہو کہ جن اساتذہ کے طول طویل دیوان ہمیں ملتے ہیں۔ اُنکی سوشل زندگی کا ایک ... بھی معلوم نہیں ہوتا جو مولانا شبلی اسبات کے اپنے آرٹیکلوں میں شکوہ سنج رہتے ہیں۔ پس جب یہ حال ... تو تذکرات میں دیوان اور تخلص کا ذکر نہ ہوتا۔ اسبات کی دلیل نہیں ہوسکتی۔ کہ ان دونوں کے وجود سے بھی انکار کیا جائے۔ مگر مولانا یہ بھی فرماتے ہیں۔ کہ وہ شاعرہ تھی۔ اور اچھی شاعرہ تھی۔ لیکن معلوم ہوتا ہے۔ کہ اسکا کلام ضایع ہوگیا۔ گویا مولانا کو اسکے صاحب دیوان ہونے سے انکار نہیں۔ بس اتنی بات ہے۔ کہ وہ دیوان مخفی کو دیوان زیب النسا تسلیم کرنے کیلئے تیار نہیں۔ مگر مولانا نے یہ نہ بتایا۔ کہ پھر آخر دیوان مخفی کس کی تصنیف ہے۔ افسوس ایسے اہم مسئلہ میں مولانا کا صرف اسقدر تحریر کر دینا کہ معلوم ہوتا ہے کہ اسکا کلام ضایع ہوگیا۔ موجب تسکین نہیں ہوسکتا۔ پھر جب ہم دیکھتے ہیں۔ کہ تاریخی تحقیقات میں مولانا کا کس قدر پایہ بلند ہے۔ تو ہمیں اور بھی مایوسی ہوتی ہے۔ اور کئی ضمنی سوالات قابل حل رہ جاتے ہیں کہ (۱) دیوان مخفی دیوان زیب النسا کیوں نہیں۔ (۲) جب وہ صاحب دیوان تھی۔ تو موجودہ دیوان اسکا دیوان کیوں نہ سمجھا جائے۔ (۳) اسکے اصلی کلام کے ضایع ہونے کا تاریخی ثبوت کیا ہے۔ کیا ہم اُمید کریں۔ کہ ہمارے فاضل مولانا ان باتوں پر غور کرنے کی تکلیف گوارا فرمائینگے۔ اور اپنی معرکتہ الآرا تحقیقات سے پبلک کو فایدہ پہنچائینگے۔ دوسری بات قابل توجہ مولانا غلام علی آزاد صاحب تذکرہ بیضا کا بیان ہے۔ جو تحریر فرماتے ہیں "ایں دوست از نام او مسموع شدہ" اور وہ دونوں اشعار یہ ہیں:- ۵

بشکند دستے کہ خم در گردن یارے نشد	کور بہ چشمے کہ لذت گیر دیدارے نشد
صد بہار آخر شد و ہر گل بہ فرقے جا گرفت	غنچہ باغ دل از زیب دستارے نشد[۵]

آزاد نے صرف مذکورہ بالا دو اشعار سُنے۔ یہ بیان بہت صاف ہے۔ مگر اس سے زیب النسا کے دیوان یا اور کلام کی نفی مطلق لازم نہیں آتی۔ کیونکہ وہ اسبات کا تذکرہ نہیں کرتے۔ کہ شہزادی کا اور کلام یا دیوان سرے سے ہی نہیں۔ بلکہ وہ بیچارہ تو اپنی محدود معلومات کا سادگی سے اعتراف کرتے ہیں اب اس بیان سے جو کوئی یہ نتیجہ اخذ کرے۔ کہ واقعی ان الفاظ سے دیوان و کلام کی نفی مطلق ہوتی ہے۔

[۵] کہتے ہیں کہ شہزادی کے کسی دل چلے ہمعصر شاعر نے اس پر مصرعہ "پیر شد زیب النسا لیکن خریدارے نشد" لگاکر اسکو مخمس کر لیا تھا۔

تو ناظرین ایسے شخص کی نسبت شاید مجھسے بہتر رائے قایم کرسکتے ہوں۔

تیسری بات جس پر اعتراض کی بنا کو مضبوط بنایا گیا ہے۔ یہ ہے کہ صاحب تذکرہ مخزن الغرائب اپنے اس تذکرہ میں تحریر فرماتے ہیں۔ کہ "اما دیوان اشعارش بہ نظر نیامدہ۔ مگر در تذکرہ انتخابش بہ نظر آمدہ۔ لیکن اعتبار را نشاید بسبب آنکہ اکثر شعرا اساتذہ آں تذکرہ بنام بیگم نوشتہ بود۔"

ترجمہ:- (مینے) اسکے اشعار کا دیوان نہیں دیکھا۔ مگر تذکرہ میں کلام کا انتخاب تاہم یہ قابل اعتبار نہیں۔ کیونکہ اکثر وہ شعرا جنکا کلام اس تذکرہ میں درج ہے۔ بیگم کے نام پر لکھتے تھے۔

اس عبارت سے کئی باتوں کا پتہ چلتا ہے۔ اول یہ کہ صاحب تذکرہ نے بچشم خود دیوان نہیں دیکھا۔ مگر خیال رہے کہ ان الفاظ سے بھی نفی مطلق نہیں ہوتی۔ بلکہ ٹپکتا ہے کہ اس دیوان کا چرچا اس زمانہ میں ضرور تھا۔ یہ اور بات ہے۔ کہ صاحب مخزن الغرائب اسے نہ مانیں۔

دوسری بات جیسا اس بیان سے یہ معلوم ہوتی ہے۔ قرینہ سے نہیں۔ بلکہ صاف طور سے بلا اشتباہ کہ مولوی احمد علی صاحب نے "کلام کا انتخاب بچشم خود دیکھا۔ اور اس سے ہمارے خیال کی تائید ہوتی ہے۔ تیسری بات انکار کا سبب ہے۔ یعنی یہ کہ چونکہ اکثر شعرا شہزادی کے نام پر اشعار لکھتے تھے۔ اسلئے یہ تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ کہ وہ اشعار زیب النسا کے ہیں۔"

یہ وجہ بظاہر تو معقول معلوم ہوتی ہے۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ جس مطلب کیلئے یہ اسلحہ استعمال کیا گیا۔ اس کیلئے یہ کہاں تک کارآمد ہوسکتا ہے۔

ناظرین نے انہیں اوراق میں بیاض گم ہوجانے اور سہ قطعہ لکھکر شہزادی کے پیش ہونے کا واقعہ پڑھا ہوگا۔ مطلع سے لیکر مقطع تک ایک لفظ کو جانچو۔ تو کیا پھر کہو بھلا کہیں بھی اس میں اشتباہ ہوتا ہے کہ یہ قطعہ زیب النسا کا کہا ہوا ہے۔ بلکہ صاف پایا جاتا ہے۔ کہ وہ معذرت خواہی کی غرض سے شہزادی کی خدمت میں پیش کیا گیا تھا پھر طرز کلام دیوان مخفی سے کسقدر مختلف ہے۔ اور وہ ایک خاص امتیاز اور حد فاصل قایم کر رہا ہے۔

اب ان باتوں پر یکجائی طور پر نظر ڈالو۔۔۔ تو کیا یہ نتیجہ نہیں نکلیگا۔ کہ مختلف شعرا کے کلام ایک رنگ اور ایک طور کا جیسا کہ دیوان مخفی ہے نہیں ہوسکتا ہے۔ مختلف شاعر سب کے سب مخفی تخلص اختیار کرسکتے ہیں جیسا کہ اس دیوان کے ہر ایک مقطع میں موجود ہے۔ بلکہ ضروری ہے کہ دیوان مخفی کا مصنف ایک ہی شخص ہے۔ اور وہ زیب النسا کے سوا اور کون ہوسکتا ہے۔

اب تک جو کچھ لکھا ہے۔ وہ اعتراضات کا جواب ہے۔ گویا جو الزامات تھے انکو سر سے

اُتارا گیا ہے۔ کیا ہم اس سے زیادہ کچھ نہیں کرسکتے۔ کیا ہم اپنے اثبات دعوے کیلئے اس سے زیادہ قوی دلائل نہیں لاسکتے۔ اچھا دور کیوں جائیں آؤ دیوان مخفی سے ہی اسکی کیوں نہ شہادت لیں۔ شے متنازعہ فیہ اپنے مالک کا پتہ عمدگی کیساتھ بتاسکتی ہے۔ اور اسکی شہادت قابل وثوق بھی ہوتی ہے۔

اب ہم دیوان مخفی پر ایک سرسری نظر ڈالنا چاہتے ہیں۔ اور یہ تلاش کرتے ہیں۔ کہ اسکو شہزادی زیب النساء کیساتھ کیا تعلق ہے۔ اور کیا وہ تعلق مالک و مملوک کا تعلق ہوسکتا ہے۔

پہلی شہادت قطعہ ذیل اُسی دیوان میں موجود ہے جسے رشتی شاعر یا دیگر کسی مرد شاعر کا بتایا جاتا ہے لیکن تعصب سے علیحدہ ہوکر غور کیجیے۔ کہ کیا ایک شاعر مرد ہوکر اپنے آپ کو دختر شاہ کہہ سکتا ہے۔ اور کیا ایک مرد اپنے حسن و جمال کی پردہ داری کرسکتا ہے۔ کیا وہ اسطرح اپنے پردہ کا نقشہ دکھاسکتا ہے۔ قطعہ ملاحظہ ہو۔ ؎

بلبل از گل بگذرد گر در چمن بیند مرا		بُت پرستی کے کند گر برہمن بیند مرا
ہمچو بوئے نہاں شدم در بوئے گل مانند گل		ہر کہ دیدن میل دارد در سخن بیند مرا

کہتے ہیں کہ کسی شہزادے نے زیب النساء کے مقابلہ میں طرحی غزل کے اندر یہ شعر پڑھا۔ کہ ؎

ترا اے مہ جبیں بے پردہ دیدن آرزو دارم

حلالت ہے حسنت را رسیدن آرزو دارم

جسکے جواب میں شہزادی نے مذکورہ بالا قطعہ پڑھکر جواب دیا۔ یہ قصہ خواہ غلط ہو یا صحیح ہمیں اس سے اس مقام پر بحث نہیں لیکن یہ کون کہہ سکتا ہے۔ کہ اس قطعہ کا لکھنے والا شہزادی زیب النساء کے سوائے کوئی اور ہوسکتا ہے۔ قطعہ خود پکار رہا ہے۔ کہ میں زیب النساء کی زبان اور اسکی حالت کا نقشہ ہوں۔ کسی شاعر کی کیا مجال کہ وہ تمام اوصاف اپنے آپ میں جمع کرکے دکھائے۔ پس یہ کلام اور وہ تمام جسکے ساتھ یہ قطعہ آیا ہے اُسی علم دوست شہزادی کا ہے۔ جسکا تذکرہ لکھنے کا آج ہم بھی فخر حاصل کر رہے ہیں۔

دوسری شہادت شہزادی فرماتی ہیں۔ اور کیا صاف فرماتی ہیں۔ بجائے تخلص کے پورا نام لاکر کمال فن کا اظہار کیا ہے کہتی ہیں۔ کہ ؎

دختر شاہم ولیکن رو بہ فقر آوردہ ام

زیب و زینت بس ہمینم نام من زیب النساء ست

دیکھو اور غور سے دیکھو۔ بالکل اپنی حالت اور جذبات دلی کا نقشہ کھینچدیا ہے۔ دختر شاہ ہونے

سے کون انکار کرسکتا ہے۔ مگر شہزادی کی طبیعت پر جو سادگی اور دنیا کی بے ثباتی کا نقش بنگیا تھا وہ بھی اس سے ظاہر ہوتا ہے۔ تذکروں سے پایا جاتا ہے کہ زیب النساء نہایت سادہ اور عموماً سفید لباس پہنتی تھی حتّٰی کہ عین عالم شباب میں بھی یہی رنگین لباس بہت کم استعمال کیا ہے۔ ایسی حالت کا نقشہ کھینچتی ہیں کہ مذیب و زینت یہی کافی ہے۔ کہ میرا نام زیب النساء ہے۔ اور بس! کیا اس سے بڑھکر کوئی اور صاف شہادت ہوسکتی ہے تخلص کی بجائے پورا نام موجود ہے۔ متقدمین اکثر بجائے تخلص کے پورا نام لانا کمال فن سمجھتے تھے۔ اسی وجہ سے ممکن ہے۔ کہ شہزادی نے پورا نام لانے کی کوشش کی ہے۔

تیسری شہادت حافظ کی غزل پر ایک تضمین لکھی ہے۔ اور خوب لکھی ہے۔ پوری تضمین تو انتخاب کلام میں ملاحظہ فرمائیے۔ فی الحال ایک بند ملاحظہ ہو جسکا درج کرنا اس جگہ مفاد سے خالی نہ ہوگا۔ فرماتی ہیں۔ کہ ؎

عاشق نشان داغ خود از داغ لالہ خواست		مخمور نشہ از مے صاف و پیالہ خواست
زیب النساء مراد خود از آہ و نالہ خواست		زاہد شراب کوثر و حافظ پیالہ خواست
	تا در میانہ خواستہ کردگار چیست	

کیا کوئی صاحب دل و دماغ کہہ سکتا ہے۔ کہ اس مخمس کا لکھنے والا زیب النساء کے سوا کوئی اور ہے۔ اور اگر با این ہمہ کوئی دل ہٹ دھرمی پر آجائے۔ تو ہم اسکے دل و دماغ کے افعال کے ذمہ دار نہیں اسکو اس سے قبل کہ اسبارہ میں رائے زنی کرے۔ اوّل کسی طبیب یا ڈاکٹر سے رجوع کرنا چاہیئے۔

اہل نظر غور سے ملاحظہ فرمائیں۔ اشعار ذیل سے بھی پتہ چلتا ہے کہ یہ کلام کسی عظیم الشان شخص کا ہے۔ نہ کہ کسی معمولی آدمی کا۔ ؎

گرچہ من لیلےٰ اساسم دل چو مجنوں در ہوا است
سر بصحرا مے رسم لیکن حیا زنجیر پا است

اس شعر سے یہ بھی پتہ چلتا ہے۔ کہ شاعر ایک حسین اور ذی رتبہ عورت ہے۔ ؎

بادشاہ حسن آخر شد اسیر قید زلف
نیزہ موئے آفتاب و در بدام مو گرفت

شاعرانہ لطائف و نکات

ایک روز صبح کا سہانا وقت تھا نسیم کے ہلکے ہلکے جھونکے ایک طرف زلف سنبل کو پریشان

کلئے دیتے تھے۔ تو دوسری طرف کھلے ہوئے پھولوں کو گدگداتے تھے۔ اسوقت شہزادی زیب النسا مصروف سیر چمن میں اسکے ساتھ املی ایک خواص آمانی تھی۔ شہزادی نے اُسی وقت مصرعہ کہا۔ ع

اے امانی گل صد رنگ چہ را مے خندد

موزوں کرکے گویا امانی سے جواب طلب کیا تھا۔ کہتے ہیں۔ کہ یہ خواص بھی طبع موزوں رکھتی تھی۔ چند لحہ کے فکر کے بعد فی البدیہہ عرض کیا۔ ع

بر لقائے خود بر غفلت ما مے خندد

شہزادی نے فوراً سینہ سے لگا لیا۔ اور اسکا منہ چوم لیا۔ اسکے اعزاز میں بہت افزونی کی۔

ایک بار مشاعرہ میں مصرعہ طرح۔ ع

"صبا را شرم مے آید بروئے گل نگہ کردن"

تجویز ہوا۔ بہت سے شاعروں نے تظمین کی مگر شہزادی کی تظمین خصوصیت سے قابل داد ہے کہتی ہیں ؎

صبا را شرم مے آید بروئے گل نگہ کردن

کہ رخت غنچہ را نتواں ز ہم نتوانست وا کردن

نقل کرتے ہیں۔ کہ ایک روز شہزادی کے دل پر ایک بکری کو دردزہ کی تکلیف میں مبتلا دیکھکر خاص اثر پڑا۔ اسکی طرف دیکھکر کہنے لگیں ؎

اے صدف تشنہ چرا بہر سوائے نیساں منگر

ہر یک قطرہ آب کہ شکم تشگا فند

کہتے ہیں کہ ایک روز شہزادی باغ میں مصروف گلگشت تھی صبح کا ٹھنڈا وقت تھا۔ سبزہ پر نظر لوٹ ہوئی جاتی تھی۔ پھول علیحدہ بہار دکھارہے تھے۔ ایسے لطف میں شہزادی کی زبان سے بے ساختہ نکل گیا ؎

چہار چیز دل از غم برد۔ کدام چہار

شراب و سبزہ و آب رواں و روئے نگار

شہزادی بار بار اس شعر کو پڑھتی تھی۔ اور مزے لیتی تھی۔ کہ ناگہاں شہنشاہ اورنگ زیب چھپکے سے آموجود تھے۔ شہزادی کا وہ حال تھا۔ کہ کاٹو تو لہو نہ تھا بدن میں۔ کیونکہ باپ کی متشرع طبیعت اور خشک مزاجی سے واقف تھی۔ مگر فوراً حواس درست کرکے مضمون شعر کو بدل دیا۔ اور اس طرح پڑھنے لگی ؎

چہار چیز ز دل غم برد کدام چہار
نماز و روزہ و تسبیح و توبہ استغفار

ایک بار مشاعرہ میں طرح ہوئی۔ ع
"در ابلق کسے کم دیدہ موجود"
کئی شاعروں نے اسکو تضمین کیا لیکن حق تضمین پورے طور پر شہزادی نے ہی ادا کیا کہتی ہیں۔ ؎
در ابلق کسے کم دیدہ موجود
مگر اشک بتاں سرمہ آلود

ایک روز شہزادی چمن میں جلوہ آرا تھی۔ کچھ دل میں آیا۔ تو ایک نرگس کا پھول کلغی پر لگا لیا۔ اسپر ایک طبیعت دار خواص نے فی البدیہہ شعر ذیل پڑھ سنایا۔ ؎
نرگس زدہ بر سر از شوق تو نرگس
خم کردہ رخ خویش کہ رخسار تو بیند
شہزادی بھلا کب خاموش رہنے والی تھیں فوراً موزوں کرکے جواب دیا۔ ؎
ایں نہ نرگس کہ تو دیدی بسرم دلبر من
بتماشائے تو بیروں شدہ چشم از سر من

ایک بار مشاعرہ میں یہ مصرعہ تجویز ہوا کہ ع
آتشِ حسرت ز ہجرت در دلِ بلبل گرفت
ملاحظہ کیجیے۔ کہ تضمین میں شہزادی نے کیا غضب کیا ہے۔ ؎
در چمن خار جفائش ہمدمے با گل گرفت
آتشِ حسرت ز ہجرت در دلِ بلبل گرفت
نقل کرتے ہیں کہ ایک بازیگر دربار شاہی میں اپنے کرتب دکھا رہا تھا۔ اسکے بعد اسکی حسین بیوی کی باری آئی۔ یہ عورت بانس پر چڑھ گئی۔ اور اوپر قلا بازیاں کھانے لگی۔ حاضرین نقش دیوار بنگئے۔ اسوقت کسی شاعر نے یہ شعر فوراً موزوں کرکے بآواز بلند پڑھا۔ ؎
ایں لعبت بوالعجب چہ ماہے پیداست
یا تازہ گل بر سرِ شاخ رعنا است
شہزادی بھی چلمن سے یہ تماشا دیکھ رہی تھیں۔ اس نے کہنے والے کا شعر بھی سنا۔

اور فوراً ایک اور شعر موزوں کر کے باہر بھجوا دیا۔ ؎

سینہ نے غلط است کا فتاب محشر
بر نیزہ برآمد و قیامت برپاست

کہتے ہیں کہ کم سنی کے زمانہ میں کئی الڑھ لڑکیاں جمع تھیں۔ ان میں ایک شہزادی زیب النساء بھی تھیں۔ کمرہ کی دیوار میں ایک سوراخ تھا اس میں ایک لکڑی ڈالکر ادھر سے ادھر کرتی تھیں۔ اور کہتی تھیں۔ اور بار بار نیمے دروں نیمے بروں کہکر قہقہہ لگاتی تھیں۔ اسی عالم میں اس طرف کو شاہجہاں (شہزادی کے دادا) بھی آگئے۔ لڑکیوں کو گھورنے لگے۔ شہزادی نے باادب عرض کیا کہ ؎

از ہیبت شاہجہاں لرزد زمین و آسماں
انگشت حیرت در دہاں نیمے دروں نیمے بروں

ذیل کے مصرعوں پر شہزادی نے کیا اچھے مصرعے لگائے ہیں۔ ناظرین غور سے ملاحظہ فرمائیں ؎

مصرعہ ہائے طرح	مصرعہ ہائے تظمین
لخت لخت جگرم مضمحل آید بروں	گرم اشعلہ آہے ز دل آید بروں

مصرعہ ہائے طرح	مصرعہ ہائے طرح
دلیراں را دلیری لعب مرداں بیشتر آید	کہ چرم گرگ شیر افگن پس از مردن پیر باشد

نقل کرتے ہیں کہ ایک بار شہزادی زیب النساء نے ایک لونڈی ملاں صاحب کے پاس بھیجی۔ کہ اسے اپنی خدمت میں رکھئے۔ مگر وہ کنیز ملاں صاحب کے مذاق کی نہ تھی۔ اسلئے ایک طویل قطعہ اسکی ہجو میں لکھکر شہزادی کے پاس بھیجدیا۔ اور کنیز کو بھی واپس کر دیا۔ اس قطعہ کا پہلا شعر یہ تھا۔ ؎

قدر دانشور شناسا۔ نور چشم عالما
ایکہ ہرگز قدرت ہم حیثیت ہوا نہ داشت

باقی اشعار بوجہ فحش ہونے کے نقل نہیں کیئے گئے۔ کہتے ہیں۔ کہ اس قطعہ میں "قاب قوسین او ادنیٰ" کا قافیہ فحش موقعہ پر استعمال کیا گیا تھا۔ مگر یہ روایت نہایت کمزور معلوم ہوتی ہے۔ بزرگ ملاں اس قسم کی خفیف الحرکاتی کا مرتکب نہیں ہو سکتا تھا۔ اور پھر وہ بھی اپنی آقا شہزادی کے سامنے۔

شہزادی کے ہمعصر شعراء

شہزادی کے کلام کا مقابلہ اسکے ہمعصر شعراء سے تو کسی دوسرے مقام پر کیا ہے۔ اب ہم

اس جگہ اُن کے حالات اختصار کے ساتھ بیان کرتے ہیں۔

ناصر علی سرہندی خاک پاک سرہند ان کا مولد تھا۔ علی تخلص کرتے تھے۔ شاعری والد سے میراث میں پائی تھی۔ مگر انہوں نے اس ترکہ کو بڑی ترقی دی۔ فارسی زبان انکے گھر کی لونڈی بن گئی تھی۔ حالانکہ یہ ہندی نژاد تھا۔ مگر خیال کے ایسے آزاد تھے۔ کہ تنگی۔ ترشی۔ محنت۔ فاقہ سب کچھ منظور۔ مگر مجال ہے کہ کسی امیر کی ڈیوڑھی تک چلے جائیں۔ امرا تمنائیں کرتے تھے۔ آدمی بھیجتے تھے۔ مگر انکی آن بان ہی اور تھی۔ پھر صوفیانہ مذاق نے تو گویا ان کو فقیر ہی بنا دیا تھا۔ طبیعت بالکل بے نیاز واقع ہوئی تھی۔

نواب ذوالفقار خان اس عہد میں سرہند کے ناظم تھے۔ خود تو شاعر نہ تھے۔ مگر شعر و سخن کے رسیا بڑے تھے۔ یہ ہزاروں تدبیر کر چکے تھے۔ کہ گھڑی بھر کے لئے علی ان کے محل میں آکر کلام سُنا جائیں۔ مگر علی تو خدا کے ولی تھے۔ وہ کس کی سُنتے تھے۔

ان دنوں ایک اور شاعر جو "برہمن" تخلص کیا کرتا تھا۔ نوابصاحب کے دربار میں آیا تھا۔ نوابصاحب نے کہا۔ کہ کبھی کسی طرح علی کو لاؤ۔ چنانچہ وہ علی کے جھونپڑے پر گیا پہلے ادھر اُدھر کی باتیں کرتا رہا۔ پھر شعر و سخن کا چرچا رہا۔ کچھ سنایا۔ کچھ سُنا۔ پھر اصل مطلب زبان پر لایا۔ میر صاحب انکار کرتے رہے۔ اور بار بار یہی کہا۔ کہ بابا میں فقیر ہوں۔ مجھے دربار سے کیا تعلق۔ مگر برہمن نے نہ چھوڑا۔ اپنے ساتھ لے ہی چلا۔ دربار میں پہنچے۔ تو نوابصاحب نے بڑی عزت سے ملاقات کی۔ مگر ابھی گفتگو کی نوبت نہ آئی تھی۔ کہ محل سے لونڈی نے آکر یہ منحوس خبر سُنائی۔ کہ نوابصاحب کی اکلوتی بیٹی نے وفات پائی۔ انکو مجبوراً زنانخانہ میں جانا پڑا۔ گئے تو سہی۔ مگر میر صاحب کے بے نیاز مزاج سے واقف تھے۔ اسلئے اُلٹے ہی پاؤں واپس آئے۔ مگر میر صاحب اس سے پہلے ہی یہ جا وہ جا اڑنچھو ہو گئے۔ نوابصاحب کی زبان سے بیساختہ یہی نکلا۔ کہ بھئی کوئی جانا۔ وہ تو میری خبر لے ڈالیگا۔ حضرت برہمن ہی میر صاحب کو مسلمان بنانے چل دیئے۔ دیکھا تو میر صاحب واقعی آستین چڑھائے ہوئے ہجو نویسی میں مصروف ہیں۔ حضرت برہمن بھی اپنے فن کے ایک ہی تھے۔ جھٹ انکے ہاتھ سے قلم لے لیا۔ اور کہنے لگے۔ چہ خوش است علی ہو کر ذوالفقار کی ہجو۔ میر صاحب اس فقرہ پر پھڑک اُٹھے۔ اور کہنے لگے۔ کہ مجھے مقدور نہیں۔ ورنہ تو جو مانگتا اسی وقت دیتا۔ اب بھی جو کچھ میرے قبضے میں ہے۔ اس سے دریغ نہیں۔ برہمن تو حرفوں کے بنے ہوئے تھے۔ کہ بس میرے ساتھ نوابصاحب کے دربار میں ایکبار اور چلئے۔ اور اس ہجو کو مدح بنا لیجئے میر صاحب

مجبور ہوئے۔ اور ہجو کو پھاڑ کر مدح لکھکر دربار میں پیش کی۔ نوابصاحب خوش ہو گئے۔ انعام واکرام عطا کیا۔ مدحیہ قطعہ حسب ذیل ہے۔

اے شان حیدری ز جبین تو آشکار ۔۔۔ نام تو در نبرد کند کار ذوالفقار
دشمن کش جہانی و یک دست پروری ۔۔۔ فتح و ظفر بہ بخت تو مستند در قطار
تسخیر دوستاں الہی نمودہ ۔۔۔ اے نو بہار خلق تو بر بوئے گل سوار
مرغ دلم بہ نیم نگہ صید کردۂ ۔۔۔ اے طائران عرش فند تگ تو شہسوار
ترسم کہ دور از بوئے فرقت جنوں شود ۔۔۔ آں دل کہ تیر دوز دلی من بہمن سپار
ناصر علی تراز تو خواہد مراد بس ۔۔۔ اے ابر فیض بر ہمہ عالم گہر بہار

مرزا محمد علی صائب انہی ایام میں مرزا صائب ایران سے ہندوستان آئے۔ طبیعت اچھی پائی تھی۔ نواب ذوالفقار خان نے اپنی خدمت میں رکھ لیا۔ انکی نظمی کیساتھ چھیڑ چھاڑ شروع ہوئی۔ بعض لوگوں کا بیان ہے کہ نوابصاحب نے محض اسی لئے ایران سے بلوایا تھا۔ کہ ناصر علی سے انتقام لیا جائے۔ واللہ اعلم بالصواب۔

دربار دہلی میں شہزادی زیب النساء کی سخن سنجی کی بدولت ملک الشعرائی کا عہدہ پھر بحال ہونیوالا تھا۔ شہنشاہ اورنگ زیب اگرچہ موسیقی کیطرح شاعری کو بھی دربار سے رخصت کر چکا تھا۔ مگر اپنی عزیز بیٹی کی خاطر پھر آشنا و تلاش کیا جانے لگا۔ اور یہ مژدہ جانفزا سنکر ایران سے کشمیر سے اور ہندوستان کے مختلف حصص سے شعرا دہلی کی طرف آنے آئے۔ نواب ذوالفقار خان کی سفارش سے برہمن اور ناصر علی بھی دربار میں طلب ہوئے۔ اول برہمن کو غزل سنانے کا حکم ہوا۔ اسنے تعمیل کی جب مقطع کا شعر پڑھا کہ ؎

مرا دلے است بکفر آشنا کہ چندیں بار
بکعبہ بردم و بازم برہمن آوردم

تو شہنشاہ کے تیور چڑھ گئے۔ اگرچہ یہ محض شاعرانہ خیال تھا۔ اور برہمن تخلص کی رعایت سے نکالا گیا تھا۔ مگر خوب نکالا گیا تھا۔ نہ کہ واقعات کو اس سے کوئی تعلق تھا۔ مگر عالمگیر جیسے پابند شریعت کی ذات سے یہ کب امید ہو سکتی ہے کہ ایسے کلمات کفر کو سنتا۔ اور خاموشی کیساتھ پی جاتا۔ برہمن کی غزل خوب اور تمام کی تمام صحیح لیکن شہنشاہ کبیدہ خاطر ہو گیا۔ اور اسکی طرف سے منہ پھیر لیا۔ کہتے ہیں۔ کہ عین اسوقت ناصر علی نے دست بستہ عرض کی کہ جہاں پناہ اگر برہمن با وصف بار بار کعبہ

جلنے کے برہمن ہی رہا۔ تو کون تعجب کی بات ہے۔ کیونکہ بقول سعدی ؎

خر عیسیٰ اگر بہ مکہ رود
چوں بیاید ہنوز خر باشد

اس لطیفہ میں شہنشاہ کو ہنسی آگئی۔ اور برہمن کا قصور معاف ہوگیا۔

اسکے بعد میر صاحب کی غزل سنانے کا نمبر آیا۔ میر صاحب نہایت قادر الکلام تھے۔ اس لئے انکی غزل کا پُرزور رہنا ایک معمولی بات تھی۔ چنانچہ دربار والے انکے کلام کو مان گئے۔ کہتے ہیں کہ شہزادی نے اسمیں تامل کیا۔ چنانچہ اگلے روز اسی ضمن میں غزل لکھکر سنائی تو دربار کے سامعین نے اسے میر صاحب کی غزل پر ترجیح دی۔

گو میر صاحب اُستاد تو مقرر نہ ہوئے۔ مگر اتنا فایدہ ضرور ہوا۔ کہ درباری شاعر مقرر ہوگئے اور انکو معقول وظیفہ ملنے لگا۔ اُجڑی ہوئی بزم سخن نئے سرے سے سرسبز ہوگئی۔ مشاعرہ قائم ہوا طرحی غزلیں لکھی جانے لگیں۔ اور آپس میں ہمعصرانہ چوٹیں ہونے لگیں۔ جنکے بغیر واقعی بزم سخن پھیکی رہتی ہے۔

ناصر علی صائب۔ برہمن کے علاوہ اس دور میں اور بھی کئی اچھے شاعر تھے جنکے مختصر حالات ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔ مگر یہ لوگ دہلی کے نہ تھے۔ بلکہ مختلف مقامات کے تھے جیسا کہ ان کے حالات سے معلوم ہوگا۔

ملاں طاہر المتخلص غنیؔ ملاں طاہر نام غنیؔ تخلص۔ وطن کشمیر۔ شیخ محسن فانی کے شاگرد رشید تھے۔ انکا کلام نہایت پُرزور ہے۔ اسلئے خوب سند قبولیت حاصل کی ہے۔ باوجود ہندی نژاد ہونے کے ایرانی شعراء نے بھی اُنکے کمال کو تسلیم کیا۔ اصل بات یہ ہے کہ اگلے بڑے انصاف پسند ہوتے تھے وہ خواہ مخواہ اپنی بات کے بلند کرنے کے درپے نہ ہوتے تھے۔ چنانچہ مرزا صائب جو بڑے طبیعت دار تھے۔ غنی سے فرمایا کرتے تھے۔ کہ تمہارے ایک شعر کے عوض میں میں اپنا تمام دیوان دینے کو تیار ہوں وہ شعر یہ ہے کہ ؎ حسن سبز تو بخط سبز مرا کرد اسیر

دام ہمرنگ زمیں بود گرفتار شدم

نہایت عزت سے بسر کرتے تھے۔ مگر کشمیر سے قدم باہر نہ رکھا۔ دربار دہلی سے ہرچند طلبی ہوئی سیف خان حاکم کشمیر نے ہرچند منت و سماجت کی۔ مگر تو بہ لیش سے مس نہ ہوئے۔ اس نے کہدیا کہ شہنشاہ کو لکھدو۔ کہ غنی دیوانہ ہوگیا۔ اسنے کہا کہ مجھسے یہ کیسے ہوسکتا ہے۔ کہ تجھسے عاقل شخص کو دیوانہ کہوں

حضرت نے یہ شکر دیوانہ وار کپڑے پھاڑ دیئے ۔ اور کہا لو اب تو کچھ کسر باقی نہ رہی ۔ گو وہ نہایت عسرت و تنگدستی سے بسر کرتے تھے ۔ مگر طبیعت نہایت قناعت پسند لائے تھے ۔ مرتے گئے ۔ مگر کبھی کسی امیر و زیر کی ڈیوڑھی نہ دیکھی ۔ اللہ اللہ کیا آن بان والے لوگ تھے ۔ شعر ذیل سے انکے اندرونی جذبات کا قدرے پتہ چلتا ہے ۔ فرماتے ہیں ۔ ؎

فکر روزی بر نمیدارد مرا از جائے خویش
آبرو چوں شمع میریزم ولے برپائے خویش

انکے انہیں خیالات کا یہ اثر تھا ۔ کہ مزاج حد درجہ کا آزاد ہو گیا تھا ۔ زمانہ سازی نام کو نہ تھی ۔ جو بات کہتے تھے ۔ بالکل صاف بے لاگ لگاوٹ ۔ راستی کا دامن ہرگز نہ چھوڑتے تھے ۔ چنانچہ ناصر علی نے ایکبار اُن سے اپنے کلام کے متعلق دریافت کیا ۔ کہ اسکی نسبت آپ کیا رائے رکھتے ہیں ۔ تو آپ کے مندرجہ ذیل دونوں اشعار لکھکر حوالے کئے ۔ اس سے زیادہ صفائی اور کیا ہو سکتی ہے ؎

گر رتبہ شاعری خود بہ پُرسی از من	گویم سخن با تو بیچ اے کودن
بر بر درتے کہ کردہ مشق سخن	چوں لوح زباں شوی زآب دہن

عاقل خان رازی یہ بھی شاہزادی کا ہمعصر شاعر تھا ۔ مگر چونکہ اسکا قیام دہلی نہیں ۔ بلکہ لاہور میں تھا ۔ لہٰذا مشاعرہ میں شریک نہ ہو سکتا تھا جب باسی کوسی طرح پہنچتی ۔ ہفتہ کے بعد غزل لکھکر بھیجتا ۔ مگر وہ لطف کہاں ۔ کسی اور مقام پر اسکے حالات ہمنے کسیقدر تفصیل کیساتھ لکھے ہیں ۔ اس لئے یہاں اعادہ کرنے کی ضرورت نہیں ۔

بہروز مذکورہ بالا شعرا کے علاوہ شہزادی کا ہمعصر ایک شاعر بہروز بھی تھا جس کے حالات باوجود تجسس کے ہمیں اس سے زیادہ نہ مل سکے ۔ کہ وہ دربار دہلی میں موجود تھا طرحی غزلیں لکھتا تھا اور بس ۔

نعمت خان عالی یہ بھی ہمعصر شاعروں میں سے تھا ۔ مگر انہیں غزلیں لکھنے کا بہت کم اتفاق ہوا ۔ معلوم ہوتا ہے ۔ انکی ایک تضمین ملاحظہ ہو ۔ ؎

ہلال عید چوں ابروئے آں دلبر نماند
اگر ماند شبے ماند شب دیگر نماند

ہمنے کسی دوسرے مقام پر شہزادی زیب النسا کے ہمعصر شعرا کا مقابلہ اسکے ہمعصر شعرا کے کلام سے کیا ہے ۔ اسلئے ہم فی الحال اس عنوان کو بند کرتے ہیں ۔ انکا ایک قطعہ کسی دوسرے موقع پر درج ہے ۔ جو انہوں نے ابر کنے کے خیمہ کی تعریف میں لکھکر شہزادی زیب النسا کی خدمت میں پیش کیا تھا ۔ اسکے

علاوہ اور اشعار بھی کسی اور جگہ تحریر کئے گئے ہیں۔

مرزا حیرت کی زٹل

(عذاب دثواب بہ گردن راوی) مرزا صاحب لکھتے ہیں۔ کہ ان سے اد۔ فخر زٹلی ہے
اپنا تخلص اپنا تخلص آپ رکھا تھا۔ مگر آگے چلکر لکھتے ہیں۔ کہ شہزادی زیب النساء نے اُسے
زٹلی خطاب دیا تھا جو حضرت نے بہت خوشی سے اسے قبول کر لیا۔ اور کہا یہ بڑے فخر کی بات ہے کہ
میرے نام کے پیچھے بھی ذل ہے۔ اور زیب النساء کے آغاز میں بھی۔

سو جعفر زٹلی کے چند اشعار حسب ذیل ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے:

کہتا ہے [illegible] — [illegible] مرید

بہ فکر دقیق تو صد آفریں — پیتی ہیں تو سالکان زمیں

تو ہم مفتی خوب سالک گہر — اگرچہ منم در زٹل نامور

معاصرین کے کلام سے مقابلہ

غزل زیب النساء

بر[illegible] از شرح [illegible] خوباں لقاب — [illegible] بر پائے تو سر آفتاب

در فراقت زندگانی چوں کنم یارب بگو — غم قوی [illegible] دل ناتواں جانم خراب

خود گرفتم با غم عشق تو باید زیستن — ہر نفس سازے پر دہش تو در راہ حساب

کامرانی گر کنی عشقی شمائی عمر خویشتن — گریہ بجید۔ نالہ بجید سینہ بریاں دل کباب

غزل میر ناصر علی سرہندی

بسکہ حیثیت ریخت در پیمانہ حیرت شراب — چوں شفق بر روئے گردوں ماند تو آفتاب

مردمک از دیدہ بیرون آید از شوق رخت — روئے بہ تماشا گر دو خانہ مردم خراب

پردہ ہا سوئے دیدہ خواہم از میاں برداشتن — میتواں کردن تماشائے تو امشب بے حجاب

ہر دل ریشم نمک از خندہ پاشیدن چرا — مرغ آتش خوار در آتش نخواہد شد کباب

اہل ذوق ملاحظہ فرمائیں۔ کہ مطلعے دونوں اپنے اپنے رنگ میں لاجواب ہیں ہر دو مضامین
[illegible] خوبی سے ادا کیا ہے۔ اور "آفتاب" کا قافیہ مضمون میں لایا گیا ہے۔ شہزادی کے دوسرے

شعر میں نہایت زور موجود ہے۔ مگر علی کے دوسرے شعر کا مضمون اچھوتا ہے۔ ع

"مردمک از دیدہ بیرون آید"

اور "مردم خطاب" پر غور کیجئے تیسرے شعر میں "حباب" کا قافیہ ناصر علی نے زیادہ خوبی سے چسپاں کیا ہے۔ چوتھا شعر جو شہزادی کا ستاع ہے۔ گو وہ خوبی میں کم نہیں۔ لیکن انصاف یہ ہے کہ علی نے "کباب" کا قافیہ خوب باندھا ہے۔ اور مضمون میں نہایت دقت نظر اور نازک خیالی سے کام لیا ہے لیکن ہمیں یہاں یہ بات نظر انداز نہ کر دینی چاہیئے کہ ہم ایک عورت کے کلام کا مقابلہ ایک قادر الکلام اُستاد سے کر رہے ہیں۔ انصاف یہ ہے۔ کہ شہزادی کی نکتہ سنجی بہرحال قابل داد ہے۔

غزل زیب النساء

غم می‌کشد ز دلی اے دوستاں خدارا — شاید نہفتہ ماند ایں راز آشکارا

مارا چو موم بگداخت ایں آتش محبت — تا چند باشدت دل در سینہ سنگ خارا

مستی و تنگدستی بدنام خلق سازد — با طرز شد چہ نسبت درویش بے نوارا

کشتی عمر بشکست در بحر ناامیدی — مشکل کہ باز بینم آن یار آشنارا

حاصل نشد چو گلہے کامے ز تیر تدبیر — تدبیر را گذارم گردن نہم قضارا

بگذشت موسم گل شد نالہائے بلبل — تاکے شراب مستی یا ایہا السکارا

اے خسرو زمانہ بکشا دو چشم بنگر — در نامۂ سکندر احوال ملک دارا

برباد رفتہ در غم یاراں ذخیرہ عمر — باشد کہ گردش چرخ فرصت دہد شمارا

دور روزہ مہر گردوں افسانہ است افسوں — نیکی بجائے یاراں فرصت شمار یارا

غزل حافظ

دل می‌رود ز دستم صاحب دلاں خدارا — دردا کہ راز پنہاں خواہد شد آشکارا

سرکش مشو کہ چوں شمع از غیرتت بسوزد — دلبر کہ در کف او موم است سنگ خارا

ہنگام تنگدستی در عیش کوش و مستی — کیں کیمیائے ہستی قاروں کند گدارا

کشتی شکستگانیم اے باد شرطہ برخیز — باشد کہ باز بینم آں یار آشنارا

در کوئے نیکنامی مارا گذر نہ دادند — گر تو نمی‌پسندی تغییر کن قضارا

در حلقۂ گل و مل خوش خواند دوش بلبل — ہات الصبوح ہبوا یا ایہا السکارا

آئینۂ سکندر جام جم است بنگر — تا بر تو عرضہ دارد احوال ملک دارا

شہزادی زیب النساء کی غزل کا حافظ صاحب کی غزل سے مقابلہ کرنے پر سرسری نظر میں معلوم ہوجاتا ہے۔ کہ شہزادی نے حافظ صاحب کی غزل سامنے رکھکر لکھی ہے۔ ایسی صورت میں اگر دوسرا شاعر بعض مضامین چھپے نکال لے۔ یا انہیں قوافی کو نشست اور عمدگی سے دکھا دے تو یہ تعجب کی بات نہوگی کیونکہ

نقاش نقش ثانی بہتر کشد ز اول

لیکن باایں ہمہ شہزادی کے تمام اشعار حافظ صاحب سے بڑھ نہیں گئے ہیں۔ ان کی تفصیل ذیل میں ملاحظہ فرمایئے۔

شعر اوّل: مضمون تقریباً دونوں شاعروں نے ایک ہی قسم کا اختیار کیا ہے تاہم حافظ کے الفاظ میں چستی، بیساختگی اور ایک قسم کا درد پایا جاتا ہے۔ بر خلاف اسکے شہزادی کے شعر میں خوشہ چینی کی بو آتی ہے۔ اور اسکی اہمیت اسوقت اور بڑھ جاتی ہے۔ جبکہ ہم یہ خیال کرتے ہیں۔ ایک شاعر ایک غزل کو سامنے رکھکر غزل کہہ رہا ہے۔

شعر دوم: دوسرے شعر میں "سنگ خارا" کا قافیہ نہایت خوبی سے بیان کیا ہے مضمون بھی نہایت پاکیزہ نکالا ہے۔ طبیعت لڑ گئی۔ خدا کی دین ہے جسے دے۔

شعر سوم: گویا حافظ صاحب کے شعر کا جواب ہے۔ یا یوں کہیے۔ کہ انکے خیالات کی تردید کرتا ہے۔ حافظ جی کہتے ہیں کہ تنگدستی میں عیش پرستی ہی ایک نسخہ ہے۔ جو گدا کو بھی بادشاہ بنا سکتی ہے۔ زیب النساء اسکی تردید کرتی ہیں۔ کہ تنگدستی اور مستی رند کو تنگدستی میں مستی، باعث بدنامی ہے غریب بیچارا بادشاہ کی کب برابری کرسکتا ہے۔ بقول شخصے کہ کیا پدی اور کیا پدی کا شوربا۔ یہ تو وہی بات ہے۔ کہ کوا چلا ہنس کی چال۔ شہزادی کو اخلاقی حیثیت سے حافظ جی پر نکتہ چینی کا خوب موقع ملگیا۔ اور ایسی نکتہ چینی جائز بھی ہے۔ اور فائدہ سے بھی خالی نہیں۔

شعر چہارم: دونوں شعروں کا مضمون یکساں ہے۔ اہل نظر بنظر تعمق سے اختلاف طبع کے نازک جذبات کا امتیاز خود ہی ملاحظہ فرمائیں۔

شعر پنجم: حافظ جی کا بڑی آن بان کا ہے۔ خدا سے کہتے ہیں۔ یہ تو سچ ہے۔ کہ میں نیکی کی رہگذر سے لیکن اگر تجھے یہ بات پسند نہیں۔ تو اس تقدیر کو بدل دے۔ گویا وہ نہایت بلاغت کیساتھ لطیف پیرایے میں فرماتے ہیں۔ کہ جب انسان فعل مختار نہیں۔ تو اسکے لئے سزا جزا کیوں۔

شہزادی کہتی ہیں۔ کہ میری کوئی تدبیر راس نہ آئی۔ اسلئے راضی برضا ہوگئی جیسے کہ کوئی آدمی متواتر کوشش کرتا ہے۔ مگر ناکامی کے سوا کبھی کامیابی کا اسے روشن چہرہ دکھائی نہیں دیتا۔

مجبوراً وہ پاؤں توڑ کر بیٹھ رہتا ہے - اور کہنے لگتا ہے - کہ یار وہ تو ہماری تقدیر میں ہی نہیں - اسی طرح شہزادی نے اس شعر میں مجبورانہ و معذورانہ لہجہ اختیار کیا ہے - اور ان دونوں شعروں میں نازک اور باریک امتیاز ہے -

شعر ششم :- اسمیں مضامین مختلف اختیار کئے گئے ہیں - اور اپنی اپنی جگہ دونوں خوب ہیں - اور شاید وقت نظر سے کام لینے سے یہ بھی نظر آجائے - کہ شہزادی نے حافظ صاحب کے خیالات کی تردید کی تردید کی ہے - کہتی ہیں کہ فصل گل بھی گذر گئی - بلبل کے نالہ بھی ختم ہوئے - اے شرابیو یہ مستی کب تک کئے جاؤ گے - بات معقول ہے - وقت وقت کی بات ہوتی ہے - ایک وقت میں ایک کام اور ایک کام کے لئے ایک وقت ہونا ضروری ہے -

شعر ہفتم :- مضمون ایک ہے - مگر دو پہلوؤں سے باندھا گیا ہے - صاحبان طبع سلیم اس لطیف اور نازک امتیاز کو ملاحظہ فرمائیں -

شعر ہشتم :- گو مضامین مختلف اور قوافی میں مختلف ہیں - لیکن پھر بھی دونوں میں ایک نہایت لطیف تعلق موجود ہے - جو اہل نظر کو وجد میں لا سکتا ہے - شہزادی کہتی ہیں - کہ ہماری عمر تو غم ہی غم میں ختم ہو گئی کاش انکو ہی فرصت ہو کہ احباب کی صحبت کا حظ حاصل کر سکو - حافظ صاحب فرماتے ہیں - کہ موافقت چرخ واقبالمندی اور روزہ ہے - اسلئے موجودہ وقت کو غنیمت سمجھو - اور دوستوں کی صحبت سے کچھ لطف اٹھائے چلو - یا اب تم میں طاقت ہے - کچھ نیک عمل کر لو - شاید آئیندہ تمہیں اسکی مہلت نہ مل سکے -

زیب النساء مخفی

باغ و بہار - آب روان این چہار چیست	دلبر بکام بادہ بکف انتظار چیست
فرصت شمر غنیمت و داد نشاط دہ	حیران این خیال ز انجام کار چیست
ممکن چو نیست دیدن آئندہ مراد	چندین شکایت از ستم روزگار چیست
مخفی بقدر طاعت ما گر عطا کنند	در روز محشر رحمت پروردگار چیست

حافظ شیرازی

خوشتر ز عیش و صحبت باغ و بہار چیست	ساقی کجا است گو سبب انتظار چیست
ہر وقت خوش کہ دست دہد مغتنم شمار	کس را وقوف نیست کہ انجام کار چیست
پیوند عمر بستہ بموئیست ہوشدار	غمخوار خویش باش غم روزگار چیست
سہو و خطائے بندہ گرش نیست اعتبار	معنئ عفو و رحمت پروردگار چیست

شعر اوّل :- حافظ صاحب فرماتے ہیں ۔ کہ عیش صحبت باغ و بہار سے بہتر اور کیا ہے ۔ ساقی کو بلاؤ ۔ کہ اب انتظار کس بات کا ہے یعنی تمام ضروریات مہیا ہو چکیں ۔ دور چلے ۔ شہزادی کہتی ہیں ۔ کہ باغ و بہار ہے ۔ آب رواں ہے ۔ مطلوب ہے ۔ جام ہاتھ ہیں ہے ۔ پھر انتظار کس بات کا ! ۔ ہاں صحبت گرم ہو ۔ دونوں شاعروں نے ایک ہی مضمون کو کسقدر نازک امتیاز کے ساتھ باندھا ہے ۔ اور ایسے فرق کو صاحب ذوق سلیم طبع ہی بخوبی محسوس کر سکتی ہے ۔ شہزادی کا مضمون کسی قدر بلند معلوم ہوتا ہے ۔

شعر دوم :- دونوں شاعروں کا مضمون و مفہوم تقریبًا ایک ہی ہے ۔ فرماتے ہیں ۔ کہ ہمیں انجام کار کا تو پتہ نہیں ۔ کہ کیا ہوگا ۔ پھر کیوں وقت فرصت کو غنیمت سمجھکر داد عشرت نہ دیجائے ۔

شعر سوم :- حافظ فرماتے ہیں ۔ کہ عمر کو کوئی قرار نہیں ۔ اسلئے "تجھکو پرائی کیا پڑی اپنی نبیڑ تو" زمانہ کے شکوہ شکایت کیا پہلے اپنی تو خبر لے ۔ زیب النسار کہتی ہیں ۔ کہ جب کامیابی ہمارے اختیار میں نہیں ہے ۔ تو پھر آسمان کی شکایت سے کیا حاصل ! ۔ اہلِ نظر دونوں اشعار کے نازک و باریک امتیاز کو نظر انداز نہ فرمائیں ۔

شعر چہارم :- حافظ جی کو دور کی سوجھی ہے ۔ کہتے ہیں ۔ کہ اگر بندوں کے سہو و خطا رضا کے اختیار سے باہر ہیں ۔ یعنی انسان اسکی مرضی کے خلاف اپنی ہی مرضی سے افعال کرتا ہے ۔ تو پھر عفو و مشیت پروردگار کے کیا معنی ۔ یہ مضمون شعر ذیل میں درج ہے ۔ ؎

در کوئے نیکنامی مارا گذر نہ دادند
گر تو نمے پسندی تغییر کن قضا را

